Annie, before the announcement (اعلان) of old man's death, tries to turn Fred out of the house only due to her confidence (اعتماد) in Ovens. Later on, Fred turns out Annie only due to the will of the old man, Ovens. So, willy nilly (خواہ مخواہ), Ovens controls the actions of both the important characters of the play ; Fred and Annie.

Ovens is dead even before the start of the play. Yet he, as we have seen in detail, controls the action of the characters of a strange way. Even in the end, he is seen there all alone as if he is the "sole" (تن تنہا) master of the house, Fred and Annie are long away from the place. Thus, in a quite strange and mysterious way, dead and old Ovens remains the most important figure of the play. We can therefore, say that he is the real hero of the play : "The Master of the House" by W. S. Houghton.

★★★★

(قائداعظم محمد علی جناحؒ)

پاکستان (کے مطالبے) کی بنیادی وجوہات

(صفحہ 7) برطانوی حکومت، برطانوی پارلیمنٹ اور سب سے زیادہ برطانوی قوم پچھلے کئی عشروں سے ہندوستان کے مستقبل سے متعلق (ذہنوں میں بعض) پہلے سے طے شدہ اور پرورش شدہ خیالات رکھتے چلے آئے ہیں جن کی بنیاد ان کے اپنے ملک کے ایسے پیش آمدہ حالات اور واقعات پر ہے جنہوں نے برطانوی آئین کی تشکیل کی ہے جو اب دو ایوانی پارلیمنٹ اور کابینہ کے نظام کے ذریعے عمل پذیر ہوتا ہے۔ سیاسی جماعتوں کے ذریعے عمل پذیر ہونے والے جماعتی نظام کا ان کا تصور ان کی نظر میں ہر ملک کے لیے حکومت کی بہترین شکل کی مثالی صورت اختیار کر چکا ہے اور اس یکطرفہ اور طاقتور پروپگنڈے نے، جو فطری طور پر ان کے اپنے نظریات سے مطابقت رکھتا ہے۔ انہیں ایک فاش غلطی کرنے پر (یعنی، حکومت ہند کے ایکٹ مجریہ 1935ء کی شکل میں (ہندوستان کے لیے) ایک آئین کا تصور دینے پر مجبور کر دیا ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ برطانیہ کے ممتاز ترین سیاسی راہنماؤں نے انہی نظریات کی روشنی میں خاصی سنجیدگی سے یہ بیانات دیئے ہیں اور یہ امید ظاہر کی ہے کہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ہندوستان میں (موجود) مختلف متضاد عناصر ہم آہنگ ہو جائیں گے۔

(صفحہ 8) حکومتِ ہند کے ایکٹ مجریہ 1935ء کے بارے میں "دی لندن ٹائمز" جیسے ممتاز اخبار نے لکھا ہے: "بلاشبہ ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان اختلافات

صرف مذہب کے لغوی معنوں تک محدود نہیں بلکہ یہ قانون اور ثقافت سے بھی اتنے متعلق ہیں کہ یہ کہا جاسکتا ہے کہ یہ دو مکمل طور پر نمایاں اور علیحدہ تہذیبوں کی نمائندگی کرتے ہیں تاہم وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ توہمات ختم ہوجائیں گے اور ہندوستان میں ایک متحد قوم وجود میں آجائے گی۔" چنانچہ "دی لندن ٹائمز" کے بقول یہ اختلاف صرف توہمات ہیں۔ ان بنیادی اور گہرے اختلافات کو جو روحانی، معاشی، سماجی اور سیاسی اختلافات ہیں، صرف توہمات کہہ کے ٹال دیا گیا ہے۔ لیکن یقیناً ان خیالات کو صرف "توہمات" قرار دینا برِصغیر ہندوستان کے ماضی کی تاریخ اور ہندومت کے بمقابل اسلامی معاشرے کے بنیادی تصوّرات کو مکمل طور پر نظر انداز کرنے کا نتیجہ ہے۔ جو قومیں ایک ہزار سال تک نزدیکی رابطے کے باوجود ہمیشہ کی مانند آج بھی ایک دوسرے سے اتنی ہی دور ہیں، ان کے بارے میں یہ توقع نہیں کی جاسکتی کہ وہ ایک جمہوری آئین کی پابندی میں بندھ کر اور برطانوی پارلیمانی قانون کے غیر فطری اور مصنوعی اقدامات کے ذریعے ایک قوم بن جائیں گی۔ وہ مقصد جسے ہندوستان کی واحد حکومت ۱۵۰ برس کے دوران حاصل نہ کرسکی۔ ایک مرکزی وفاقی حکومت کے قیام سے کیسے حاصل کیا جاسکتا ہے؟ یہ بات باور نہیں کی جاسکتی کہ اس طرح سے قائم شدہ حکومت کے حکم یا فرمان کا احترام پورے برِصغیر کی ساری قومیں رضامندی اور وفاداری سے کریں گی۔ ہاں، اگر اس کی پشت پناہی مسلح افواج کر رہی ہو تو بات دوسری ہے۔

(صفحہ ۹) ہندوستان میں (سیاسی) مسئلہ فرقہ وارانہ نوعیت کا نہیں بلکہ واضح طور پر بین الاقوامی نوعیت کا ہے اور اسے اسی روشنی میں پرکھا جانا چاہیئے۔ جب تک بنیادی اور اصل سچائی کا ادراک حاصل نہیں کیا جائے گا، اس وقت تک جو آئین بھی بنایا جائے گا وہ تباہی پر منتج ہوگا۔ اور نہ صرف مسلمانوں کے لیے تباہ کن اور نقصان دہ ہوگا، بلکہ انگریزوں اور ہندوؤں کے لیے بھی۔ اگر برطانوی حکومت اس برِصغیر کے

لوگوں کو سنجیدگی اور خلوص کے ساتھ امن اور مسرت سے ہمکنار کرنا چاہتی ہے تو ہم سب کے سامنے ایک ہی راستہ ہے اور وہ یہ ہے کہ ہندوستان میں بسنے والی (دو) بڑی اقوام کے لیے ہندوستان کو دو خود مختار قومی ریاستوں (یا مملکتوں) میں بانٹ کر انہیں الگ الگ وطن فراہم کر دیئے جائیں۔ اس امر کا کوئی سبب نہیں کہ یہ مملکتیں ایک دوسرے کی لازماً مخالف ہوں۔ بلکہ اس کے برعکس ملک میں سے ہر ایک قوم کی دوسری قوم سے مسابقت (یا رقابت) اور اس پر سماجی اور سیاسی برتری حاصل کرنے کی خواہش اور کوشش کا خاتمہ ہو جائے گا۔ ان دونوں مملکتوں (یا اقوام) کے درمیان بین الاقوامی معاہدات کے ذریعے فطری خیرسگالی کو فروغ حاصل ہوگا اور وہ اپنے ہمسایہ ممالک کے ساتھ مکمل ہم آہنگی کے ساتھ رہ سکیں گے۔ یوں مسلمانوں کے ہندوستان اور ہندوؤں کے ہندوستان کے درمیان باہمی دوطرفہ انتظامات اور مفاہمتوں سے اقلیتوں کا مسئلہ بھی بہت ہی آسانی سے حل ہو سکے گا۔ جس کے نتیجے میں مسلمان اور کئی دیگر اقلیتوں کے حقوق اور مفادات مناسب اور موثر طور پر محفوظ ہو سکیں گے۔

یہ سمجھنا بہت مشکل ہے کہ ہمارے ہندو دوست اسلام اور ہندومت کی اصل ہیئت کو سمجھنے میں کیوں ناکام رہے ہیں۔ یہ (دونوں مذاہب) صرف لغوی معنوں ہی میں مذاہب نہیں ہیں (صفحہ ۱۵) بلکہ درحقیقت (دو) مختلف اور علیحدہ علیحدہ سماجی نظام ہیں اور یہ محض ایک خواب ہے کہ ہندو اور مسلمان کبھی ایک مشترکہ قوم بن جائیں گے (یا بن سکیں گے) اور ہندوستان کی ایک قوم کی غلط فہمی اب حدود سے بڑی دور تک جا پہنچی ہے اور یہ آپ کی اکثر پریشانیوں کا سبب ہے اور اگر ہم نے اپنے نظریات بروقت درست نہ کر لیے تو یہ ہندوستان کو تباہی کی جانب لے جائے گی۔ ہندوؤں اور مسلمانوں کا تعلق دو علیحدہ علیحدہ مذہبی فلسفوں، سماجی رواجوں اور ادبوں سے ہے۔ ہندو اور مسلمان نہ تو آپس میں شادی کرتے ہیں، نہ مِل جُل کر کھانا کھاتے ہیں

اور درحقیقت وہ دو ایسی تہذیبوں سے تعلق رکھتے ہیں جو باہم متضاد خیالات اور نظریات پر مبنی ہیں۔ یہ امر صاف ظاہر ہے کہ ہندو اور مسلمان تاریخ کے مختلف دھاروں سے وجدان حاصل کرتے ہیں۔ ان کے رزمیہ کارنامے الگ الگ ہیں، بہادر لوگ (یا نمایاں افراد) الگ الگ ہیں اور (تاریخ کے) اہم واقعات الگ الگ ہیں۔ بیشتر اوقات ایک کا ہیرو دوسرے کا دشمن ہے، اسی طرح سے ان کی فتحیں اور شکستیں گڈمڈ ہو جاتی ہیں۔ دو ایسی اقوام کو جن میں سے ایک عددی لحاظ سے اکثریت میں ہے اور دوسری اقلیت میں ہے۔ ایک ایسی مملکت (کے بل) میں زبردستی اکٹھا جوت دینے کا نتیجہ روزافزوں بے چینی اور آخر کار اس مملکت کے لیے کسی بھی نظام حکومت کی یقینی تباہی کی صورت میں نکلے گا۔

تاریخ ہمیں (ناکام اتحاد کی) بہت سی مثالیں پیش کرتی ہے مثلاً برطانیہ عظمیٰ اور آئرلینڈ کا اتحاد یا چیکوسلواکیہ اور پولینڈ کا اتحاد۔ تاریخ ہمیں یہ بھی دکھا رہی ہے کہ برّصغیر سے بہت ہی چھوٹے بعض خطہ ہائے زمین جنہیں بصورت دیگر ایک ملک کہا جا سکتا تھا انہیں اتنی ہی مملکتوں میں بانٹ دیا گیا ہے (صفحہ ؟؟) جتنی اقوام وہاں پر رہتی ہیں۔ جزیرہ نمائے بلقان میں سات آٹھ خودمختار مملکتیں موجود ہیں۔ اسی طرح جزیرہ نمائے آئی بیریا پرتگیزوں اور ہسپانیوں کے مابین بٹا ہوا ہے۔ جبکہ ایک قوم اور ہندوستان کے اتحاد کے نعرے کے بل بوتے پر جس کا کہ درحقیقت کوئی وجود نہیں ہے، یہ کوشش کی جا رہی ہے کہ یہاں پر ایک مرکزی حکومت قائم کی جائے حالانکہ ہم جانتے ہیں کہ پچھلی بارہ سو سالہ تاریخ ہمیں اتحاد کے حصول میں ناکام نظر آتی ہے اور اس پورے عرصے کے دوران ہندوستان ہمیشہ ہندوؤں کے ہندوستان اور مسلمانوں کے ہندوستان میں (واضح طور پر) بٹا رہا ہے۔ ہندوستان کی موجودہ مصنوعی وحدت تو صرف برطانوی تسلّط کے دن سے شروع ہوتی ہے اور اسے برطانوی سنگینوں کی نوک

پر قائم رکھا گیا ہے۔ لیکن برطانوی دورِ حکومت کا خاتمہ جس کا شاہِ برطانیہ کی حکومت کے حالیہ اعلان میں بالواسطہ ذکر موجود ہے، مکمل طور پر انتشار کا آغاز کر دے گا اور اس کے نتیجے میں ایسی تباہی اور بربادی آئے گی جو ہندوستان میں ایک ہزار سالہ مسلم اقتدار کے دوران کبھی نہیں آئی تھی۔ برطانیہ اپنے ایک سو پچاس سالہ دورِ اقتدار کے خاتمے پر ہندوستان کو یقیناً یہ (بربادی) ورثے میں نہ دینا چاہے گا اور نہ ہی ہندو اور مسلمان اس تباہی اور بربادی کا خطرہ مول لینا چاہیں گے۔

ہندوستان کے مسلم علاقے کسی بھی ایسے آئین کو قبول نہیں کر سکتے جس کے نتیجے میں ہندوؤں کی اکثریت والی حکومت قائم ہو۔ اگر ہندوؤں اور مسلمانوں کو 'اقلیتوں پر بزور جمہوری نظام نافذ کر کے' اکٹھا کیا گیا تو اس کے معنے ہندوؤں کا تسلط ہوں گے۔ جس قسم کی جمہوریت پر کانگریس ہائی کمان فدا ہے، اس کا مطلب اس شے کی مکمل تباہی ہے جو اسلام میں سب سے زیادہ قیمتی ہے۔ پچھلے اڑھائی سال میں ہم نے صوبائی دساتیر کی عمل پذیری کا خاصا تجربہ حاصل کر لیا ہے (صفحہ 12) اور اس قسم کے کسی بھی نظام حکومت کی تکرار خانہ جنگی کی جانب لے جائے گی اور پرائیویٹ افواج کے قیام کی جانب لے جائے گی جیسا کہ سکھر کے ہندوؤں کو گاندھی جی نے کہا ہے کہ وہ تشدد یا عدم تشدد سے (ہر قیمت پر) اپنا دفاع کریں، حملے کا جواب حملے سے دیں اور اگر ایسا نہیں کر سکتے تو علاقے سے کوچ کر جائیں۔

مسلمان ان معنوں میں اقلیت میں نہیں ہیں جو عمومی طور پر لئے جاتے ہیں۔ آج بھی ہندوستان کے برطانوی نقشے پر موجود ۱۱ میں سے ۴ صوبے، جہاں مسلمانوں کی کم و بیش اکثریت ہے، کانگریس کی ہائی کمان کے (سرکار سے) عدم تعاون کے اور سول نافرمانی کی تیاری کرنے سے انحراف کرتے ہوئے (روزمرہ کا) کام کر رہے ہیں۔ مسلمان "قوم" کے لفظ کی کسی بھی تعریف کی رو سے ایک (مکمل) قوم ہیں اور

انہیں اپنی زمینیں، اپنا علاقہ، اپنی مملکت ملنی ہی چاہیئے۔ ہم ایک آزاد اور خود مختار قوم کی حیثیت سے اپنے ہمسایوں کے ساتھ امن اور ہم آہنگی کے ساتھ رہنا چاہتے ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ ہماری قوم کے افراد اپنی روحانی، ثقافتی، معاشی، سماجی اور سیاسی زندگی اس انداز سے گزاریں جو ہمیں بہترین لگتا ہے، یعنی اپنے مقاصد کے ساتھ ہم آہنگ رہتے ہوئے اور اپنے عوام کی عقل و دانش کے مطابق بسر کریں۔ دیانتداری کا یہی تقاضا ہے اور ہماری قوم کے کروڑوں افراد کے اہم مفادات ہم پر یہ متبرک فرض عائد کرتے ہیں کہ ہم ایک ایسا باعزت اور پرامن حل تلاش کریں جو سب کے ساتھ مناسب اور منصفانہ سلوک کرے لیکن اس کے ساتھ ہی ہم ڈراووں یا دھمکیوں سے خائف ہو کر اپنے نصب العین سے نہ ہٹ سکتے ہیں، نہ انحراف کر سکتے ہیں۔ ہمیں ان تمام مشکلات اور عواقب کا سامنا کرنے کے لیے تیار رہنا چاہیئے، وہ تمام قربانیاں پیش کرنی چاہئیں جو ہمیں اس منزلِ مقصود تک پہنچانے کے لیے ضروری ہوں جو ہم نے اپنے لیے متعین کی ہے۔

(صفحہ 13) یہ ہے وہ اہم کام جو (اس وقت) ہمارے سامنے ہے۔ میرا خیال ہے کہ میں اپنے لیے مقررشدہ وقت سے زیادہ لے چکا ہوں۔ میں آپ کو کئی باتیں بتانا چاہتا ہوں لیکن جو کچھ میں کہنا رہا ہوں، ان میں سے بیشتر باتوں پر مشتمل میں نے پہلے ہی ایک چھوٹا سا کتابچہ شائع کیا ہوا ہے اور میرا خیال ہے کہ آپ (مسلم) لیگ کے دفتر سے یہ کتابچہ انگریزی اور اردو (دونوں زبانوں) میں بہ آسانی حاصل کر سکتے ہیں۔ اس (کے مطالعے) سے آپ ہم لوگوں کی منزلِ مقصود کا ایک واضح تصوّر حاصل کر سکیں گے۔ اس میں مسلم لیگ کی کئی اہم قراردادیں اور دیگر دوسرے بیانات بھی شامل ہیں۔ بہرحال، میں نے آپ کے سامنے وہ اہم کام رکھ دیا ہے جو ہم سب لوگوں کے سامنے ہے (یا جس کا ہم سب لوگوں کو سامنا

ہے) ۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ یہ کام کتنا بڑا اور عظیم ہے؟ کیا آپ جانتے کہ آپ آزادی یا خود مختاری محض دلائل سے حاصل نہیں کر سکتے؟ میں دانشوروں سے اپیل کرتا ہوں ۔ دنیا کے تمام ممالک میں دانشور ہی آزادی کی تحریکوں کے علمبردار رہے ہیں ۔ مسلم دانشور ہمیں کیا کرنے کا مشورہ دیتے ہیں؟ میں ایک بات آپ کو بتا دوں کہ جب تک آپ اس خیال کو اپنے رگ و پے میں سرایت نہ کرنے دیں گے، جب تک آپ لنگر لنگوٹ کس کر میدان عمل میں نہ کودیں گے اور جب تک آپ اپنے عوام کے لیے سنجیدگی اور خلوص کے ساتھ ہر ممکن شے قربان کر کے بے غرضی سے کام نہ کریں گے، آپ اپنے منزلِ مقصود کو کبھی نہ پا سکیں گے ۔ میں چاہتا ہوں کہ آپ (پہلے) عزمِ صمیم کر لیں اور پھر ان طریقوں پر غور کریں جن کی مدد سے آپ عوام کی تنظیم کر سکیں اپنی تنظیم کو مضبوط کر سکیں اور تمام ہندوستان کے مسلمانوں کو متحد کر سکیں ۔ میرا خیال ہے کہ عوام پورے طور پر بیدار ہیں ۔ انہیں صرف آپ کی راہنمائی اور راہبری کی ضرورت ہے ۔ اسلام کے خادموں کی حیثیت میں آگے بڑھیئے، عوام کو معاشی، سماجی، تعلیمی اور سیاسی اعتبار سے متحد کیجئے اور مجھے یقین ہے کہ آپ ایک ایسی قوت بن جائیں گے جسے ہر ایک کو قبول کرنا ہو گا۔

(قائداعظم محمد علی جناح رح)

مجلسِ دستور ساز سے خطاب

(صفحہ ۱۷) مجلسِ دستور ساز کو دو بڑے کام کرنا ہیں ۔ پہلا بہت بھاری بھرکم اور ذمے داری کا کام ہمارے پاکستان کے مستقبل کا دستور بنانا ہے اور دوسرا کام

پاکستان کی وفاقی مُقنّنہ کے طور پر بھرپور اور مکمل خود مختار ادارے کی طرح کام کرنا ہے۔ ہمیں وفاقی دستور یہ پاکستان کے لیے ایک عارضی آئین (دستور) بنانے کے لیے اپنی بہترین صلاحیتیں استعمال کرنا ہیں۔ آپ حقیقتاً واقف ہیں کہ نہ صرف ہم خود بلکہ تمام دنیا اس بے نظیر طوفانی انقلاب پر حیران و ششدر رہے جس کے تحت اس برِصغیر میں دو آزاد خود مختار مملکتوں کی تشکیل اور منصوبہ عمل پذیر ہوا۔ جو کچھ ہوا' وہ بے مثال ہوا' دنیا کی تاریخ میں اس کی کوئی نظیر نہیں۔ اس عظیم برِصغیر کو جس میں مختلف قسم کے باشندے رہتے ہیں' ایک ایسے منصوبے کے تحت لایا گیا ہے جو انتہائی عظیم' عدیم المثال اور بے نظیر ہے اور جو چیز اس بارے میں بہت اہم ہے وہ یہ ہے کہ ہم نے یہ کام پرامن طور پر اور عظیم ترین ممکنہ کردار کے ارتقا کے ذریعے (حاصل) کیا ہے۔

(صفحہ 15) اس مجلس (دیا اسمبلی) میں ہم لوگوں کے پہلے کام کے بارے میں اس لمحے مَیں کوئی پہلے سے منجھا دُھلا اعلان نہیں کر سکتا لیکن جس جس طرح سے میرے ذہن میں چند خیالات آرہے ہیں' اسی طرح میں انہیں کہے دیتا ہوں۔ سب سے پہلی اور اہم ترین چیز جس پر میں زور دینا پسند کروں گا' وہ یہ ہے ـــــ یاد رکھیئے کہ اب آپ خود مختار دستوری ادارہ ہیں اور آپ ہر قسم کا اختیار رکھتے ہیں۔ چنانچہ اس کے باعث آپ پر اس سلسلے میں بے انتہا سنجیدگی سے ذمّے داری عائد ہوتی ہے کہ آپ اپنے فیصلے کیسے کریں گے۔ (اس سلسلے میں) جو پہلا مشاہدہ آپ کے سامنے پیش کرنا چاہوں گا وہ یہ ہے: آپ بلاشبہ اس بارے میں میرے ساتھ متفق ہوں گے کہ ایک حکومت کا پہلا فرض (مملکت میں) اَمنِ عامّہ برقرار رکھنا ہے تاکہ اس کے عوام کی جان و مال اور مذہبی اعتقادات مملکت کے تحت مکمل طور پر محفوظ ہوں۔

جو دوسری چیز میرے ذہن میں آتی ہے' وہ یہ ہے: عظیم ترین لعنتوں میں

سے ایک جن کا (برِّصغیر) ہندوستان شکار ہے، رشوت ستانی اور بدعنوانی ہے ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ دوسرے ممالک اس سے بچے ہوئے ہیں لیکن میرا خیال ہے کہ ہماری حالت زیادہ خراب ہے ــــ رشوت ستانی اور بدعنوانی حقیقتاً زہر ہیں۔ ہمیں انہیں بازوئے آہن سے دبا دینا ہے اور میں امید کرتا ہوں کہ جب بھی اس مجلس کے لیے ممکن ہو، آپ لوگ اس بارے میں مناسب طریقے اختیار کریں۔

چور بازاری ایک اور لعنت ہے۔ ہاں، میں جانتا ہوں کہ چور بازاری کرنے والے اکثر و بیشتر پکڑے جاتے ہیں اور سزا پاتے ہیں۔ عدالتی فیصلے ہوتے ہیں یا بعض اوقات صرف جرمانے عائد کر دیئے جاتے ہیں۔ اب آپ لوگوں کو اس دیو سے پنجہ آزمائی کرنا ہے جو آج کے حالات میں معاشرے کے خلاف سب سے بڑا جرم ہے۔ آج کے ہمارے دگرگوں حالات میں، جب ہم لوگوں کو خوراک اور دیگر ضروریاتِ زندگی کی قلت کا مسلسل سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ایک شہری جو چور بازاری کرتا ہے (صفحہ 16) میرے خیال میں عظیم ترین اور بھیانک ترین جرائم سے بھی زیادہ بڑے جرم کا ارتکاب کرتا ہے۔ یہ چور بازاری کرنے والے حقیقتاً ذی علم، ذہین اور عموماً ذمے دار لوگ ہوتے ہیں لیکن جب یہ چور بازاری کا ارتکاب کرتے ہیں تو انہیں بے انتہا سخت سزا ملنی چاہیئے کیونکہ یہ لوگ خوراک اور دوسری اشیائے ضرورت کی تقسیم و رسد کے پورے نظام کو درہم برہم کر دیتے ہیں اور وسیع پیمانے پر فاقہ کشی کی صورت حال پیدا کر دیتے ہیں۔ اور (لوگوں کی) موت کا سبب بنتے ہیں۔

ایک اور چیز جو مجھے سوجھتی ہے یہ ہے: ہاں، یہ بھی ہمیں ورثے ہی میں ملی ہے۔ دیگر اچھی اور بری چیزوں کے ساتھ خیانتِ منصبی اور اقربا پروری کی لعنتیں بھی ہمارے حصے میں آئی ہیں جو عظیم برائی ہے۔ ہمیں ان برائیوں کو بے دردی سے کچل ڈالنا چاہیئے۔ میں یہ امر بالکل واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ میں خیانتِ منصبی، اقربا پروری

اور بالواسطہ یا بلاواسطہ مجھ پر اثر ڈلوانے کی کسی بھی کوشش کو ہرگز برداشت نہیں کروں گا۔ جہاں مجھے معلوم ہوا کہ فلاں جگہ نیچے اور اونچے مقام پر یہ کام ہو رہا ہے یا ہوا کرتا ہے، تو میں کسی قیمت پر اسے برداشت نہ کروں گا۔

میں جانتا ہوں کہ بعض لوگ ایسے بھی ہیں جو ہندوستان کی تقسیم اور پنجاب اور بنگال کے بٹوارے سے مکمل طور پر متفق نہیں ہیں۔ اس کے خلاف کافی کچھ کہا جا چکا ہے۔ مگر اب جبکہ یہ فیصلہ تسلیم ہو چکا ہے، ہم میں سے ہر ایک پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ اس پر قائم رہیں اور اس معاہدے پر جواب قطعی بھی ہے اور جس کی پابندی ہم سب پر لازم ہے، باعزت طریقے پر عمل پیرا ہوں۔ لیکن جیسا کہ میں کہہ چکا ہوں، آپ کو یاد رکھنا چاہیئے کہ یہ عظیم انقلاب جو رونما ہوا ہے، بے مثال ہے۔ ایک شخص اس احساس کو بخوبی سمجھ اور محسوس کر سکتا ہے جو وہاں دو جمعیتوں کے درمیان پیدا ہوتا ہے جہاں کہیں بھی ایک جمعیت (صفحہ 17) اکثریت میں ہو اور دوسری اقلیت میں ہو۔ مگر سوال یہ ہے کہ اس وقت جو کچھ بھی کیا گیا ہے، کیا اس کے علاوہ اور کوئی بھی فیصلہ ممکن اور قابلِ عمل ہو سکتا تھا۔ تقسیم تو بہر حال ہونی ہی تھی۔ ہندوستان اور پاکستان دونوں جانب ایسے لوگ موجود ہیں جو ممکن ہے اس فیصلے سے متفق نہ ہوں لیکن میرے خیال میں (اس مسئلے کا) اور کوئی حل نہ تھا اور مجھے یقین ہے کہ مستقبل کی تاریخ کا فیصلہ اس کے حق میں ہی لکھا جائے گا اور اس سے زیادہ یہ کہ جوں جوں زمانہ گزرتا جائے گا، عملی تجربے سے بھی یہ بات واضح ہوتی چلی جائے گی کہ ہندوستان کے آئینی (دستوری) مسئلے کا حل سوائے تقسیم کے اور کچھ نہ تھا۔ متحدہ ہندوستان کا تصور ہرگز قابلِ عمل نہ ہوتا اور میری رائے میں یہ ہمیں خوفناک تباہی بربادی کی جانب لے جاتا۔ ہو سکتا ہے کہ یہ نقطہ نظر صحیح ہو، ہو سکتا ہے کہ یہ نقطہ نظر صحیح نہ ہو، ابھی اس بات کا فیصلہ ہونا ہے (یا تاریخ ہمیں بتائے گی)، تاہم اس تقسیم کے عمل میں ایک یا دوسری

مملکت کے اندر رہنے والی اقلیتوں کے سوال سے بچنا ناممکن تھا۔ یہ ایک ناگزیر شے تھی۔ اس کا کوئی اور حل نہ تھا۔ اب ہمیں کیا کرنا ہوگا؟ اب اگر ہمیں اس عظیم مملکتِ پاکستان کو خوش اور خوشحال بنانا چاہتے ہیں تو ہمیں عوام کی فلاح و بہبود کے کام پر تن من دھن سے لگ جانا چاہیئے۔ خاص طور پر غریب عوام کی فلاح و بہبود کے کام پر۔ اگر آپ ماضی کو بھول جائیں، مل جل کر کام کریں، گزشتہ راہ صلوٰۃ پر عمل کریں تو آپ یقیناً کامیاب ہوں گے۔ اگر آپ مل جل کر اس جذبے کے تحت کام کریں کہ ہر شخص خواہ وہ کسی فرقے سے تعلق رکھتا ہو، ماضی میں آپ لوگوں کے تعلقات ایک دوسرے سے خواہ کیسے ہی رہے ہوں، ہر شخص کا رنگ، نسل، مذہب کچھ ہی ہو، اولاً، ثانیاً، آخراً اسی مملکت کا شہری ہے، اس کے حقوق و مراعات اور ذمے داریاں یکساں اور مساوی ہیں، تو ہم لوگوں کی ترقی کی کوئی انتہا نہ رہے گی۔

(صفحہ 18) میں اس بات پر جتنا بھی زور دوں، کم ہے۔ ہمیں اسی جذبے سے کام شروع کر دینا چاہیئے اور وقت کے ساتھ ساتھ اکثریتی اور اقلیتی جمعیتوں کے درمیان تمام اختلافات کم ہو جائیں گے —— جس طرح مسلمانوں میں پنجابی، پٹھان، شیعہ، سنی وغیرہ موجود ہیں اسی طرح ہندوؤں میں برہمن، ویشنو، کھتری وغیرہ ہوتے ہیں اور مزید برآں بنگالی، مدراسی وغیرہ بھی ہوتے ہیں۔ اگر آپ مجھ سے پوچھیں تو آزادی اور خودمختاری کے حصول کی راہ میں یہ ایک بہت بڑی رکاوٹ تھی۔ اگر یہ رکاوٹ نہ ہوتی تو ہم بہت، بہت ہی پہلے آزاد اقوام بن چکے ہوتے۔ کوئی بھی طاقت ایک قوم کو، خاص کر ۴۰ کروڑ افراد پر مشتمل قوم کو، غلام نہیں رہ سکتی۔ اگر یہ رکاوٹ (یا برائی) نہ ہوتی تو اول تو ہم لوگوں کو کوئی فتح نہ کر سکتا اور اگر کر بھی لیتا تو اتنے عرصے تک ہم پر اپنا تسلط نہ رکھ سکتا۔ چنانچہ آپ (اب) آزاد ہیں، آپ

اپنے مندروں میں جانے کے لیے آزاد ہیں۔ آپ اپنی مسجدوں میں جانے کے لیے آزاد ہیں، آپ پاکستان کی اس مملکت میں اپنی کسی بھی عبادت گاہ میں جانے کے لیے آزاد ہیں۔ آپ کا تعلق کسی بھی مذہب، ذات یا عقیدے سے ہو ـــــ اس بات کا مملکت کے کاموں سے کوئی تعلق نہیں۔ جیسا کہ آپ لوگ جانتے ہیں، تاریخِ انگلستان ظاہر کرتی ہے کہ وہاں کے حالات کچھ عرصہ قبل تک ان سے بھی بدتر تھے جیسے حالات آج ہندوستان میں ہیں۔ رومن کیتھولک اور پروٹسٹنٹ ایک دوسرے کو ایذائیں پہنچاتے تھے۔ آج بھی کئی ایسی مملکتیں ہیں جہاں ایک مخصوص طبقے (یا جمعیت) کے خلاف امتیاز برتا جاتا ہے، یا اس پر پابندیاں لگائی جاتی ہیں۔ خدا کا شکر ہے کہ ہم ایسے دنوں میں آغاز نہیں کر رہے۔ ہم اس زمانے میں آغاز کر رہے ہیں جب ایک ذات اور دوسری ذات کے درمیان یا ایک عقائد اور دوسرے عقائد (کے ماننے والوں) کے درمیان کوئی فرق نہیں کیا جاتا، کوئی امتیاز نہیں برتا جاتا۔ (صفحہ ۱۹) ہم اس بنیادی اصول کے ساتھ آغاز کر رہے ہیں کہ ہم سب لوگ ایک مملکت کے شہری ہیں اور برابر کے شہری ہیں۔

(آرنلڈ بینیٹ)

مشاہدۂ زندگی

(صفحہ ۵۷) ایک ناتجربہ کار، چھوٹا سا کتا، جو ابتدائی تعلیم سے قابلِ افسوس حد تک محروم ہے، ایک خانقاہِ مریمؑ کے پراسرار دروازوں کے قریب فلہم روڈ کے فٹ پاتھ پر اچھلتا کھیلتا کودتا جا رہا ہے۔ یہ ایک بڑا سا پلا ہے۔ جو بڑا ہو کر

ایک باوقار کُتا بن جائے گا' لیکن ابھی تک تو اس میں سوائے ایک بھدی سی شوکت اور زندگی کی لغمت کے لیے نمایاں تشکر کے اور کوئی بھی ایسی چیز نہیں جو اسے عام پلّوں سے ممتاز کرے۔ وہ ایک لاعلم' بے وقوف (پلّا) ہے۔ اگر وہ راہباؤں کی خانقاہ میں داخل ہوجاتا تو اچھا وقت گزارتا لیکن ایسا کرنے کی بجائے وہ فٹ پاتھ پر سے نیچے سڑک پر آگیا کیونکہ سڑک ایسا ایک وسیع (صفحہ 12) اور دلچسپ براعظم تھا جو اس نے ابھی پورا نہ کھنگالا تھا۔ اپنے حواس پر اس کا اعتماد' اپنی چستی پھرتی پر اعتماد اور خدا کی رحمت پر اس کا اعتماد قابلِ دید ہے اور دیکھنے میں مکمل طور پر تکلیف دہ ہے۔ وہ ایک بہت بڑی' بلند وبالا اور سرخ رنگ کی شے چار پہیّوں پر تیزی سے حرکت کرکے اپنی طرف آتے ہوئے دیکھتا ہے جس کے آگے پیتل کی چمک اور بھاپ کی ایک لکیر نظر آرہی ہے۔ وہ اس چیز کو کیچڑ میں پڑے ہوئے کسی بدبودار ذرّے کی طرح غیر اہم سمجھ کر نفرت سے نظرانداز کر دیتا ہے۔ اگلے ہی لمحے وہ خود کیچڑ میں ساکت وجامد پڑا ہوا نظر آتا ہے۔

ایک پُرتاثیر بات ہوگئی ہے۔ بس (غیر ارادی طور پر) ہچکچاتے ہوئے آہستہ ہوتی ہے اور رک جاتی ہے۔ بس کو پاؤں کے بریک یا کسی اور قسم کے مشینی بریک نے نہیں روکا' اسے انتظامی ذرائع سے موصول ہونے والے رائے عامہ کے نظر نہ آنے والے بریک نے روکا ہے۔ دور دور تک کسی کانسٹیبل کا کوئی نام نہیں۔ ویسے دیکھا جائے تو بس شورڈیچ کی جنت میں تیزی سے فراٹے بھر کے چلے جانے کے لیے آزاد ہے لیکن عملی طور پر یہ خوف سے مفلوج ہوگئی ہے۔ پیتل کے بٹنوں والا اور مخصوص قسم کی ٹوپی والا ایک آدمی (یعنی کنڈکٹر) اس میں سے چھلانگ لگا کے نیچے اترتا ہے اور اس کے انجن پر بیٹھا ہوا ایک سیاہ بھتنا (یعنی ڈرائیور) بھی چھلانگ لگا کے نیچے اتر آتا ہے۔ اور یہ (دونوں) بے دلی سے پلّے کی طرف بڑھتے ہیں۔ تھوڑی دیر پہلے بس ایک

سائیکل سوار انسان کو گرا کے یا اسی قسم کا کوئی حادثہ کر کے بے پروائی سے اپنے راستے پر جا سکتی تھی لیکن اب ایک پلّے کے بھی پوسٹ مارٹم کی ضرورت پڑتی ہے۔ رائے عامہ اب اتنی بیدار ہو چکی ہے کہ ایک عظیم طاقت بن چکی ہے۔ دو پولیس والے دور سے آتے ہوئے نظر آتے ہیں۔

"سڑک پر حادثہ" اب رو پذیر ہو رہا ہے اور ایک مجمع وہاں جمع ہو کر سست مگر پُرعزم انداز سے پُرسکون مسرت کے ساتھ اسے دیکھنے لگتا ہے۔ پلّا بالکل بھی تو ہلتا جلتا نہیں، وہ (یوں ہی) سڑک پر پڑا رہتا ہے۔ پھر ایک لڑکا (صفحہ 22) جو پیش قدمی کی منفرد خاصیت کے سبب شاید ایک عظیم مستقبل رکھتا ہے، پلّے کی طرف جاتا ہے اور اسے گردن کی پشت سے پکڑتا ہے اور گٹر کی پناہ گاہ میں لے جاتا ہے۔ جب لڑکا اسے چھوڑتا ہے تو ڈھیلا پلّا بہ آسانی افقی حالت میں جا پڑتا ہے۔ نہ تو وہ چیخا، نہ اس کا خون بہا، نہ اس کی شکل مسخ ہوئی! اور تو اور، جب پہیہ پلّے کے جسم (کی رکاوٹ) پر سے چڑھ کر گزر گیا تو ایک جھٹکا تک محسوس نہ ہوا! حیران کن حد تک ایک صاف ستھرا اور مکمل حادثہ!

بڑھتا ہوا مجمع خوشگوار سکون کے ساتھ دیکھتا رہتا ہے۔ گھڑ گھڑاتی بس کے بدن سے لوگ بے صبری کے ساتھ باہر آتے ہیں اور کچھ اس کی پشت میں سے باہر پھسل آتے ہیں اور یا تو یہ لوگ مجمع میں شامل ہو جاتے ہیں، یا غائب ہو جاتے ہیں۔ دو پولیس مینوں اور بس کے عملے کے درمیان ملاقات اور گفت و شنید شروع ہو گئی ہے۔ کنڈکٹر اور ڈرائیور بیک وقت گھبرائے ہوئے مگر راضی بہ رضا نظر آ رہے ہیں۔ ان کی حرکات و سکنات میں تیزی اور زندہ دلی ہے۔ دوسری جانب پولیس مین اپنی سست روی اور عظیم حرکات سے یہ ظاہر کر رہے ہیں کہ وقت ان کا غلام ہے اور انہیں ڈرائیور اور کنڈکٹر (کے نہ بھاگ سکنے) کا اتنا یقین ہے جیسے انہوں نے ان کے ہاتھوں میں ہتھکڑیاں اور گردن

میں طوق ڈال رکھے ہوں۔ کنڈکٹر اور ڈرائیور بے ہنگم پولیس مینوں کے مکمل اختیار کو تسلیم کرتے ہیں۔ وہ تسلیم کرتے ہیں کہ پولیس مینوں کی (صرف) مرضی کے مقابلے میں بے آرامی، وقت کا ضیاع، آرام کے اوقات میں کمی، تنخواہ میں کٹوتی یا رکاوٹ بالکل بھی کوئی اہمیت نہیں رکھتے۔ اور پولیس مین لاپروائی سے اپنے ارفع مقام کا مظاہرہ کر رہے ہیں، وہ بخوبی جانتے ہیں کہ مجسٹریٹ، جیلیں، بااختیار سیکرٹری وزارتِ داخلہ —— ہاں، (اس کے ساتھ ساتھ) سازش اور دروغ گوئی اور تشدد کا ایک پورا انظام ضرورت پڑنے پر ان کی ایک آواز سے حرکت میں آسکتا ہے۔ اس کے باوجود (صفحہ 23) کبھی کبھی کنڈکٹر اور ڈرائیور کی جانب پولیس مینوں کے بیرونی رویّے میں ایک خاموش پیغام نظر آتا ہے جو کہتا ہے: "بہرحال، ہم لوگ بھی تم لوگوں کی مانند کارکن ہیں۔ ہم بھی زیادہ کام کرتے ہیں، ہمیں بھی تنخواہ کم ملتی ہے۔ ہم بھی بے رحم اور بد دیانت عوام کی خدمت کرنے کے دوران بہت سی شکایات اپنے سینے میں پالیتے ہیں۔ ہم بھی بیوی بچے رکھتے ہیں۔ ہم بھی محرومیوں کا شکار ہیں اور خدشات میں گھرے ہوئے ہیں۔ ہمیں بھی بے اندازہ جدوجہد کرنا پڑتی ہے۔ یہ صرف ان کپڑوں (یعنی وردیوں) اور ہماری آستینوں پر لگے ہوئے فلیتوں کا خوفناک جادو ہے جو ہمارے تمہارے درمیان فاصلہ پیدا کرتا ہے۔" اور کنڈکٹر (کچھ) لکھتا ہے اور پولیس مینوں میں سے ایک (کچھ) لکھتا ہے اور وہ لکھتے رہتے ہیں جبکہ ٹریفک ان سے بچ بچ کر ایک قوس بناتی ہوئی گزرے جا رہی ہے۔

مسلسل بڑھتا ہوا ہجوم خوشگواری کی خالص فضا میں مسلسل گھورے جا رہا ہے۔ ادھیڑ عمر کا ایک خوش پوشاک شخص جس نے بہت احتیاط سے شیو کی ہوئی ہے، جس کے گدگدے ہاتھ میں "دی سپورٹس مین" نامی رسالہ ہے اور جو بس سے نیچے اترا ہے، اپنے پاؤں پٹخنا شروع کر دیتا ہے۔ "پچھلے سال مجھے ایک ٹیکسی نے ٹکر مار کر گرا دیا تھا" وہ درشت لہجے میں کہتا ہے "لیکن کسی نے اس کی ذرّہ برابر بھی پرواہ نہ کی تھی! کیا یہ لوگ

ایک بیکار پتلے کے لیے تمام صبح کو یہیں کھڑے بیکار کر دیں گے؟" اور حالانکہ اس کا حلیہ باعزت تھا، تاہم اس کے (چہرے کے) نقوش بگڑے نظر آنے لگتے ہیں اور وہ قابل نفرت گالیاں بوچھاڑ کی شکل میں منہ سے پھینکنے لگتا ہے اور بڑی بڑی قسمیں کھا کے گرج گرج کر یہ بتانے لگتا ہے کہ (آخر) اس نے کرایہ خرچ کیا ہے! تب ایک شخص گزرتا ہے جو کوڑے کی گاڑی چلا رہا ہے اور وہ رک جاتا ہے اور دوسرے باوردی افراد سے کافی دیر تک بات چیت کرتا ہے کیونکہ وہ بھی ایک پھٹی پرانی وردی میں ملبوس ہے اور مجمع نہ تو وہاں سے ہلتا ہے اور نہ ہی (تماشا) دیکھنا بند کرتا ہے۔ تب نووارد (صفحہ ۴ ع) نیچے کو جھکتا ہے اور اس پتلے کو اٹھالیتا ہے جس کا اب نہ کوئی دعوے دار ہے، نہ مالک، اور اس کے نرم اور ڈھیلے جسم کو گھما کے (کوڑے کی) گاڑی میں پڑے ہوئے خوفناک کچرے میں پھینک دیتا ہے اور آگے بڑھ جاتا ہے۔ بس پتلے کا لافانی حصّہ یعنی اس کی روح سانحے کی جگہ پر شاید نظر نہ آنے والے بخارات کی مانند تیرتی رہ جاتی ہے۔

مجمع ابھی بالکل نہیں تھکا، سب دیکھے جا رہے ہیں۔ چار اہم لوگ اب بھی گفت و شنید کر رہے ہیں اور لکھ رہے ہیں۔ ہجوم میں سے کسی کو بھی (اس بات کا) علم نہیں کہ وہ کیا کر رہے ہیں۔ آخر کار ڈرائیور ان سے الگ ہو جاتا ہے، مگر اسے واپس بلا لیا جاتا ہے اور ایک نئی گفتگو شروع ہو جاتی ہے۔ لیکن (آخر کار) ہر بات ختم ہو جاتی ہے۔ پولیس مین اپنے بڑے بڑے بوٹوں سمیت واپس مڑ جاتے ہیں۔ ڈرائیور اور کنڈکٹر دوڑ کر بس کی طرف جاتے ہیں۔ گھنٹی بجتی ہے۔ بس جواب بالکل خالی ہے موڑ مڑ کر گھڑگھڑاتی ہوئی والہم گرین میں غائب ہو جاتی ہے۔ مجمع اب چھٹتا جا رہا ہے، لیکن کچھ بے دلی کے ساتھ۔ مجمع کے بہت سے لوگ ابھی تک مکمل محویت کے عالم میں ادھر دیکھے جاتے ہیں جدھر پتلا پڑا رہا تھا یا اُدھر جدھر پولیس مین کھڑے رہے تھے۔ "سڑک پر حادثہ" بطور ایک واقعے کے مکمل طور پر ختم ہونے میں ابھی خاصا مناسب وقت لگتا ہے۔

مجمع میں شامل رہنے والے لوگ اپنا اپنا راستہ لیتے ہیں اور دن کے دوران اپنے اپنے شناساؤں کو بتاتے ہیں: "فلیم روڈ پر آج صبح ایک بس نے ایک کتے کو کچل دیا ہمارے سامنے! جان سے مار دیا!"

اور بس، یہ لوگ اتنا ہی بتاتے ہیں۔ انہوں نے بس اتنا ہی دیکھا ہے۔ وہ نہ تو (صفحہ 25) اس حادثے کی مربوط تفاصیل بیان کر سکتے ہیں اور نہ کریں گے (جب تک کہ کتے کی نسل یا بس کے نمبر کا ذکر نہ ہو)، انہوں نے ایک کتے کو کچل کر مرتے ہوئے دیکھا ہے۔ نہ تو وہ اپنے احساسات کا تجزیہ کرتے ہیں، نہ واقعے کا۔ انہوں نے اس سارے واقعے کو دیکھا ہے جیسے کہ ایک کم رتبہ مصنف ایک گھسی پٹی ترکیب استعمال کر لیتا ہے۔ ہم یوں کہہ سکتے ہیں کہ انہوں نے دیکھا ضرور ہے لیکن حقیقت میں مشاہدہ (کسی چیز کا بھی) نہیں کیا۔

ایچ، پی، سٹیورٹ

۴- وادئ سوات کی سیر

(صفحہ 26) موسم بہار بیشتر جگہوں پر خوبصورت ہی ہوتا ہے لیکن جب نئے پتوں اور پھلوں کے شگوفوں، کھیتوں میں (کھلے ہوئے) پھولوں اور گندم اور دھان کی نئی کونپلوں کے پس منظر میں برف پوش پہاڑ ہوں اور پیش منظر میں ایک چمکیلے پانی والا دریا زرد زرد پتھروں پر بہہ رہا ہو تو ایسا منظر تخلیق ہوتا ہے جو دیکھنے والے کے منہ سے بے ساختہ خوشی کے الفاظ نکلوا دیتا ہے اور اسے یہ منظر برسوں تک بھول سکتا۔

ہم خاصی بارش ہو چکنے کے بعد ایک روشن اور چمکدار کھلے دن مالاکنڈ کے درے

سے گزرے۔ خطرناک عمودی چٹانیں، پہاڑیاں، چوٹیوں کے گرد بل کھاتی سڑک اور اس کی دشوار گزاری اور اس کے پیچ و خم ـــــ یہ سب چیزیں دیکھ کر ہمیں یوں لگا جیسے ہمیں جادو نگری میں داخل ہونے سے پہلے خوفناک طلسم کو توڑنا پڑ رہا ہو۔ دیو تو خیر موجود نہ تھا چوکیاں پہرے بھی نہ تھے، چھوٹے چھوٹے قلعے بھی خالی تھے اور جب ہم آخری خوفناک موڑ عبور کر رہے تھے تو ہمیں پنجہ آزمائی کی دعوت دینے والا بھی کوئی نہ تھا لیکن ان سب باتوں کے باوجود ہم بڑے محتاط انداز سے چل رہے تھے اور بار بار دھیان سے دیکھ لیتے تھے کہ (اگلے) موڑ کے دوسری طرف کیا ہے۔ اب ہم گویا (دیو کے) قلعے کی حدود سے تقریباً نکل آئے تھے اور ہمارے سامنے ایک سرسبز و شاداب وادی موجود تھی۔

(صفحہ 27) جہاں کہیں ہماری نظریں جاتیں، نظارے ہی نظارے تھے ـــــ کونپلیں پھوٹتے ہوئے بید مجنون نہر کے اوپر جھکے پڑ رہے تھے۔ ان کے تنوں کا رنگ گہرا تھا مگر پتوں کا رنگ سبزی کی بجائے زردی کی طرف مائل تھا۔ جہاں سڑک مڑتی تھی یا دو سڑکوں میں بٹ جاتی تھی، وہاں سرسبز و شاداب وادی میں درختوں کی سبز سبز قطاریں تھیں۔ صاف شفاف ندیاں تھیں جن میں پہاڑیاں اپنے عکس ڈال رہی تھیں۔ یہاں سرسوں کے کھیت ابھی تک (پیلے پیلے) پھولوں سے لدے پڑے تھے حالانکہ پنجاب میں سرسوں کبھی کی کٹ چکی تھی۔ یہاں گندم ابھی بہت ذرا ذرا سی اگی تھی۔ شیشم کے درختوں پر ننھے ننھے نئے پتے اور پھول کھلے ہوئے تھے۔ ایرانی تلک پر پتے بالکل نہ تھے اور پچھلے سال کے پیلے پیلے (بیر جیسے) پھل نیلے آسمان کے پس منظر میں چمک رہے تھے۔ گندم کی فصل میں اور کہیں کہیں گھروں کی چھتوں پر لالے کے پھول کھلے ہوئے تھے۔ درمیانی فاصلے پر پہاڑیوں پر برف نظر آ رہی تھی اور ان برف پوش پہاڑیوں کے پیش منظر میں تازہ بارش میں دھلے دھلائے، صاف ستھرے دیہات دکھائی دے رہے تھے۔ ہر چند میل کے فاصلے پر عجیب و غریب چھوٹے چھوٹے قلعے تھے جن میں سے ہر ایک پر چار بڑی بڑی برجیاں بنی ہوئی تھیں۔ ان

قلعوں میں سے کچھ تو قلعے اور سڑک کے درمیان ندی کے دامن میں اُگے ہوئے اکڈر کے درختوں میں نیم پوشیدہ تھے اور کچھ نیلے اور گلابی پہاڑوں کی گودی میں کھلے کھڑے تھے۔

سڑک پر گوجر لوگ محوِ سفر تھے جنہوں نے چٹانوں کے سائے میں خیمے لگا رکھے تھے۔ ان کی عورتیں سیاہ کپڑوں میں ملبوس سروں پر بڑی بڑی ٹوکریاں اٹھائے مویشیوں کے پیچھے چلی جا رہی تھیں۔ ہم نے ان میں ہی ایک بڑی حسین چھوٹی سی لڑکی دیکھی جو اپنی بانہوں میں لا ے کے اتنے سارے سرخ پھول اٹھائے ہوئے تھی۔ ہمیں جگہ جگہ زیتون کے درختوں کے جھنڈ نظر آتے تھے اور ہم نے یہ بات دیکھی کہ صرف قبرستانوں ہی میں زیتون کے درخت زیادہ بڑے بڑے اور جمے ہوئے تھے۔ قبروں پر عموماً پہاڑیوں میں سے توڑے ہوئے پتھر رکھے ہوئے تھے، (خاص طور پر) ایک سرہانے کی طرف اور ایک پائنتی کی طرف۔ بعض اوقات ان پتھروں کا زاویہ ایسا ہوتا تھا کہ لگتا تھا دو بازو اٹھے ہوئے ہیں (صفحہ 28) یا دو پَر پھیلے ہوئے ہیں۔ زیتون کے کچھ درختوں پر آکاش بیل بری طرح پھیلی ہوئی تھی۔ جس کے پتے چھوٹے، صاف ستھرے اور زردی مائل سبز تھے اور عام نظر آنے والی بیل سے یہ شاید مختلف نسل کی بیل تھی۔ پہاڑیوں کی چوٹیوں پر بدھ دَور کے کھنڈرات پھیلے ہوئے تھے اور تمام وادی میں پرانی خانقاہوں سٹوپوں اور مکانات کے کھنڈریوں پھیلے نظر آتے تھے جیسا وقت (یہاں آ کر) تھم گیا ہو۔

ندیوں پر محراب نما پل بنے ہوئے تھے اور ان کی ستھری دیواریں اتنے سارے پتھروں سے بنائی گئی تھیں جن میں سے بعض کے درمیان تو مسالہ تک نہ تھا۔ ان میں سے بہت سے پتھر بھُربھُرے تھے جو سلیٹ کے پتھر کی مانند لکیروں میں ٹوٹنے والے تھے۔ اگر ان پتھروں سے فرش بنایا جائے تو کتنا پیارا بنے!

ہم میں جو ماہرینِ نباتات تھے وہ سڑک کے کنارے کنارے اور پہاڑیوں کی ڈھلانوں پر اتنے سارے جنگلی پھول دیکھ کر خوشی سے کھلے پڑ رہے تھے۔ بعض بڑے بڑے

قطعوں میں زرد رنگ کے بڑے بڑے پتوں والی، پودینے کی ایک نسل کے پودے تھے، کہیں پر ہیتھر کی طرح گلابی رنگ کے نیپتھا کے پھول چٹانوں میں کھلے ہوئے تھے۔ کہیں پر سنہرے سفورا کے بھاری بھر کم پھول کھلے ہوئے تھے اور سرخ گُل لالہ تو ہر جگہ پر موجود تھا۔ دھان کے کھیتوں کے کنارے کنارے بڑ کپ قطار باندھے کھڑے تھے اور پھل دار درخت شگوفوں سے لدے کھڑے تھے۔ بعض جگہوں پر جنگلی آئرس کے پھول ابھی تک کھِلے ہوئے تھے، گلابی رنگ کے بھی اور زرد رنگ کے بھی۔ اور بعد میں ہمیں ہزارہ کے بڑے اور خوشبودار زرد رنگ والے سوسن کے پھولوں کی کچھ ڈنڈیاں بھی دکھائی دیں جنہیں ہم نے پہلے کبھی نہ دیکھا تھا۔ یہ آبپاشی کے لیے استعمال ہونے والے تالابوں کے کنارے اُگی ہوئی تھیں۔

سیدو شریف کو دیکھ کر تو ہم حیران رہ گئے! راہ میں پہاڑوں کی ڈھلوانوں پر بنے ہوئے دیہات (کے مکانات) تو انہی پہاڑوں کے پتھروں سے بنائے گئے تھے جن میں وہ واقع تھے اور ان کے ہم رنگ ہی نظر آتے تھے لیکن سیدو شریف کا شہر جس میں بہت سے مکانوں کے درمیان اتنی بڑی سفید مسجد (سر اٹھائے) کھڑی تھی اور ایک بڑا ہوٹل بھی تھا، ہمیں غیر متوقع طور پر حسین لگا۔ (صفحہ 29) تاہم اتنا آرام پا کر ہمیں بے حد خوشی ہوئی۔ باغیچوں میں پھول کھلے ہوئے تھے اور سنبل کے درختوں پر کھلے ہوئے سرخ شگوفے زردی مائل نیلے آسمان کی بجائے گہرے نیلے آسمان کے سامنے خاصی حد تک عجیب لگ رہے تھے۔ ہوٹل میں پہنچنے سے ذرا پہلے ہم نے دریائے سوات کی ایک شاخ عبور کی اور پُل پر تھوڑی سی دیر کے لیے کھڑے ہو کر وادی کی وسعت کی ایک جھلک دیکھی۔ برف اتنا شفاف پانی اتنا نیلا اور کنکریاں اتنی آب دار تھیں کہ یہ سارا منظر ہمیں غیر حقیقی (یا خواب) سا لگا جیسے تصویری کارڈ پر چھپا ہوا منظر لگتا ہے۔

اگلے دن ہم دریا کے دوسرے کنارے کے ساتھ ساتھ چل پڑے۔ جب ہم

یہاں آئے تھے تو دریا ہمارے بائیں ہاتھ پر تھا اور برف پوش پہاڑ ہمارے پیچھے۔
اب برف پوش پہاڑ ہمارے سامنے تھے۔ ہم منگورہ کی دو کالونی کے پاس سے گزرے
اور منگور تک گئے۔ وہاں پر سرکاری شفاخانے کے عین سامنے خم کھاتا ہوا دریا برف پوش
پہاڑی سلسلے کے دامن میں ایک نیلا آئینہ مہیا کر دیتا ہے اور چھوٹے چھوٹے کھیت اور
درختوں کی قطاریں ایک جانب سے اور پہاڑوں کی ڈھلانوں پر بنی ہوئی جھونپڑیاں دوسری
جانب سے اس پانی (یعنی دریا) کے کنارے کو چھو رہی ہوتی ہیں۔ ایک شخص ایک بڑا سا
جال لیے دریا کے نیلے شفاف پانی میں سے مچھلیاں پکڑ رہا تھا۔ بڑی بڑی چٹانیں گویا دریا
کے نزدیکی کناروں کی حفاظت کر رہی تھیں۔ یہاں سے (ہمارے) گروہ کے کچھ لوگ
ایک ساتھ والی وادی میں (یا ذیلی وادی میں) چلے گئے جہاں انہوں نے (مہاتما) بدھ کا
ایک پچیس فٹ بلند چٹان پر تراشا ہوا مجسمہ دیکھنا تھا جس کا سر بالکل مکمل طور پر چٹان کے
اوپر (چاروں جانب سے گھرا ہوا) تھا۔ موٹر والی سڑک کے ختم ہو جانے کے بعد (وہاں
جانے کے لیے) دو میل پیدل چلنا پڑتا تھا اور (ہمارے) گروہ کے جو لوگ وہاں گئے
تھے، جب وہ واپس لوٹے تو ان میں سے بہت سے اتنے تھک گئے تھے کہ برف
پوش پہاڑوں کے سامنے شفاخانے کے برآمدے میں واپس آتے ہی انہوں نے
چائے پی۔ اس وقت تک (شفاخانے سے) سارے مریض اپنے اپنے گھروں کو
جا چکے تھے اور یہ جگہ ویران سی نظر آ رہی تھی (مگر) یہ بہت پرسکون جگہ تھی!

جب ہم لوگوں میں دوبارہ طاقت آگئی تو ہم ایک مرتبہ پھر سڑک پر آگئے
اور اس پر چلتے رہے حتیٰ کہ (صفحہ 30) ہم اس وادی میں پہنچ گئے جس میں سے
"حیاندم" کو پہاڑی راستہ جاتا ہے۔ یہ راستہ بہت تنگ تھا اور بعض جگہوں پر تو
تھوڑا تھوڑا سا خوفناک بھی تھا لیکن اس کے ہر موڑ پہ کوئی نہ کوئی حسن وجمال (ہمارا
منتظر) تھا۔ سب سے پیارا منظر وہ تھا جہاں میڈلر کے درخت ایسے سفید شگوفوں

سے لدے پھندے کھڑے تھے کہ جیسے آبشاروں سے سفید جھال دار پانی نکل نکل کر تمام وادی کو بھرے دے رہا ہو۔ جب ہم وادی کے آخری سرے پر پہنچے تو ہم نے رک کے دوبارہ برف پوش پہاڑوں پر ایک نظر ڈالی۔ نیلے اور سرخ رنگ کے پہاڑوں کا سلسلہ دور تک پھیلتا چلا گیا تھا جن کی چوٹیاں برف پوش تھیں اور ڈھلانوں پر نیچے سے اوپر تک زینے کی شکل میں ننھے ننھے سر سبز کھیت (نظر آرہے) تھے جن میں سرسوں کے پھول ایک قطار کی شکل میں سجے ہوئے نظر آرہے تھے۔ نیچی ہموار چھتوں والی جھونپڑیاں تھیں اور کھیتوں کے کناروں پر بالکل ہمارے قدموں میں پھل دار درخت گلابی اور سفید شگوفوں سے لدے کھڑے تھے۔ ہمیں پہاڑوں کی نزدیکی چوٹیوں پر اُگے ہوئے صنوبر کے درختوں کے درمیان سے برف جھانکتی نظر آرہی تھی اور دُور وادی کے بیچوں بیچ درختوں اور جھاڑیوں کا تروتازہ سبز رنگ دکھائی دے رہا تھا۔ کہیں کہیں پر شاہ بلوط اور اخروٹ کے درخت بھی موجود تھے جو سبز رنگ کے ہی مختلف ہلکے یا گہرے رنگ ظاہر کر رہے تھے ـــــ ایک دوسرے سے بالکل مختلف!

شام کو ہم (وہاں سے) واپس آئے، دریا کے ساتھ ساتھ چلتے ہوئے، اب دریا آب و تاب سے چمکنے کی بجائے خاموش تھا اور پہاڑوں پر ٹھنڈے ٹھنڈے سائے پھیلتے جا رہے تھے۔ ہم نے دریا کے موڑ کے گرد بڑے حفاظتی چٹانی پشتے کے گرد چکر کاٹا اور اچانک ہماری نظر سامنے ایک بارات پر پڑی جس نے پوری سڑک کو گھیر رکھا تھا۔ دُلہن ایک ڈولی میں تھی جس کے چاروں جانب خواتین پیدل چل رہی تھیں۔ یہ سب خواتین سیاہ لباسوں میں ملبوس تھیں اور انہوں نے بہترین کڑھی ہوئی دیا کشیدہ کاری کے کام والی) سیاہ شالیں اوڑھ رکھی تھیں۔ ان کی قمیضوں پر بھی کڑھائی کا خوش رنگ کام ہوا تھا۔ انہوں نے ہر قسم کے زیورات بھی زیب تن کئے ہوئے تھے۔ بعض کے سر پر کپڑے سے ڈھکی ہوئی ٹوکریاں تھیں۔ بعض نے کڑھی ہوئی واسکٹیں بھی پہنی

ہوئی تھیں۔ بعض نے سرخ شلواریں پہنی ہوئی تھیں۔ یہ سب کی سب رقص کے انداز میں ٹھمکتی ٹھمکتی جا رہی تھیں اور تالیاں بجاتی جا رہی تھیں اور صاف ظاہر ہو رہا تھا کہ وہ (موقع سے) پورا پورا لطف اٹھا رہی تھیں۔ ہمیں بتایا گیا کہ یہاں پر یہ (صفحہ 31) رواج تھا کہ دولہا کو شادی سے تین ہفتے پہلے (کہیں پر) تن تنہا رہنے کے لیے بھیج دیا جاتا تھا۔ بظاہر محسوس ہوتا تھا کہ اس موقعے پر ہونے والے موج میلے میں اس کا حصہ لینا مناسب نہیں سمجھا جاتا۔ جہیز کی مسہریاں بھی بارات میں جا رہی تھیں، برتن بھی، بستر بھی، ایک نیچی میز بھی، (وغیرہ وغیرہ) وہ تمام اشیا ساتھ تھیں جن کی دلہن کو اپنے نئے گھر میں ضرورت پڑتی ہے۔ بعد میں (یہی) بارات ہمیں ایک (گھر کے) آنگن میں دکھائی دی۔ اب رنگ برنگے لباسوں میں ملبوس رقاص لوگوں (یا باراتی) کا دل بہلا رہے تھے۔

اگلے دن کا پروگرام علمِ طبقات الارض سے دلچسپی رکھنے والوں کے لیے بنایا گیا تھا اور ان کے لیے بھی جو بدھ دور کے کھنڈرات کو زیادہ بہتر طور پر دیکھنا چاہتے تھے۔ (ارد گرد کا) ہر پہاڑ کسی نہ کسی خانقاہ کے کھنڈرات، یا کسی قلعے یا سٹوپا کے کھنڈرات اور کچھ نہیں تو کسی پرانے مکان ہی کے کھنڈرات سے بھرا پڑا تھا۔ ایسے سٹوپوں کے کھنڈرات تھے جن میں کھدائی کا بہت زیادہ کام ہوا کرتا تھا جس کے نیچے کچھے ٹکڑے اب بھی موجود تھے۔ جب زعفرانی لباسوں میں ملبوس بدھ بھکشو دریا کے کنارے دھان کے کھیتوں پر نظر ڈالتے ہوں گے اور برف کی شفق رنگ چمکدار چوٹیوں کے نزدیک سورج غروب ہوتے دیکھتے ہوں گے تو اس وادی میں کیسا سماں ہوتا ہوگا؟ یہ بدھ بھکشو اپنے پینے کے لیے پانی کتنی دور سے لاتے ہوں گے؟ جن جنگلات کی لکڑیوں کو وہ ایندھن کے طور پر استعمال کیا کرتے ہوں گے، کیا وہ سب کے سب اب غائب ہو چکے ہیں؟ یا یہ بھی ان کے عقیدے کا ایک حصہ تھا کہ وہ سادہ ضروریات زندگی کے حصول کے لیے بھی لمبے لمبے فاصلے طے کیا کریں؟ سر آرل سٹین ایک مرتبہ وادیٔ سوات

کی سیر کو آئے تھے اور انہوں نے اپنی ایک کتاب بعنوان "سکندر کے پیچھے دریائے سندھ کے کنارے" میں بدھ دَور کے اِن (پرانے) وتنوں کا ذکر کیا ہے لیکن ابھی تک مجھے اِس کتاب کی ایک جلد نہیں مل سکی ہے۔

اس دن کا خاصا حصّہ ہم نے بازار میں خریداری کرتے گزارا۔ ہر کوئی سوات کے کمبل خریدنا چاہتا تھا اور (صفحہ 32) قسمیں بہت سی تھیں، کچھ اونی کمبل تھے، کچھ سوتی اور کچھ مِلے جُلے، زیادہ تر خوب صورت (یا شوخ) رنگوں میں تھے (مثلاً) سرخ اور زرد اور نیلے اور سبز، بعض پردوں کے طور پر استعمال ہو سکتے تھے اور بستر کی چادروں کے طور پر بچھائے جا سکتے تھے۔ بعض خواتین نے سرخ کناروں والے کالے رنگ کے مفلر خریدے؛ بعض اپنی سہیلیوں کو دکھانے کے لیے سواتی ٹوپیاں خریدنا چاہتی تھیں۔ مجھے تو یہ ٹوپیاں (کم از کم) ان خوبصورت لڑکوں کے مقابلے میں بہت بھدی اور غیر موزوں لگیں جو انہیں اوڑھے ہوئے تھے۔ ہاں، یہ گرم خاصی تھیں۔ مجھے تو وہ ٹوپیاں پسند آئیں جن پر سنہری تِلّے کا حاشیہ کڑھا ہوا ہوتا ہے اور جیسے عموماً آپ کسی پیارے سے بچّے کے سر پر، خاص طور پر کسی مقامی خان (یا سردار) کے بچے کے سر پر دیکھ سکتے ہیں۔

اگلے دن کی شام تک بادل چھا گئے اور اس سے اگلے دن بوندا باندی ہونے لگی۔ ہمارا خیال تھا کہ یہ ایک دو گھنٹوں میں رک جائے گی اسی امید پر ہم "پیر بابا" کے لیے روانہ ہو گئے۔ ہم نے سوچا کہ اس دلچسپ راستے کو ہم اپنے واپسی کے سفر میں تو دیکھ نہیں سکیں گے کیونکہ یہ خاصا لمبا راستہ ہے اور درگاہ تک پہنچنے کے لیے چار دَرّوں سے گزرنا پڑتا ہے۔ ہم دریائے سیدو کے پل کے پار گئے اور چند میل تک اسی سڑک پر چلتے رہے جس پر سے ہم (یہاں) آئے تھے، پھر ہم بائیں جانب کو مڑ گئے اور تھوڑی دیر بعد چڑھائی شروع ہو گئی۔ راستہ بہت عمودی اور تنگ تھا اور پہلے دَرّے کی چڑھائی تو ہمیں بہت ہی طویل لگی، ویسے یہ راہ کے چاروں دَرّوں میں سے

سب سے زیادہ بلند تھا۔ یہ بہت پُرپیچ تھا۔ اوپر آسمان بارش برسا رہا تھا اور ایسے میں ہمیں بلند پہاڑ سے نیچے جاتا ہوا پرپیچ راستہ بالکل بھی تو دلچسپ نہ لگا۔ چنانچہ ہم وہیں سے واپس مڑ گئے اور جس راستے سے گئے تھے، اسی راستے سے واپس آ گئے اور وادی میں واپس پہنچ کر ہم نے مسرت محسوس کی۔ اب آگے بارش بھی اتنی تیز ہو گئی تھی کہ پہاڑ تک ہمیں دھندلے دھندلے نظر آ رہے تھے اور سارا (حسین) منظر نظروں سے اوجھل ہو گیا تھا۔ ہم نے کھانا کار ہی میں کھایا اور ہماری نظریں (صفحہ 33) بُدھ دور کے کھنڈرات کی طرف تھیں کیونکہ وہاں بارش میں اوپر چڑھ کے جانا کوئی بھی نہ چاہتا تھا۔ سارے رنگ پھیکے پڑ گئے تھے، برف (نظروں سے) غائب ہو گئی تھی، پھولوں پر مُردنی چھا گئی تھی اور دُور سے نظر آنے والے پہاڑ دھند میں چھپ گئے تھے۔ آخر کار ہم لوگ ہوٹل واپس آ گئے اور دن کا باقی حصّہ پھولوں کے نمونوں کو ٹھیک ٹھاک کرنے، یادداشتیں جمع کرنے، کچھ پھولوں کی تصاویر (یا خاکے) بنانے اور چائے پینے میں گزارا۔ دُھند اب وادی میں اور زیادہ پھیل گئی تھی حتیٰ کہ نزدیکی پہاڑ بھی چُھپ گئے تھے۔ رنگوں کی اس تمام ریل پیل میں سے اب ایک مدہم سا ہلکا سا آسمانی رنگ باقی رہ گیا تھا۔

ہم نے "بحرین" کے ایک ریسٹ ہاؤس تک جانے کا منصوبہ بنایا تھا اور "کالام" جانے کی بھی نیت تھی لیکن اگلے دن بارش اتنی تیز ہوتی رہی کہ ہماری ہمت جواب دے گئی۔ یوں لگ رہا تھا جیسے نہ جانے کتنے دنوں کے لیے اب بارش کا موسم چل پڑا ہے۔ چنانچہ ہم جہاں سے وادی میں گئے تھے وہیں سے یعنی چکدرہ اور مالاکنڈ کے دَرّے کے راستے ہی سے واپس ہو لئے۔ تیز بارش میں گوجروں کے خاندانوں کے خاندان سڑک پر جا رہے تھے، ان کے مویشی ان کے آگے آگے تمام گھریلو سامان لادے چلے جا رہے تھے۔ انہیں اس طرح پانی میں شرابور دیکھ کر ہمیں دکھ محسوس ہوا۔ سیاہ اور سرخ کپڑے پہنے ہوئے ایک لڑکی ایک کالے میمنے کو بانہوں میں اٹھائے ہوئے تھی جیسے کہ وہ میمنا

بارش میں حوصلہ ہار چکا ہو۔ ہم نے دریائے سوات اور دریائے دِیر کا سنگم بھی دیکھا اور حیرت سے یہ سوچنے لگے کہ سکندرِ اعظم کہیں دِیر کے راستے تو ہندوستان نہیں آیا تھا (یہاں پہاڑوں کی چوٹیاں بہت نوکیلی تھیں اور اتنی پتلی پتلی نظر آرہی تھیں جیسے کارڈبورڈ دیا گتے) میں سے کاٹ کر بنائی گئی ہوں۔ ہم نے سڑک کے کنارے ایک دوکان میں چیتے کے نیچے کی ایک کھال لٹکی ہوئی دیکھی اور حیرت سے سوچنے لگے کہ بھلا یہ کہاں سے (یہاں) آئی ہوگی۔ منگورہ میں دوکانوں پر بھیڑیوں کی کھالیں تو تھیں۔ بارش میں درّے کی نزدیکی چٹانیں تقریباً سیاہ لگ رہی تھیں (صفحہ 34) اور وادی کے بے انتہا سرسبز اور سنہرے رنگ سے مکمل طور پر مختلف نظر آرہی تھیں۔ جب ہم سوات آئے تو مالاکنڈ کے درّے کا راستہ بہت دشوار گزار محسوس ہوا تھا لیکن پیر بابا والی سڑک کے بعد تو یہ ایک شاہراہ (جیسا) لگ رہا تھا۔ بارش ہمارے ساتھ ساتھ سارے راستے پنجاب تک ہوتی آئی۔

وادیٔ سوات میں طویل عرصہ گزارنا کتنا اچھا ہوگا! میں تو درجنوں تصاویر ہی بناتی رہوں اور بلند تر پہاڑیوں پر جاؤں۔ (وہاں) موسم بہار میں پھول اتنے زیادہ حسین ہوتے ہیں۔ ہاں، اگر آدمی آرام کے ساتھ (وادی میں) گھومنا چاہے تو پھر اس کے پاس اپنی کار ہونی چاہیئے۔ سوات کی سڑکیں اچھی ہیں اور بہت سی چھوٹی چھوٹی وادیوں تک بھی کار جاسکتی ہے۔ ہماری سیاحت تو اتنی مختصر تھی جیسے سینما کی ایک فلم کے دو حصّے ہم نے دیکھے ہوں، ایک حصّہ چمکدار دھوپ میں اور دوسرا حصّہ بارش میں۔ اور ایک اور تیسرے حصّے کے دیکھنے کی مجھے ہمیشہ حسرت ہی رہے گی (کیونکہ) اس میں وہ راستے ہیں جن پر ہم سفر نہ کرسکے اور وہ پہاڑیاں ہیں جن پر ہمیں شاید کبھی چڑھنے کا موقع نہ ملے۔

گلبرٹ ہائیٹ

5- لاشعوری فنکار

(صفحہ 35) اگر آپ احساسِ جمال وحیرت رکھتے ہیں تو آپ کو ہر جاندار میں حسن و جمال نظر آئے گا ۔۔۔ (آپ کو حسن وجمال) نہ صرف چیتے اور اس کے گھریلو بہن بھائیوں (یعنی بلے بلیوں) میں واضح طور پر نظر آئے گا، نہ صرف سالمن جیسی خوبصورت مچھلی اور تتلی جیسی شاندار چیزوں میں نظر آئے گا بلکہ فطرت کے عجیب و غریب جانوروں مثلاً نازک سی جھینگا مچھلی، خوفناک حد تک ٹیڑھے میڑھے مانٹس، عام لیکن مفید یک خلیہ پروٹوزوں اور خوفناک لیکن خنداں بیچ رہنے والے مگرمچھوں میں بھی نظر آئے گا۔ تاہم اس کرۂ ارض پر ہمارے سارے ساتھیوں میں سے پرندے یقیناً سب سے زیادہ متنوع طور پر حسین ہیں۔ صرف یہی نہیں۔ پرندے نسلی اعتبار سے بھی اور اپنی بیشتر عادات کے لحاظ سے بہت زیادہ دور سہی لیکن پھر بھی کچھ معاملات میں وہ دوسرے سب جانوروں کی بہ نسبت انسانوں سے زیادہ نزدیک ہیں۔

فطرت (کے مطالعے) کا ایک صحیح ماہر یقیناً اس بات سے انکار کرے گا (کیونکہ) ہر سائنس دان جانوروں میں انسانی خصوصیات کی موجودگی کے بارے میں بہت محتاط ہوتا ہے (صفحہ 36) ۔۔۔ ان کے نزدیک یہ سمجھنا ایک غلطی ہے کہ ایک جانور کا رویہ انسانوں کے رویے جیسا ہے اس لیے وہ انسانوں کی مانند ہی سوچتا اور محسوس کرتا ہے۔ یہ ایک مناسب احتیاط ہے اور ہم اسے ذہن میں رکھیں تو کوئی حرج نہیں۔ تاہم پرندوں کے متعلق اہم بات یہ نہیں کہ وہ کبھی کبھی انسانوں کی سی حرکتیں کرتے ہیں بلکہ یہ ہے کہ انسان اکثر پرندوں کی سی حرکتیں کرتے ہیں۔ نسل انسانی کی ایک بنیادی مصروفیت فنونِ لطیفہ

ہے، اِسے شوقِ آرائش کہہ لیجئے، (حسیات کا) مہذب اظہار کہہ لیجئے، یہ سب کچھ فنونِ لطیفہ ہی ہیں۔ غاروں میں رہنے والے (قدیم) انسان اپنی غاروں میں شاندار تصاویر بناتے تھے، سب سے زیادہ قدامت پرست قبیلے بھی رقص و موسیقی سے محبت کرتے ہیں۔ دھرتی پر رہنے بسنے والے تمام خواتین و حضرات اپنے گھروں، اپنے جسموں اور اپنی اشیا کو سجاتے ہیں خواہ یہ سجاوٹ پیتل کے چند پیالوں پر مشتمل ہو یا ایک چمکیلی کیڈلک کار پر مشتمل ہو۔ یہ (سب) حرکتیں فن کارانہ ہوتی ہیں۔ کرۂ ارض پر انسان کے علاوہ جو دوسری مخلوق اسی قسم کی حرکتوں میں دلچسپی لیتی ہے، پرندے ہیں۔

جب ہم پرندوں کو فن کار کہتے ہیں تو سب سے پہلے ہمارا دھیان ان کی نغمہ سرائی کی جانب جاتا ہے۔ سائنس دان ہمیں بتاتے ہیں کہ جب ایک پرندہ گاتا ہے تو اس کے پیشِ نظر ایک بڑا مقصد یعنی گھر آباد کرنا ہوتا ہے۔ وہ گا کے دوسرے نر پرندوں کو اپنے گھر سے دور رہنے کی تنبیہ کر رہا ہوتا ہے۔ اکثر اوقات پرندہ ایک ممکنہ شریکِ حیات کو بلانے کے لیے بھی گاتا ہے جس سے ابھی اس کی ملاقات نہیں ہوئی ہوتی۔ بعد میں جب اسے شریکِ حیات مل جاتا ہے اور وہ گھر بسا لیتا ہے تو وہ گا کے اس کے لیے جذباتِ مسرت کا اظہار بھی کرتا ہے اور اس کے لیے دل کشی کا سامان بھی مہیا کرتا ہے جسے وہ اپنے پروں کی نمائش اور دلیرانہ پرواز سے بھی کرتا ہے۔ ظاہر ہے کہ یہاں تک تو پرندے کی نغمہ سرائی اس کی جبلت کا اظہار ہے، فن نہیں۔ لیکن سائنسی نظر سے مشاہدہ کرنے والے حضرات اکثر یہ تسلیم کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں کہ کبھی کبھی پرندوں کے نغمے اظہارِ جبلت کی حدود سے نکل کر واقعی موسیقی اور فن بن جاتے ہیں۔ (صفحہ 37) ان میں سے ایک فرانسیسی ماہرِ مطالعۂ فطرت پال بیریل تسلیم کرتا ہے کہ "بعض اوقات گیت صرف مسرت کے لیے گایا جاتا ہوا محسوس ہوتا ہے"۔ اور وہ اس امر کو "خوشی کی ایک مخصوص حالت کا اظہار" کہتا ہے۔ وہ مزید کہتا ہے کہ اگرچہ بیشتر مادہ پرندے قوتِ گویائی نہیں رکھتے یا

اس کا اظہار نہیں کرتے تاہم شادی کے بعد ان میں سے کچھ اپنے نر کے ساتھ مل کر، دوگانا گاتے ہیں۔ گِنی کے تیتر اتنی نزاکت کے ساتھ ہم آہنگی سے گاتے ہیں کہ ان کے گیت "ایک ہی، واحد نغمے" کی شکل اختیار کر لیتے ہیں۔

اب ذرا پرندوں کے لباسوں پر ایک نظر ڈال لیں۔ ان میں پینگوئنوں کے سادہ، شام کے لیے مناسب لباس سے لے کر آسٹریلوی، امریکی اور افریقی طوطوں کے چمکتے دمکتے رنگ برنگے لباس تک نہایت شاندار مختلف النوع لباس پائے جاتے ہیں۔ وسطی ایشیا میں ایک چھوٹا سا پرندہ پایا جاتا ہے جسے "مسز گولڈ کا آفتابی پرندہ" کہتے ہیں (کتنی خوش قسمت ہیں مسز گولڈ!) یہ پرندہ صرف پھولوں کا رس پیتا ہے۔ یہ ایک گولڈ فنچ (نامی پرندے) جتنا ہوتا ہے۔ اس کا سینہ سرخ ہوتا ہے جو ذرا نیچے سنہرا ہو جاتا ہے اور مزید نیچے انگوری، اس کی گردن تیز عنابی رنگ کی ہوتی ہے، اس کے بازو (والے پر) تیز سبز رنگ کے ہوتے ہیں۔ سر عنابی ہوتا ہے جس پر تین نیلے رنگ کے خوبصورت دھبے پڑے ہوتے ہیں اور اس کی لمبی دہری دم نیلے اور کالے پروں پر مشتمل ہوتی ہے۔ اور ہاں، یہ تو ایک پرندے کے عمومی لباس کے رنگوں کا ذکر ہے۔ جب پرندے شادی کے لیے تیار ہوتے ہیں تو وہ بہت حیرت ناک سج دھج اختیار کر لیتے ہیں۔ ایک قسم کا جنگلی مرغ — سیج کاک — اظہارِ محبت کے وقت بالکل ایسا نظر آتا ہے جیسے برونزینو کی اطالوی تحریکِ احیائے علوم کے دور کی کسی تصویر کا ایک شریف آدمی۔ اس نے ایک سفید کوٹ پہنا ہوتا ہے اور سینے کے درمیان دو سنہرے تمغے سجائے ہوتے ہیں، کالی برجس پہنی ہوتی ہے، سفید جرابیں اور بازوؤں اور دم کے پروں میں بھورا اور سبز رنگ ملا جلا ہوتا ہے۔ جب وہ جسم کی نمائش کرتا ہے تو ایک شانِ بے نیازی سے بازو (کے پر) نیچے کو جھکا دیتا ہے اور دم کھول کر (صفحہ 38) ایک دھوپ سی بکھیر دیتا ہے اور اپنے کندھوں کے پیچھے بھورے رنگ کے چھوٹے چھوٹے پر پھیلا دیتا

ہے۔ اس کی بھنویں چمکیلے سرخ رنگ کی ہوتی ہیں۔ بعض افریقی، امریکی اور آسٹریلوی طوطے اپنے حسن وجمال کی نزاکت اور خوبیوں میں بہترین فنکار کے ذہنی نتائج سے بھی کہیں بڑھ کر ہوتے ہیں اور آپ یہ بھی نہ سمجھ لیجئے گا کہ پرندے اپنے حسن وجمال سے آگاہ نہیں ہوتے۔ وہ باقاعدہ اس کا خیال رکھتے ہیں۔ جب وہ پروں کو صاف کر رہے ہوتے ہیں تو ایک خاص قسم کے روغنی غدود سے نکلنے والا مادّہ پروں پر چھڑک رہے ہوتے ہیں اور وہ نہ صرف ہر پَر کو صاف کرتے ہیں بلکہ ہر پَر کے ہر بال اور کنارے کو عموماً صاف کرتے ہیں۔ (ایک خاص قسم کے آبی پرندے) "ہیرن" پانی سے باہر آنے کے بعد (اپنے بدن پر) ڈالنے کے لیے ایک خاص قسم کا ٹیلکم پاؤڈر بناتے ہیں۔

ہر کوئی جانتا ہے کہ بیشتر پرندے نہ صرف مکان (یعنی گھونسلے) بناتے ہیں بلکہ انہیں بڑی مہارت سے بناتے ہیں۔ اگرچہ ان کے گھونسلے عموماً فنکارانہ نہیں ہوتے لیکن بڑی احتیاط اور کاریگری سے بنائے گئے ہوتے ہیں۔ "درزی پرندہ" گھونسلا بنانے والی اشیا ایک بڑے پتے کے اندر رکھ دیتا ہے، پھر اس کے کناروں کو اس انداز سے موڑ کر سی دیتا ہے کہ پتا کھل نہ سکے۔ جنوبی امریکہ کا "اوون پرندہ" جس کا وزن تین اونس سے بھی کم ہوتا ہے، ایک ایسا گھونسلہ بناتا ہے جس کا وزن سات پاؤنڈ سے نو پاؤنڈ تک ہوتا ہے، یہ گھونسلہ وہ ایک ایسی مٹی کی کھوکھلی گیند سے بناتا ہے جسے وہ ایک شاخ پر لٹکا چکا ہوتا ہے۔ آسٹریلیا میں "روک واربلر" (نامی پرندہ) ایک لمبا لٹکا ہوا گھونسلہ بناتا ہے جسے وہ مکڑی کے جالوں کی مدد سے کسی غار کی چھت پر لٹکا دیتا ہے۔ یہ نہیں پتا کہ مکڑیوں کا کیا ردِ عمل ہوتا ہے (اس سلسلے میں)! جزیرہ نمائے ملایا میں "میگاپوڈ" (نامی پرندے) انڈوں میں سے بچے نکالنے کے لیے مصنوعی انکیوبیٹر بناتے ہیں، اس کام کے لیے وہ سبز گھاس اور پتے وغیرہ ریت میں ملا کے ڈھیر کر دیتے ہیں جو آہستہ آہستہ سوکھ جاتے ہیں اور انڈوں کو گرم رکھتے ہیں۔ یہ پرندے خود (عام) آبی پرندوں جتنے بڑے نہیں ہوتے لیکن

دان کے) گھونسلے آٹھ فٹ اونچے اور چوبیس فٹ آرپار تک ہو سکتے ہیں اور یہ کئی سو گزوں کے قطر میں سے ٹنوں وزن جمع کر کے بنائے گئے ہوتے ہیں۔ "ہاؤس مارٹن" (نامی گھر بلو چڑیا) ایک صاف ستھرا (صفحہ 39) چھوٹا سا مٹی کا گھر بناتی ہے جس میں ایک صدر دروازہ بھی ہوتا ہے۔ "ریڈ سٹارٹ" جیسے پرندے کا ایک سادہ سا گھونسلہ تب بنتا ہے جب وہ (کم و بیش) چھ سو مرتبہ مختلف پروازیں کر کے سامان اکٹھا کرتا ہے۔

تاہم بعض پرندے مزید کام کرتے ہیں اور خالص جمالیاتی نقطۂ نظر سے گھونسلہ بناتے ہیں جیسے آسٹریلیا اور نیوگنی کے "باور پرندے"۔ یہ درختوں پر بسیرا کرنے والے پرندے ہوتے ہیں، آٹھ سے پندرہ انچ تک لمبے ہوتے ہیں اور عموماً ہمارے ہُدہُد جیسے ہوتے ہیں لیکن اس کی نسبت ان کا رنگ بڑا پیارا ہوتا ہے۔ ان میں ایک بہت مخصوص عادت ہوتی ہے جو اور کسی پرندے میں نہیں پائی جاتی۔ نَر پرندے جنگل میں جگہ صاف کرتے ہیں اور ان کے ایک کنارے پر گھاس پھونس اور پتّوں سے اچھا بھلا گھر بناتے ہیں۔ ان صاف جگہوں اور گھروں میں وہ مختلف اشیائے آرائش بڑی احتیاط سے چن کر اور جمع کر کے ترتیب سے رکھتے ہیں مثلاً تیلے پھولوں کے گچھے، سیپیاں یا چمکدار اشیاء جیسے شیشے کے ٹکڑے، خالی کارتوس اور شیشے کی گولیاں (اگرچہ یہ انہیں بمشکل ہی کبھی ملتی ہیں)۔ اے، جے، مارشل ایک ایسے ماہر مطالعۂ فطرت ہیں جنہوں نے اِن پرندوں کا بہت نزدیکی مطالعہ کیا ہے وہ بتاتے ہیں کہ یہ (گھر بنانے کا عمل) صرف جنسی مظاہرے کی ایک مختلف شکل ہے جس سے ننھی مادہ کا دل کھینچنا ہر نَر کے مخصوص علاقے کی نشاندہی کرنا اور ایسے مناسب مقام کی فراہمی کرنا مقصود ہوتا ہے جہاں پر نَر اپنے رنگ برنگ پَروں اور لاجواب جسمانی پوز دکھا سکے۔ مارشل یہ بھی تسلیم کرتے ہیں کہ یہ پرندے اپنے (اپنے) گھروں سے لطف اندوز ہوتے ہیں، اور ان کا یہ گھر بنانا محض جسمانی ضرورت نہیں ہوتا اور

وہ اپنے گھر سجانے میں ایسے نمایاں امتیازات کا مظاہرہ کرتے ہیں جنہیں صرف
جمالیاتی ذوق ہی کہا جا سکتا ہے۔ نیوگنی میں پرندے جمع کرنے والا ایک امریکی جنگل
میں سے گزر رہا تھا، وہ "باور پرندے" کے بارے میں بالکل بھی نہیں سوچ رہا تھا
نہ ہی اس نے کبھی ان کے گھر دیکھے تھے۔ اچانک وہ ایک ایسی جگہ پر جا پہنچا
جہاں پر (صفحہ 40) لگ بھگ چار فٹ مربع جگہ سے گھاس پھونس صاف کی
ہوئی تھی اور اس کے بالکل کنارے پر ایک جھونپڑی نما گھر بنایا گیا تھا جو لگ بھگ
تین فٹ اونچا اور پانچ فٹ چوڑا تھا اور اس میں ایک فٹ اونچا ایک دروازہ بھی
چھٹا ہوا تھا۔ "یہ عجیب و غریب مکان صاف شدہ جگہ کے بالکل سامنے بنا ہوا تھا۔
خالی جگہ میں پھولوں یا پھلوں کی کئی کیاریاں بنی ہوئی تھیں جس سے گھر کے سامنے والے
لان (آنگن) کا تصور آتا تھا۔ دروازے کے بالکل نیچے زرد (رنگ کے) پھلوں کا
ایک قطعہ تھا۔ لان (آنگن) میں ذرا اور آگے کو نیلے (رنگ کے) پھلوں کا ایک قطعہ
تھا۔ اس سے پرے ایک جانب دس تازہ تازہ چنے ہوئے پھول پڑے تھے۔" بعد
میں اس سیاح نے معمار کو اپنے گھر آتے (بھی) دیکھ لیا۔ سب سے پہلے اس (پرندے)
نے ایک دیا سلائی دیکھی جو اس کی صاف شدہ جگہ میں کسی نے لاپروائی سے پھینک
دی تھی۔ یہ اچھل کر وہاں پہنچا، دیا سلائی اٹھائی اور سر گھما کے اسے صاف جگہ سے پرے
پھینک دیا۔ چنانچہ سیاح نے کچھ گلابی اور زرد (رنگ کے) پھول اور ایک سُرخ
رنگ کا "آرچِڈ" نامی پھول حاصل کئے اور انہیں صاف شدہ جگہ میں رکھ دیا۔ جلد
ہی پرندہ واپس آیا اور سیدھا نئے پھولوں کی طرف اڑ کر پہنچا۔ اس نے تمام زرد پھول
اٹھا اٹھا کے پھینک دیئے۔ اس کے بعد تھوڑی سی ہچکچاہٹ کے ساتھ گلابی پھول
بھی پرے ہٹا دیئے۔ آخر میں اس نے "آرچڈ" کے پھول کو اٹھا لیا، فیصلہ کیا کہ اسے
باقی پھولوں کے ساتھ نہیں پھینکنا، اور تھوڑی دیر تک اسے اٹھائے اٹھائے اپنی

سجائی ہوئی اشیا کے کبھی ایک ڈھیر کی طرف جاتا رہا کبھی دوسرے کی طرف جاتا رہا یہاں تک کہ اسے ایک ایسی جگہ مل گئی جہاں یہ رکھنے سے خوبصورتی کو چار چاند لگ جاتے تھے۔

کیا یہ بات (آپ کو) ناقابلِ یقین لگتی ہے؟ "باور" پرندے کے بارے میں کچھ اور حقائق ایسے ہیں جو اس سے بھی بڑھ کر ہیں۔ جب ایک نر پرندہ اپنا گھر مکمل کر لیتا ہے تو اسے اس کی حفاظت کرنا پڑتی ہے کیونکہ اگر وہ خوراک (وغیرہ) کی تلاش میں اڑ کر چلا جائے گا تو کوئی نہ کوئی دوسرا نر اس کے گھر کو تباہ کر دے گا اور اس کی اشیائے آرائش چرا لے گا۔ بعض نسلوں کے "باور" پرندے نہ صرف (صفحہ ۱۴۱) اپنے گھروں کو سجاتے ہیں بلکہ اِن پر رنگ بھی کرتے ہیں۔ یہ رنگ وہ رنگ دار پھلوں کے گودے، جلی ہوئی لکڑیوں کے کوئلے اور (جب گھر نزدیک ہوں، جیسے آسٹریلیا میں ہیں) چرائے ہوئے نیل سے کرتے ہیں۔ اگر آرائش میں سے ایک پھول مرجھا جاتا ہے تو اِسے فوراً (الگ کر کے) ہٹا دیا جاتا ہے، اور اگر کوئی انسان دخل اندازی کرے تو اس کی دخل اندازی سے پیدا شدہ خرابیوں کو درست کر دیا جاتا ہے۔ ایک جائزہ لینے والے نے ایک (اس قسم کے) گھر میں سے تھوڑی سی کائی اٹھا کے تھوڑی دور جنگل میں کہیں لٹکا دی۔ بار بار ایک چمکیلے رنگوں والے پرندے نے غصّے سے اس کائی کو واپس لا کر رکھ دیا۔ اور اس کے بعد اسی جائزہ لینے والے نے ایک ایسا تجربہ کیا جسے میں تو ظالمانہ ہی کہوں گا۔ اس نے تین گھروں کو آگ لگا دی۔ ہر گھر کے جلنے پر ایک نر پرندہ درختوں میں سے اُڑ کر آیا اور جلتے ہوئے گھر کے نزدیک ہی کسی نہ کسی درخت کی شاخ پر بیٹھ گیا، خوبصورت سر نیچے کو گرا لیا اور (پروں والے) بازو لٹکائے جیسے کہ کسی چتا پر بیٹھا افسوس کر رہا ہو۔ "اے سائنس! تیرے نام پر کیا کیا ظلم روا رکھے جاتے ہیں!"

باور پرندے کوئی خاص ذہین نہیں ہوتے، ان کے فنی مظاہروں کا تعلق یقیناً ان کے جسمانی نظام سے ہوتا ہے۔ کم از کم علمی یا میکانیاتی تشریح تو اسی طور سے کی جاسکتی ہے۔ لیکن بہت سے ایسے فن کار انسانوں میں بھی ہو گزرے ہیں جو کوئی خاص ذہین نہ تھے اور جو اس وقت بہترین کام کرتے تھے جب ان کا جسمانی نظام رُو بہ عمل ہوتا تھا۔

پرندوں کی فنی صلاحیتوں کے بارے میں کافی کچھ کہا جا سکتا ہے، ان کے رقص بعض اوقات عجیب و غریب ہوتے ہیں مگر اکثر اوقات عمدہ (اور دلکش) ہوتے ہیں۔ آپ کو والٹ ڈزنی کی پرندوں کے بارے میں فلموں کے غیر معمولی مناظر تو یاد ہوں گے جن میں پُرمسرت جوڑے بلکہ پرندوں کے پُرمسرت گروہ دلکش بیلے کے انداز میں اکٹھے رقص کرتے ہیں اور پرندوں کے بارے میں سب سے بنیادی طور پر جو چیز خوبصورت ہے، وہ ان کی (صفحہ 42) پرواز ہے۔ ان میں سے سب سے بھدا یعنی گدھ بھی ہوا میں (اڑتا ہوا) اچھا لگتا ہے۔ بعض بہت بھدے اور حقیر پرندے جیسے سمندری بگلے بھی جب اڑتے ہیں تو حساس فنکار لگتے ہیں۔ حتیٰ کہ موٹا، لالچی اور عام سا کبوتر جو زمین پر مٹک مٹک کر چلتے وقت حقیر پرندہ لگتا ہے، فضا میں پرواز کرتے وقت ایک فرشتے جیسی چیز بن جاتا ہے۔ شکاری پرندے ایک قسم کی پروازِ رقص کرتے ہوئے عموماً ایک دوسرے سے پیار کرتے ہیں۔ پہاڑی کوّے ایک دوسرے کے پہلو بہ پہلو اڑتے ہیں، ایک دوسرے کو چھوتے ہوئے، جیسے اکٹھے (ہل میں) جُتے ہوئے ہوں۔ وہ بڑی طویل پروازوں میں بھی اپنا باہمی فاصلہ نہیں بدلتے۔ "بزرڈ" نامی عقاب نما پرندے جب محبت کرتے ہیں تو شکاری اور شکار کا سا کھیل کھیلتے ہیں۔ وہ بڑے بڑے دائروں میں اونچا، اور (اونچا اڑتے جاتے ہیں اور اچانک اوپر کا پرندہ پر سمیٹ کر دوسرے پر جھپٹتا ہے جو کمر کے بل مڑ جاتا ہے مگر پر گرنے سے بچنے کے لیے کھلے رکھتا

ہے۔ وہ ایک دوسرے کے پنجوں کو سرور کے عالم میں پکڑے رکھتے ہیں اور اس کے بعد دونوں پرندے اپنا بیلے رقص جاری رکھنے کے لیے الگ ہو جاتے ہیں۔ پرندوں میں بھی اور انسانوں میں بھی ہمیں فن کی صحیح ابتدا اسی قسم کے سرور میں، اسی قسم کی خطرناک اور پُرمسرت اور غیر ضروری، غیر افادی حرکات ہی میں نظر آتی ہے۔ بہترین فن کا ایک بہت بڑا حصہ ان قوتوں سے معرضِ وجود میں آتا ہے جن سے ہم ہمیشہ بے خبر ہی رہتے ہیں کیونکہ ان کا تعلق عقل سے ماورا کسی اور شے سے ہوتا ہے۔

ڈائلان تھامس

6۔ چھٹی (کے دن) کی یادیں

(صفحہ 43) یوم اگست کی عام تعطیل —— کون آئس کریم کا ایک ٹُر، سمندر کا شور وغل اور ریت کی گُدگُدی۔ بڑی بڑی چھتریوں کے موج میلے کا آغاز۔ پُرفریب سمندر میں رقص کُناں غسل کرنے والوں کا آنکھیں مارنا اور خوش کن آوازیں، رنگ برنگ لباسوں کا ہجوم، پتلونوں کی لڑھکنیاں، کشتی چلانے والوں کا سمجھوتہ۔ لڑکیوں کا غُسلِ آفتابی اور لڑکوں کا موج میلہ، غباروں کا خاموش شور وغل۔

مجھے یاد ہے کہ سمندر ایک مکمل ہم آہنگ کھو کھلے منٹ تک ایک (سیپی کے) خول میں جھوٹ بول رہا تھا اور یہ خول اس ایک پتلی دبلی (پانی میں) شرابور لڑکی نے میرے کان کے پاس پکڑا ہوا تھا جس نے ایک بہت بڑا غسل کا سوٹ پہنا ہوا تھا جس پر ''کارپوریشن پراپرٹی'' لکھا ہوا تھا۔

مجھے ایک لڑکے اور ایک شیر کے ساتھ مل کر اپنا آخری بند کھانا یاد ہے۔ ہلکے

بھورے رنگ کا وحشی شیر اپنے ظالمانہ ناخنوں اور بڑے منہ سے کیک کھا رہا تھا جبکہ چھوٹا لڑکا ٹکڑے کر کر کے اسے ہڑپ کر رہا تھا۔ افسردہ اور ظالم شیر اتنا بے ضرر نظر آ رہا تھا جیسے کیک خود یا ایک قالین کا شیر، اور وہ اپنے آدھے بند کو ایک چوہے کی مانند لقمہ لقمہ کر کے کھا رہا تھا اور اپنے پنجرے کے المناک جھٹ پٹے سے اندھیرے میں ہچکیاں لینے لگا تھا۔

(صفحہ ۴۴) مجھے ایک کونسلر یا بیلف قسم کا آدمی بھی یاد ہے جو ایک اونچا ہیٹ اور بغیر کالر کی قمیض پہنے ہوتا تھا۔ اس کے ہاتھ میں مونگ پھلی کی قسم کی پھلیوں کا ایک لفافہ ہوتا تھا اور جب وہ اپنی گول گھومنے والی کرسی پر چلّا چلّا کر کہہ رہا ہوتا تھا "آؤ بچو، سواری کرو" تو نیچے قصبے کی ڈھیٹ قسم کی لڑکیاں چہرے اوپر کو کئے ہنس رہی ہوتی تھیں اور لڑکے موٹے موٹے کاندھوں اور چاقو جیسی تیز نوکوں والے جوتوں سمیت کھڑے (دیکھ رہے) ہوتے تھے اور پھلیاں نمکین اولوں کی مانند فضا میں اڑ رہی ہوتی تھیں۔

بچے تمام دن روشن اور پرشور سمندر کے کنارے کھیل کود کرتے رہتے اور شور و غل مچاتے رہتے اور کھیل کے خالی اور بے کار پڑے ہوئے میدان میں اچار چٹنی مربّے کے کارخانے کے پیچھے ڈاجم کاریں چلتی رہتی تھیں اور سٹیم انجن اپنی رقص آور موسیقی بجاتا رہتا تھا۔

اور مائیں اپنے قابلِ فخر گلابی لڑکے لڑکیوں کو زور زور سے دھمکایا کرتی تھیں کہ وہ جیلی فش (نامی مچھلی) کو نیچے چھوڑ دیں۔ باپ لوگ اپنے اپنے چہروں پر اخبار پھیلا لیتے تھے اور پکنک کے لیے لائے گئے سلاد میں کیڑے مکوڑے گھس آتے تھے اور لوگ باگ نمک گھر بھول آیا کرتے تھے۔

ان ہمیشہ روشن، صاف (بے بارش)، کاہلی آمیز، بے ترتیب اور نیلے آسمان والے

موسم ہائے بہاریں جو گزر گئے، مجھے یوم اگست کی عام تعطیل کا سوموار یاد آتا ہے جو رنگین اور شاہی قصبے میں سورج کے طلوع ہونے سے شروع ہوتا تھا اور فضا میں پھیلی ہوئی موسیقی کے تھک کر تھم جانے اور سمندر کے پانی میں آتش بازی کی چنگاریوں پر ختم ہو جاتا تھا۔ سمندر کے کنارے کھیلوں سے شروع ہو کر آخری ریت آلود سینڈوچ پر ختم ہو جاتا تھا۔

تعطیل کی اس صبح کاہل لڑکوں کو ناشتے پر بلانے کے لیے چیخنا چلانا نہیں پڑتا تھا اپنے بے ترتیب بستروں میں سے وہ (جلدی جلدی) برآمد ہو جاتے تھے اور (کھونٹی پر) لٹکے ہوئے کپڑوں کو افراتفری کے عالم میں جسم پر لٹکا لیتے تھے۔ غسل خانے کی پلمچی میں جلدی جلدی وہ بلی کی مانند (صفحہ 45) اپنے ہاتھ منہ چپڑ لیتے تھے مگر پانی کو بہت دیر تک اونچی آواز سے بہانا کبھی نہ بھولتے تھے جس سے یہ ظاہر کرنا مقصود ہوتا تھا کہ وہ کسی ہوٹل کے ہلیارے کی طرح ہاتھ منہ دھو رہے ہیں۔ (کٹو کے گھونسلے کی طرح) بھرے بھرے بے ترتیب کمرے میں بال پڑے ہوئے آئینے میں جس کے کنارے پر سگریٹ میں سے نکلنے والے تاش کے پتے لگے ہوتے تھے، وہ اپنے الجھے ہوئے بالوں میں ٹوٹے ہوئے دانتوں والے کنگھے سے کنگھا کرتے اور تابدار رخساروں اور ناکوں اور اکڑی ہوئی گردنوں کے ساتھ زینے کی بیک وقت تین تین پیڑیاں طے کرنے لگتے تھے۔

لیکن اپنی اس تمام افراتفری اور پھرتی، زینے کے پاس شور و غل، ہاتھ منہ کی چپڑائی اور دانتوں کی برش سے چھوائی، کنگھا پھرائی اور زینہ کدائی کے بعد بھی اُن کی بہنیں ہمیشہ ان سے پہلے وہاں پہنچ جاتیں۔ مرغ کی بانگ پر اٹھ کے وہ کپڑوں پر استری پھیرتیں، کپڑے پہنتیں اور باورچی خانے میں چھُنن مُنن کرنے لگتیں۔ پھولوں جیسے رنگ برنگے لباسوں میں جلوس، سر میں دھنک رنگ ربن سجائے، آبدار برف جیسے سفید گم شوز پہنے، بے وقوفانہ انداز میں کچھ صاف، کچھ ٹماٹر آلود نیپکن باندھے وہ بے ترتیب باورچی خانے میں ہاتھ بٹانے لگتیں۔ وہ پرسکون ہوتی تھیں، سیدھی سادھی ہوتی تھیں۔ انہوں نے اپنی

گردن تک دھوئی ہوئی ہوتی تھی۔ نہ وہ کھیل کود کر رہی ہوتی تھیں اور نہ ہی بلاوجہ بے چین نظر آ رہی ہوتی تھیں اور صرف سب سے چھوٹی بہن شور مچاتے لڑکوں کا منہ چڑا رہی ہوتی تھی۔

اور ساتھ کے گھر والی پڑوسن باورچی خانے میں آجاتی تھی اور کہتی تھی کہ اس کی ماں جو ایک پرانی وضع کی ڈھلمل یقین عورت ہے، آج موڈ میں نہیں اور اصرار کر رہی ہے کہ اسی چھٹی والی صبح کو بڑے کمرے میں سے ایک فوٹو کا البم اور شیشے کے پھولوں والا ایک گلدان انہیں ٹرام کے سٹاپ تک لے جانا پڑے گا۔

یہ وہ صبح ہوتی تھی جب ابو تھرماس کے ڈبے کا ایک روزن بند کرتے کرتے تین نئے روزن بنا ڈالتے تھے، جب سورج مکھن کے خلاف (اعلان) جنگ کر دیتا تھا اور مکھن (ہتھیار ڈال کے) بہہ نکلتا تھا جب کتے (صفحہ 46) دھکا پیل کر کے اپنی دُموں کے گرد گھومتے باورچی خانے میں گھس آتے حالانکہ وہ صاف ستھرے پچھلے آنگنوں میں مزے مزے سے دُمیں ہلاتے پھر سکتے تھے، اِدھر اُدھر فُوں فُوں کر کے سونگھتے پھر سکتے تھے اور ایک دوسرے کے ساتھ دست و گریباں بھی ہو سکتے تھے۔ مگر وہ تو دبا باورچی خانے میں گھس کے) لوگوں کے گرد آلود جوتوں پر چڑھتے، لکھیوں پر اچھلتے، ٹانگوں میں گھُستے، تولیوں سے جسم رگڑاتے، درمیان میں پڑی ہوئی چیزوں پر بیٹھ بیٹھ کے مسکراتے۔

اور اگر آپ گلی کے کچھ مکانوں کے کچھ کھلے ہوئے دروازوں سے آنے والی باتوں کو سن سکتے تو آپ کو سنائی دیتا:

"چچا اودون کہتے ہیں کہ انہیں بوتل کھولنے والی چابی نہیں مل رہی ـــ"

"کیا انہوں نے ہال میں سٹینڈ کے نیچے دیکھ لیا ہے؟"

"وِلّی کی انگلی کٹ گئی ہے ـــ"

"بیلچہ لے لیا نا؟"

"اگر کسی نے اس کُتے کو نہ مارا تو ــــ"

"چچا اودون کہتے ہیں کہ بھلا بوتل کھولنے کی چابی بھی کہیں ہال کے سٹینڈ کے نیچے ہوتی ہے؟"

"کبھی نہیں ــــ کبھی نہیں ــــ"

"میرا خیال ہے کہ میں نے سیاہ مرچیں کہیں رکھی ہیں ــــ"

"وِلی کے خون بہہ رہا ہے بھئی ــــ"

"ذرا دیکھنا تو سہی، میری بالٹی میں جوتے کا ایک تسمہ نہ جانے کہاں سے آگیا ہے ــــ"

"چلو چھوڑو بھی، ارے جانے بھی دو۔"

"کیوں جی، ذرا ہم آپ کی بالٹی میں (اپنے) جوتے کا تسمہ ڈھونڈھ لیں ــــ"

"اگر یہ کُتا میرے قابو آگیا نا، تو بس ــــ"

"چچا اودون کو بوتل کھولنے کی چابی مل گئی ہے ــــ"

"بھئی، وِلی کا خون پنیر پر گرے جا رہا ہے ــــ"

(صفحہ 47) اور بطخوں کی مانند قیں قیں کرتی ہوئی ٹرامیں ہم سب کو خوبصورت ساحلِ سمندر پر لے جاتیں۔

ریت پر کرکٹ کھیلا جاتا تھا اور ریت نرم کیک میں آپڑتی تھی، سلاد میں مکھیاں گھس آتی تھیں، اور ضدی بے وقوف گدھوں کا کام کو دل نہ کر رہا ہوتا تھا اور (اداسی لیے) وہ لڑکھڑا کے چل رہے ہوتے تھے۔ لڑکیاں اپنے گرتے پھسلتے خیموں میں کپڑے تبدیل کرتیں اور نظر نہ آنے والی چھتریوں کے نیچے تنومند خواتین مردانہ اور بے اخلاق سمندر (میں تیرنے) کے لیے کپڑے بدل رہی ہوتیں۔ چھوٹے چھوٹے ننھے شیطان (ریت میں) نہریں کھودتے تھے۔ (کچھ) بچے بیلچے لیے بے خواہش کے ہوائی

قلعے بناتے پھرتے۔ تیز طرار نوجوان غسل خانوں والی جھونپڑیوں کے باہر تروتازہ نوجوان خواتین پر سیٹیاں بجاتے پھرتے اور کُتے ہاتھوں کی ہڈیوں کی بجائے پھینکے ہوئے پتھروں پر لپکتے پھرتے۔ انقلابی قسم کے چپالوگ ایک دھاری دار بڑے تنبو میں مزے دار شراب کے بہانے اِکٹھے ہوجاتے۔ سیاہ لباس والی مائیں لرزتی ہوئی پہاڑیوں کی مانند بیٹیوں کے اترے ہوئے لباسوں میں ہانپتی پھرتیں، ان بیٹیوں کے لباسوں میں جو اٹھکیلیاں کرتی ہوئی لہروں میں تیز تیز اچھل کود کر رہی ہوتی تھیں اور باپ لوگ سال میں ایک بار دھوپ میں پوری کسر نکال لیتے تھے اور پچاس پچاس بار اونگھتے تھے۔ اُف! بھلا سوچئے تو سہی، ریت سے بھرے ہوئے کاغذی تھیلیوں کے ساتھ پچاس اُونگھیں!

طرح طرح کی میٹھی گولیاں اور ملہٹی اور ویلز کی مٹھائیاں دھوپ میں پگھل رہی ہوتی تھیں اور درختوں کی میٹھی میٹھی جڑیں جو ہم سب چوسا کرتے تھے بالکل اس مٹھائی والے کے ڈنڈے کی طرح کی تھی جو ریوند چینی کا بنا ہوتا تھا۔

دور فاصلے پر مخصوص نظریات کے حامل مایوس لوگوں کے درمیان اور ایک لوہار کے پاس جو ڈھول لیے بیٹھا ہوتا تھا، ایک غصیلا آدمی سگتروں کے ایک ڈبے پر بیٹھا چلّا رہا ہوتا تھا کہ چھٹیاں ہونی ہی نہیں چاہئیں اور (لوگوں کی) لہروں پر لہریں آتی رہتیں جنہیں ربڑ کی بطخیں بھی ہوتی تھیں اور کلرک بھی ہوتے تھے۔

مجھے رشتے داروں کو (مذاق مذاق میں) ریت میں دبانے کا دیر میں رُوبہ عمل ہونے والا، تھکا دینے والا دلچسپ مشغلہ یا شغل بھی اب تک یاد ہے۔

(صفحہ 48) مجھے (لوگوں کے) لباسوں کے کالروں میں یا ان کے اوپر مٹھیاں بھر بھر کے یا بالٹی بھر بھر کے ریت ڈالنے کا شہزادوں جیسا مشغلہ بھی یاد ہے۔ ایک چیخ۔ تھرتھری۔ تھپڑ!

مجھے اپنا لڑکپن یاد آتا ہے۔ ساحل پر تنہا آوارہ گردی کرنے والا ایک لڑکا

خاندانی کرکٹ کے ختم ہونے کا بھکنے پن سے انتظار کر رہا ہوتا تھا۔ بے یار و مددگار آوارہ گرد، بے چارا لڑکا جسے نہ تو کرکٹ میں بیٹنگ کرنے کی دعوت ملتی تھی اور نہ ہی چائے پینے کی۔

مجھے سمندر اور سمندری جھاڑیوں کی بُو اب تک یاد ہے، گیلے گوشت، گیلے بالوں، غسل کے بعد گیلے لباسوں کی بُو اب تک یاد ہے، ایسی گرم بُو جیسی بارش کے بعد خرگوشوں کے باڑے میں سے آتی ہے، سوڈے کی بوتلوں اور چوڑے کنارے والے ہیٹوں اور ٹافیوں کی بُو، بکھرے ہوئے کچلے ہوئے پھینکے گئے گرم ریت میں گھوڑوں اور گھاس کی بُو، ہفتے کی رات کو آنے والے بچے کھچے کھانے اور گیس کے لیمپ کی بُو، سورج کے شرابیوں کے پھُولے ہوئے خیموں میں تیزی سے چکنے کے باوجود گھونگھوں اور سِرکے کی بُو، جھینگا مچھلی کی بُو، اخباروں میں لپٹے ہوئے سستی جگہ سے خریدے ہوئے تیل میں پکے ہوئے چپس کی بُو، ریت کے اس پار سمندر کی چمکیلی گودی میں سے آنے والی سمندری جہازوں کی بُو، جانے پہچانے، پراز حرکت، اس سمندر میں غرق شدہ لوگوں اور چھوٹی مچھلیوں کی بُو جو وہاں تک، سامنے تک، دور تک، پرے تک، دنیا کے اس کنارے تک جہاں آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کے لوگ رہتے ہیں، جہاں ریچھ ہیں، کنگرو ہیں، بومیرنگ ہیں، ادھر ستاروں کی پشت سے پرے، دنیا کی دوسری طرف تک۔ (بُو ہی بُو)۔

اور نشہ چڑھا کے لڑانے بھڑانے والی "جوڈی" اور "پنچ" نامی شراب گر پڑتی تھی اور لوگوں سے خالی قصبے میں ایک گھنٹہ گویا وقت کو ختم کر رہا ہوتا تھا، بتا نہیں رہا ہوتا تھا۔ کبھی کبھی ہماری پٹڑی سے پیچھے گم شدہ ٹاور یا گاڑی سے آتی ہوئی گھنٹی یوں لگتی تھی جیسے گاڑی اپنا گلا صاف کر رہی ہو اور ہمیشہ کی مانند نا امید، کائیں کائیں کرتے ہوئے، شور و غل مچاتے ہوئے (صفحہ 49) سمندری بگلے، گدھوں کا رینگنا، ہاکروں کی آوازیں، ہارمونیم اور کھلونے والے بگل، چلاتے ہوئے، ہنستے ہوئے اور گاتے ہوئے،

رسہ کشی کی آوازیں، آوارہ گردی کا شور و غل، کرسیوں کے نگران کے ٹکٹ پنچ کرنے والے کی کچ کچ، جھیل میں کھانستی ہوئی موٹر بوٹ اور سمندر کی دہی بسے دھج اور حمد گوئی جس کا تذکرہ انجیل میں ہے۔

"کاش، بس یہ ہو جاتا" کاش بس یہ ہو جاتا" آپ کے ہونٹ بار بار اس وقت یہ کہتے جب آپ بڑے سٹائل سے گر رہے ہوتے، نرم گرم ریت میں، زیرِ زمین قید خانوں میں گرجاؤں میں، اذیت کے کمروں میں، گاڑیوں کی سرنگوں میں، اسلحہ خانوں میں، جہازوں کے ہینگروں میں، چڑیلوں کے باورچی خانے میں، خونی بھتنیوں کے کمروں میں، سمگلروں کی کوٹھڑیوں میں، ایکیموؤں کے شراب خانوں میں، گٹروں کے پائپوں میں، بھاری بھرکم شکستہ قلعوں میں "کاش، بس یہ ایسے ہو جاتا، ہمیشہ ہمیشہ کے لیے، آمین۔" (کاش) ساری روئے زمین پر یوم اگست کی عام تعطیل ہونے لگتی، ممبلز کے علاقے سے لے کر وہاں سمندر کے کنارے خشکی تک جہاں سب عورتیں چھپیاں لگتی تھیں، سؤر کے شکار سے بھرپور ہینٹی لینڈ تک اور کچھوؤں سے بھرپور جزائر بیلنٹائن تک۔

"کیا گدھے برف پر چل سکتے ہیں؟"

"صرف اس صورت میں اگر ان کے پاس برف پر پہننے والے جوتے ہوں۔"

ہم ایک کمزور، رینگتے گدھے کو برف پر پہننے والے جوتے پہنا دیتے اور اسے دس فٹے گھڑ سواروں کے سامنے دھکیل دیتے جن کے پاس رائفلیں اور پے می کن سے بھرے کیک ہوتے تھے جو ہمیشہ سونے کی تلاش میں ہجوم در ہجوم ویرانوں میں جاتے اور اپنے جیسے سیاہ زبان، سیاہ داڑھیوں والے آدمیوں کو ڈھونڈ لیتے تھے۔

"کیا صحرائی جزیروں میں گدھے ہوتے ہیں؟"

"ہاں، ایک قسم کے گدھے ہوتے ہیں۔"

"کیا مطلب ہے تمہارا، ایک قسم کے گدھے؟"

(صفحہ ۵۵) "(وہاں) علاقائی گدھے۔ وہ لوگ ان پر بیٹھ کر چیزیں شکار کرتے ہیں۔"

"والرس اور سیل اور اس قسم کی دوسری چیزیں؟"

"(مگر) گدھے تو تیر نہیں سکتے!"

"یہ گدھے تیر سکتے ہیں۔ یہ وہیل مچھلیوں کی طرح تیر سکتے ہیں، وہ کسی بھی چیز کی مانند تیر سکتے ہیں، وہ بس تیر سکتے ــــ"

"جھوٹے دکھیں کے!)"

"جھوٹے ہوگئے تم خود!"

اور دو چھوٹے لڑکے ریت میں ٹانگوں پر ٹانگیں اور پتلونوں پر پتلونیں لپیٹے سختی سے اور خاموشی سے گتھم گتھا ہو جاتے۔ اس کے بعد وہ وہاں سے چلے جاتے اور جوکروں کو دیکھنے لگتے یا وینیلا آئس کریم کھانے لگتے۔

دھیرے دھیرے سیر گشت کرتا اِدھر اُدھر گھومتا اس عام دن کا غیر ارضی، عمدہ حسن و جمال دیکھنے کے قابل تھا، بڑے بڑے لوگ، اکڑفوں والے لوگ واسکٹوں کی جیبوں میں ہاتھ ڈالے گیت گاتے پھرتے، (پھل وغیرہ کھا کے جگہ جگہ) بیج تھوکتے پھرتے، بھڑوں پر (سگریٹوں کے) دھوئیں چھوڑتے، کھاتے اور نظر بازیاں کرتے، کرایہ دینا بھول جاتے، ایک دوسرے سے بغل گیر ہوتے، پرندوں کے ساتھ فوٹو اتر واتے، (کبھی) دھنک کے سارے رنگ بغل میں لئے پھرتے، (ایک دوسرے کو) آنکھیں مارتے، جانوروں کی طرح کھاتے اور ڈکاریں مارتے (اور پھر) مولیوں کو الزام دیتے، ساحل کی نزدیکی وادی کو دیکھتے، کاغذ اور کنگھوں پر مناجاتوں کا کھیل کھیلتے، کیلے چھیلتے، کھجاتے، ہیٹوں میں سے سمندری گھاس پھونس نکال کر پھینکتے، کاغذ کے لفافوں میں ہوا بھر کے "ٹھاہ" سے انہیں پھاڑتے، (اتنا کچھ کرنے کے بعد) بھلا انہیں اور کیا آرزو ہو سکتی تھی؟ لیکن تمام حسین ساحل سمندر پر مجھے لڑکوں کا کھیلنا کودنا یاد ہے، لڑکے لڑکیوں کا قلابازیاں

کھانا یاد ہے، اِدھر اُدھر پھرتے لعل جو پھر کبھی اتنا خوش نہ ہو سکیں گے"۔ اتنا خوش کر جتنے ساحل کے ریت پر کھیلنے والے لڑکے" یہ ترکیب اتنی ہی سچی ہے جتنی سورج کی حرارت۔

شام ایک دم ہی آجاتی یا سمندر (کے پانی) اور (ساحل کے) ریت میں سے بلند ہونے لگتی، یا پُرشور گودیوں اور سرخی مائل گرد آلود سورج کے پاس سے نکل کر ہمارے اردگرد لپٹنے لگتی۔ دن کا کام تمام ہو چکا ہوتا، سمندر سے آنے والی ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا کی جھاڑو سے (ساحل کا) ریت لہریں بنانے لگتا اور سرسرانے لگتا اور ہم (صفحہ 51) تمام بیلچے اور بالٹیاں اور تولیے، اشیائے خوردنی کے خالی پیکٹ اور بوتلیں، چھتریاں اور مچھلیوں کی ٹوکریاں، بلّے اور گیندیں اور جال اکٹھے کرتے اور (شام کے میلے میں) چلے جاتے ——— اوہ، ذرا سنو تو بڑے میاں ——— ساحلِ سمندر کے گنجے میدان میں شام کے (موج) میلے کی آوازیں!

دن کو بھلا میلوں کا کیا مزہ! دن کو تو وہ تھکے تھکے اور بجھے بجھے ہوتے ہیں، مدارن لڑکیوں کی آوازیں (دن میں تو) مجمع بازوں کی طرح پھٹی پھٹی ہوتی تھیں، سوئے ہوئے خانہ بدوشوں کو توپ کے گولے بھی نہ جگا سکتے تھے، بجرے مشینی انداز میں اپنے سفر کو بار بار کرتے رہتے تھے، موت کی دیوار اتنی پرسکون ہوتی تھی جیسے کسی آیا کی گاڑی (گول چکر میں لگے ہوئے) لکڑی کے جانور بھی رات (کی آمد) کا انتظار کر رہے ہوتے تھے۔

مگر رات کے آتے ہی مدارن لڑکیاں مشینی کوّوں کی طرح چاند کے نکلتے ہی کائیں کائیں کرنے لگتیں، خانہ بدوش اپنے بُرادے کے بستروں سے اس طرح باہر نکلتے جیسے پہاڑیوں میں سے پرندے۔ عقاب کے منہ والی کشتیاں تھرتھرا کے چمکدار لہروں پر تانا بانا سا بننے لگتیں اور موت کی دیوار تباہی کا ایک گھومتا ہوا دائرہ بن جاتا تھا اور لکڑی کے ہنہناتے گھوڑے ایک سحرانگیز، شکاری دُھن پر گھومنے لگتے، ایک ہزار چھوٹی

چھوٹی ندیاں نالے اتنی آسانی اور نرمی سے بہنے لگتے جیسے سموں والی ابابیلیں۔

شام کو جب ہم ساحل سمندر سے میلے کے میدان میں پہنچتے تو ہمیں ایک دم گرمی سی لگنے لگتی اور ہم خستہ حال لڑکے مسلسل حرکت میں رہنے والے سمندر کی تھرتھراتی لہروں سے میلے کے مختلف دوکانداروں اور کھیل تماشے والوں کی بلاتی آوازیں سنتے۔

"چلو بھئی، آجاؤ بھئی!"

ایک سٹال میں تنبو جیسی قمیص پہنے گوشت کی ایک پوٹ، دنیا کی سب سے موٹی عورت بیٹھی اپنا موسم سرما کا ایک فراک سی رہی ہوتی تھی جو ایک تنبو ہی جیسا ہوتا تھا اور اپنی جیبی میں کشمکش جیسی آنکھیں ان ڈھانچوں پر جمائے ہوتی تھی جو اس کے پاس کھڑے (اسے دیکھ دیکھ کے) دانت پھاڑ رہے ہوتے تھے۔

(صفحہ 52) "آؤ بھئی، چلو بھئی، جلدی جلدی آؤ، دنیا کا سب سے بڑا چوہا دیکھو، چوہوں کا دادا ابا دیکھو۔"

اِدھر (دنیا کا) سب سے چھوٹا ٹٹو مٹر گشت کر رہا تھا جو شیٹ لینڈ کے جھگڑالو پستہ قد آدمیوں جتنا تھا، ادھر سب سے ذہین پِسّو تھے جو تربیت یافتہ تھے، بالگام تھے، ساز سے آراستہ تھے اور اپنے شیشے کے ڈبے میں مسلسل تھوڑی تھوڑی اچھل کود کر رہے ہوتے تھے۔

جگہ جگہ دوکانیں تھیں، گیلریاں تھیں، سٹال تھے اور پیسے (خرچے جانے کے لیے) سینکڑوں جیبوں میں جلا کے سوراخ کئے دے رہے تھے۔ زرد رو نوجوان بالوں میں تیل چپڑے، فیشنی کالی یہ بڑی بڑی قلموں والے، نچلے ہونٹوں میں سگریٹ دبائے، اپنی مخصوص رائفلیں سنبھالے، جلدی جلدی آنکھیں جھپکاتے تھے اور ٹینس کی ان گیندوں پر نشانہ لگاتے جو پانی کی دھاروں پر ناچ رہی ہوتی تھیں۔ کھلے پائینچوں والی سفید سکرٹ نما فیشنی پتلون پہنے اور پیلی سرخ چوڑی دھاری دار بے آستین کی زِپ والی قمیض

پہنے، طاقت سے بھرپور ایک کالا کلوٹا اپنے ہاتھوں پر تھوک ملتا، ہتھوڑا اوپر اٹھاتا اور دھڑام سے نیچے گرا دیتا اور پھر گھنٹی بجنے لگی۔

اس کے سٹال کے باہر ایک چوڑے چکلے سینے والا اور چوڑے دہانے والا کن کٹا گنجا کھڑا ہوتا تھا جس کا منہ سویڈن کے مڑے تڑے شلجم جیسا ہوتا تھا اور بال بھنوروں تک لٹکے ہوتے تھے، اور تین دانت ایک اونٹ جیسے زرد ہوتے تھے۔ وہ (کالا کلوٹا) شخص رینتلے اکھاڑے میں کسی بھی کھلاڑی کو مقابلہ کرنے کی دعوت دے رہا ہوتا تھا اور ایک بھی راؤنڈ ہارنے کی صورت میں ایک پونڈ دینے کا وعدہ کر رہا ہوتا تھا اور گٹھے ہوئے جسم والے، پُرغرور، تنومند، سیاہ رنگ کے، نشے میں دھت درجنوں کھلاڑی اکڑا اکڑ کے (اکھاڑے کے) اندر جاتے اور لڑکھڑاتے ہانپتے باہر آتے تھے اور باہر اب بھی انہیں اُکتائے ہوئے ساگوان جیسے چہرے میں تیز اور اونٹ جیسے زرد تین دانت انہیں نظر آتے۔

گرد و غبار سے اَٹی ہوئی، تھکی ماندی مائیں مُڑے تُڑے ہیٹ پہنے ٹیڑھے میڑھے پن لگائے اَدھ کھائے بند اور چیزوں سے اَٹے تھیلے لیے قمیضوں کے ساتھ (صفحہ 53) سوڈے سے بھرے ہوئے، جام جیلی میں لتھڑے ہوئے بچے چمٹائے ہوئے ٹیڑھی میڑھی شکلیں دکھانے والے آئینوں کے سامنے اس وقت (جوش سے) چلاتیں جب اچانک ان کے جسم پتلے یا موٹے ہو جاتے اور سر (پھولے ہوئے) غباروں کی مانند ہو جاتے، اور بچے جب اپنی بھتنوں جیسی شکلیں شیشے میں پچکتی یا پھولتی تو خوشی سے چیخنے چلّانے لگتے۔

بوڑھے آدمی بارش میں "ملفر ڈ ہیون (نامی بندرگاہ) کی یاد تازہ کر دیتے اور بے پرداہی سے چلتے لوگوں کے ہجوم کے کناروں پر ان میں سے کچھ مُٹھی بھر گیلی رسیلی ٹافیاں بیچتے، کچھ بھیک مانگتے۔ سکول کے لڑکوں کا ایک منچلا گروہ محفوظ' کاندھے سے کاندھا ملائے،

اپنے والدین کے ہیٹ اتنے ترچھے پہنے کہ ایک آنکھ چھپ جاتی، (بوڑھوں کے) اس جلوس کے پرلی طرف جھولوں کے پاس ان دو لڑکیوں کو دیکھ کر آنکھ مارتے اور سیٹیاں بجاتے جو ہاتھوں میں ہاتھ ڈالے نظر آرہی ہوتیں۔ ان میں سے ایک ہمیشہ تیز طرّار اور طرحدار ہوتی تھی اور دوسری عینک والی۔ لڑکیاں ہڈیوں اور کھوپڑیوں والی ڈراؤنی سرنگوں میں چیخیں مارتیں تسلی دینے والے انہیں تسلی دیتے۔ نوجوان شراب پی کر اپنے آپ کو پُھنّے خاں سمجھنے لگتے تھے اور گول جھولوں میں لگی ہوئی تیز چکّر کاٹتی ہوئی ہوائی جہاز نما کرسیوں میں کھڑے ہو جاتے، ان کے بال اڑ رہے ہوتے، رنگ لال ہوتا (ویسے کھڑا ہونا منع بھی ہوتا تھا۔ پرسکون لڑکیاں ملّاحوں کے ہاتھ چٹنیاں بیچ رہی ہوتیں۔

میلے کا سارا مزہ گرم کھنکھناتی رات میں ہوتا تھا۔ ریت (کے اکھاڑے) میں آدمی۔ رقص کی دُھنیں اور زرد چاند۔ گول جھولے میں لگی ہوئی کشتی کی شکل کی کرسیاں چاندی کی قاشوں کی مانند تیرتی ہوتیں۔ بجروں کے اگلے سروں پر بنے ہوئے تخیلاتی اژدہے اور عقاب فوجی دھنوں پر چلتے، آگ اگلتے۔ پرستان کی سی روشنیوں میں آدھی رات کو دائرے میں سرپٹ دوڑتے ہوئے گھڑسوار، جگنوؤں کے دائرے میں زیبروں کے پیچھے ہانک لگاتے ہوئے، پہاڑی بکروں پر سوار شکاری۔

اور جب ہم گیس لیمپوں سے روشن پہاڑی پر چڑھ کے گھر واپس آتے سرسراتے سمندر کے قریب پرسکوت مکان کی طرف آتے تو ہمیں موسیقی دم توڑتی ہوئی اور آوازیں ریت کی مانند پھسلتی ہوئی محسوس ہوتیں۔ اور ہمیں میلے کی روشنیاں مدھم ہوتی ہوئی نظر آتیں۔ اور سمندر کے کنارے والے میدان کے پرے سرے پر خانہ بدوش (لوگ) اپنی خیمے والی گاڑیوں میں ایک ایک کر کے چراغ روشن کر لیتے۔

مارگریٹ میڈ

7- اِس دورِ اضطراب کے حق میں ایک ووٹ

(صفحہ 54) جب نقّاد لوگ اس دنیا کو رد کرنا چاہتے ہیں جس میں آج ہم رہتے ہیں تو ان کا ایک جانا پہچانا طریقہ یہ ہے کہ وہ یہ کہہ کر جدید انسان کو سرزنش کرنے لگتے ہیں کہ اس کا سب سے اہم مسئلہ اضطراب (یا بے چینی) ہے۔ وہ ڈبلیو ایچ آڈن کے الفاظ میں آج کے زمانے کو دورِ اضطراب کہتے ہیں۔ (وہ کہتے ہیں کہ) اپنی ساری پُرفخر ترقی کے، ٹیکنالوجی کی ترقی کے اور بے انتہا دولت کے بعد ہم کہاں پہنچ گئے ہیں۔ ہر کوئی اضطراب کا اتنا بڑا بوجھ (اپنے کاندھوں پر) اٹھائے پھرتا ہے کہ آخرکار ہمارے معدے، ہماری شریانیں اور ہماری جِلد اس تناؤ کو ظاہر کرنے لگتے ہیں جس سے ہم دوچار رہتے ہیں۔ جب امریکی لوگ یورپ میں گھوم پھر کر آتے ہیں تو ہمارے الوداع کہنے کے طریقے پر بڑی لے دے کرتے ہیں۔ ٹھیک ہے، ہم یہ نہیں کہتے کہ "خدا حافظ" (یعنی خدا تمہیں اپنی حفظ و امان میں رکھے) بلکہ اب ہم یہ کہتے ہیں کہ "فکر کرنے کی کوئی بات نہیں" گویا امریکہ کا ہر باشندہ دوسرے باشندے کو خبردار کر رہا ہوتا ہے کہ وہ جدید زندگی کے بوجھ اور تناؤ سے ٹوٹ پھوٹ نہ جائے۔

جب ایک دَور کو ایک مخصوص ترکیبِ الفاظ سے ظاہر کیا جاتا ہے تو باور یہ ہوتا ہے کہ اسے دوسرے زمانوں (یا ادوار) سے مختلف قرار دیا جا رہا ہے۔ اگر ہمارا زمانہ دورِ اضطراب ہے، تو دوسرے زمانے کیا تھے؟ اور اس سوال کے جواب میں نقاد اور نکتہ چیں بڑے مزے کی حرکت کرتے ہیں۔ پہلے تو وہ ہمیں اضطراب کے متضاد الفاظ کی فہرست فراہم کرتے ہیں (جو ان کے خیال میں یہ ہیں): تحفظ، اعتماد، خود اعتمادی،

آزادیٔ رفتار و گفتار۔ اس کے بعد زیادہ بحث و مباحثے میں پڑے بغیر وہ ہمیں یہ باور کرانے لگتے کہ دوسرے ادوار، تاریخ کے دوسرے زمانے (صفحہ 55) کسی نہ کسی طور اعتماد یا پُرعزم آزادیٔ گفتار و رفتار کے دور تھے۔

جنوبی سمندروں کے کناروں پر بیٹھے غیر مہذب انسان جو درختوں سے پھل توڑ توڑ کر کھایا کرتے تھے، سادہ لوح کسان جو اپنے کھیتوں میں ہل چلا کے اور جانوروں کی دیکھ بھال کر کے زندگی بسر کیا کرتے تھے، ماہر دستکار جو دستکاری کی جبلّت سے مجبور ہو کر اپنے آلات کی مدد سے اس کی تکمیل میں مصروف رہا کرتے تھے —— یہ ہیں وہ مخالف (یا الٹ) تصوّرات جو آج کے انسان کے تناؤ سے متضاد کیفیات کو ظاہر کرنے کے لیے گھڑے جاتے ہیں۔ لیکن جو لوگ اس زمانے میں رہتے تھے، ان میں سے بھلا کون واپس آیا ہے ہمیں یہ بتانے کے لیے کہ وہ لوگ تو گویا جنت میں رہ رہے تھے!

اگر ہم آج کی دنیا میں رہنے والے غیر مہذب انسانوں یا سادہ لوح کسانوں کا مشاہدہ کریں اور ان سے پوچھیں تو یقینی طور پر ہمیں بالکل مختلف باتیں معلوم ہوں گی۔ نیوگنی کا وہ غیر مہذب انسان جو آج تک دنیا سے زیادہ رابطہ نہیں رکھتا، مضطرب نہیں ہے۔ وہ سچ مچ مسلسل خوف زدہ تو رہتا ہے —— کالے جادو سے، یا ان نیزہ بردار دشمنوں سے جو اسے یا اس کی بیویوں یا بچوں کو کسی بھی لمحے مار سکتے ہیں، جب وہ چشمے پر سے پانی پینے کو جھکے ہوں، یا ناریل کے درخت پر ناریل توڑنے کو چڑھتے ہوں۔ وہ دن رات محتاط انداز میں چلتا پھرتا ہے، چوکنا اور خوف زدہ رہتا ہے۔

جہاں تک دنیا کی بیشتر کسان آبادیوں کا تعلق ہے، وہ بھی اتنی مضطرب نہیں جتنی کہ بھوکی ہیں۔ وہ اس بات کے بارے میں بالکل بھی مضطرب نہیں کہ انہیں تنخواہ میں اضافہ کرانا چاہیئے، یا اس بارے میں کہ ان کے پسندیدہ تین کالجوں میں سے کس میں انہیں داخلہ مل سکے گا، یا اس بارے میں کہ انہیں فورڈ کار خریدنی چاہیئے یا کیڈلک کار،

یاجو ٹی۔وی سیٹ وہ خریدنا چاہتے ہیں وہ زیادہ ہی مہنگا ہے! (انہیں ان میں سے کوئی اضطراب لاحق نہیں ہے) وہ بھوکے ہیں، سردی سے بچنے کے لیے ان کے پاس کچھ نہیں، اور دنیا کے بہت سے خطّوں میں انہیں اس بات کا ڈر لگا رہتا ہے کہ مقامی جنگیں، ڈاکو اور سیاسی انتشار اور انقلاب اُن کے گھروں، ان کی محدود روزی اور ان کی زندگیوں کو خطرے میں نہ ڈال دیں۔ (یہ سب کچھ ہے) مگر حقیقتاً یہ لوگ مضطرب نہیں ہیں۔

(صفحہ 56) اس کی وجہ یہ ہے کہ اضطراب کو چونکہ ہم ذہن کی ایک مخصوص حالت ظاہر کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں، اِس لیے اس کا موازنہ بھوک، نقصان، تشدد اور موت کے خوف سے کر سکتے ہیں۔ اضطراب اُس وقت پیدا ہونے والا مناسب جذبہ ہے جب فوری ذاتی خطرات غائب ہو جائیں۔ فوری ذاتی خطرات سے مراد ہے آتش فشاں کے پھٹ پڑنے کا ڈر، تیر لگ جانے کا خوف، جادوگر کے جادو کا ڈر، کمر میں خنجر بھونکے جانے کا خوف اور اسی قسم کی دیگر آفات جو ایک انسان کی ذات کے خلاف کارفرما ہوتی ہیں۔

اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آج کل کی ہماری دنیا میں پریشانیوں کے اسباب موجود نہیں ہیں۔ ایک غیر معروف شہر کی کسی سڑک پر پھٹنے والا ایک بم ایسی قوتوں کو حرکت میں لا سکتا ہے جو آپ کی دوسری نصف دنیا میں مناسب منصوبے کے تحت حاصل ہونے والی قانون کی تعلیم کو تباہ و برباد کر دیں۔ تاہم اب اُس قسم کا ذاتی، فوری اور بے انتہا شدید تباہی کے کسی بھی لمحے آجانے کا وہ احساس نہیں پایا جاتا جس سے غیر مہذّب آدمی آشنا ہے۔ اب تو ایک عجیب سے اضطراب کا احساس ہے، ایک ایسا احساس ہے کہ مستقبل ہمارے قابو میں نہیں۔

جس دنیا میں اضطراب جنم لیتا ہے، وہ نسبتاً ایک محفوظ دنیا ہوتی ہے، ایک ایسی دنیا ہوتی ہے جہاں کسی بھی فوری طور پر موت کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالنے کا

خوف محسوس نہیں ہو رہا ہوتا۔ ہر آدمی یہ محسوس کرتا ہے کہ ممکنہ طور پر اچانک موت کا شکار اور غیر معروف اشخاص ہو سکتے ہوں، وہ خود نہیں ہو سکتا۔ اضطراب ذہن کی ایک ایسی بے چینی کی کیفیت میں اپنا وجود رکھتا ہے جس میں انسانوں کو یہ دھڑکا لگا رہتا ہے کہ نہ جانے کون سی ایسی غلط بات ہو جائے جس کا اسے ابھی نہ اندازہ ہے نہ خبر۔ اگر سب کام دنیا میں ٹھیک ٹھاک ہوتا ہوا محسوس ہو رہا ہے تو اس سے اضطراب پیدا ہو جاتا ہے۔ کیونکہ اچھے حالات کبھی بھی اختتام پذیر ہو سکتے ہیں۔ اگر دنیا میں حالات اچھے نہیں ہیں تو (پھر یہ ڈر لگا رہتا ہے کہ) حالات اور خراب نہ ہو جائیں۔ اضطراب غیر معیّن سی وجوہات پر مبنی ہوتا ہے، مضطرب آدمی کو یہ علم نہیں ہوتا کہ وہ اس اضطراب کے لیے خود کو الزام دے یا لوگوں کو الزام دے۔ اسے پتا نہیں کہ اس کے اضطراب کا سبب سن انیس سو چھپن ہے، یا انتظامیہ ہے، یا (صفحہ 57) آب و ہوا کی تبدیلی ہے، یا ایٹم بم ہے۔ وہ نہیں جانتا کہ وہ اپنے اس غیر معین سے اضطراب کے احساس کا الزام کس چیز پر دھرے۔

یہ بات صاف ظاہر ہے کہ ہم نے ایسے سماج (معاشرے) کو جنم دیا ہے جو اپنے اندر اضطراب کی وہ درست مقدار رکھتا ہے جو کسی بھی سماج کو چلانے کے لیے صحیح ہے۔ ماہرین نفسیات ڈاکٹر یہ کہتے سنے گئے ہیں "اس میں درست (یا تندرست) ہونے کے لیے مناسب اضطراب نہیں پایا جاتا۔" یہ کہنے سے وہ اس بات کی جانب اشارہ کرتے ہیں کہ اگرچہ بے انتہا اضطراب ذہنی صحت کا دشمن ہوتا ہے تاہم ہم لوگ اس وقت اپنے آپ کو ڈاکٹر کے پاس لے جانے کے لیے اس اضطراب ہی کا سہارا لیتے ہیں جو ہمیں کہتا ہے کہ یہ علامت کہیں سرطان کی علامت ہی نہ ہو، یا اس پرانی بیمہ پالیسی کا جائزہ لینے لگتے ہیں کہ اسے پرانا کر دینے کا ذکر کن الفاظ میں موجود ہے، یا بلی (اپنے بچے) کے نتیجے کا کارڈ صحیح ہونے کے باوجود بھی اس کے استاد کے ساتھ مل بیٹھ کر گفتگو کرنے لگتے ہیں۔

وہ لوگ جو مناسب طور پر مضطرب ہوتے ہیں، اپنی کار کا ہمیشہ بیمہ کرائے رکھتے ہیں،

اس کے برعکس وہ ہمیشہ پڑتال کراتے رہتے ہیں، جب کار چلانے لگیں تو شراب کا دوسرا جام نہیں پیتے، اس چیز کا خاص خیال رکھتے ہیں کہ چھٹی کے دن وہ کہاں جا رہے ہیں اور کس کے ساتھ جا رہے ہیں۔ جو لوگ ضرورت سے زیادہ مضطرب ہوتے ہیں یا تو وہ کار میں جانے سے ہی انکار کر دیتے ہیں —— اور اس طرح سیدھی سادی زندگی کو پرپیچ بنا لیتے ہیں — یا اتنے زیادہ محتاط اور اعصابی تناؤ کا شکار ہو کے کار چلاتے ہیں کہ حادثات کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ (دوسری جانب) جو لوگ بالکل مضطرب نہیں، وہ ایک کے بعد دوسرا خطرہ مول لیتے رہتے ہیں جس سے سڑکوں پر ہونے والی اموات کی تعداد میں اضافہ ہوتا رہتا ہے۔

مقابلتاً دیکھئے، تو ہمارا دورِ اضطراب وحشی اور کسان تہذیبوں سے خاصا زیادہ ترقی یافتہ ہے۔ عظیم ذرائع پر منحصر ٹیکنالوجی کے پیداواری نظام کی بنیاد پر ہم نے ایسی قوم کی تشکیل کی ہے جس میں خوف اور مایوسی کی جگہ اضطراب نے لے لی ہے، سوائے ان چند لوگوں کے جو بے حد پریشان خاطر ہوں۔ بھوک کی عفریت کو امریکہ کے صرف وہ شہری پہچانتے ہیں جو اپنے (صفحہ 58) آپ کو دوسرے برِاعظموں میں رہنے والے کروڑوں بھوکے لوگوں جیسا انسان سمجھتے ہیں۔ (اسی طرح) جنوب کے بعض علاقوں میں شاید دروازے پر ایک دستک سے خوف و ہراس پھیل جاتا ہو یا وہ لوگ سہمے سہمے رہتے ہوں جو آمر حکومتوں سے تازہ تازہ بچ کر نکل آئے ہوں یا وہ لوگ ڈرے رہتے ہوں جن کا کوئی بھائی بند اب بھی پردے کے پیچھے (یعنی کمیونسٹ ممالک میں) ہو۔

لیکن اس دھندلی دنیا میں جہاں نہ مکمل جنگ ہے، نہ مکمل امن، اور جہاں بعض فوری، سیدھے سچے شخص (یا ذاتی) خطرات سے تحفظ حاصل ہے، بیشتر امریکی باشندوں کے لیے صرف یہ اضطراب باقی ہے کہ اب کیا رو پذیر ہوگا یا ہو سکتا ہے۔

یہ ہے وہ دنیا جس میں سے تاریخ میں پہلی بار یہ امید ابھری ہے کہ ایک ایسا

سماج جنم لے گا جہاں انسان ضروریات اور خوف (دونوں سے) آزاد ہوگا۔ ہمارے اپنے اضطراب کا جنم ہمارے اس علم سے ہوا ہے کہ اب ہر ایک شخص کے لیے (الگ الگ) اور تمام اشخاص کے لیے (مجموعی طور پر) کیا کچھ کیا جا سکتا ہے۔ ماہرین نفسیات ڈاکٹروں کے پاس جانے والے لوگوں کی (بڑھتی ہوئی) تعداد بڑھتی ہوئی ذہنی بیماریوں کی علامت نہیں ہے جیسا کہ اسے بعض اوقات سمجھا جاتا ہے۔ یہ تو اس دنیا (کے جنم) کی طرف اشارہ کرتی ہے جس میں صحیح ذہنی صحت کی امید ہر شخص کی دسترس میں ہوگی، ایک ایسی دنیا (کے جنم) کی طرف اشارہ کرتی ہے جس میں کسی بھی شخص کو اپنے آپ کو دل شکستہ، ناکام، دوسروں کے لیے خطرہ یا اپنے آپ سے باغی سمجھنے کی ضرورت نہ ہوگی۔

لیکن اگر ہماری بے چینیاں سچ اُمیّد کی علامات ہیں تو (ہماری) سرزمین پر اتنی مایوسی کا ڈنکا کیوں پٹ رہا ہے؟ میرے خیال میں اِس امر کا سبب یہ ہے کہ ہم نے اس اضطراب کے ساتھ ساتھ اس المیئے کی موجودگی کو تسلیم نہیں کیا جو ہمیشہ نفسِ انسانی میں موجود رہے گا خواہ ہم اپنی دنیا کی تعمیر کتنے ہی عمدہ طریقے پر کیوں نہ کرلیں۔ ہم بھوک سے نجات حاصل کر سکتے ہیں، جادوگری کے خوف سے پیچھا چھڑا سکتے ہیں، تشدد یا خفیہ پولیس سے ڈرنا بھول سکتے ہیں (صفحہ 59) ایسے بچوں کو جنم دے سکتے ہیں اور پال پوس سکتے ہیں جنہیں زندگی پر اعتماد کرنا سکھایا گیا ہو اور جن میں وہ فطری صلاحیتیں اور تجسّس موجود ہوں جو چاند پر انسان کے جانے کے لیے راہیں تراشنے کے لیے ضروری ہو۔ (ہم یہ سب کچھ کر سکتے ہیں) تاہم ہم اب تک نہ تو موت کو فی نفسہٖ ختم کر سکتے ہیں ـــــ اور نہ ہی اِسے ختم کر سکتے ہیں۔

امریکی لوگ ان نسلوں میں سے نکلے ہیں جنہوں نے اپنے بزرگوں کو (اپنے پرانے وطنوں میں) پیچھے چھوڑ دیا تھا اور انہوں نے ماں باپ کی آنکھیں ان کے مرنے کے بعد بند نہ کی تھیں اور انہیں موت سے مزید دوری اِس سبب سے بھی محسوس ہوئی کہ دونوں

دعظیم)عالمی جنگیں ہمارے ساحلوں سے دور لڑی گئیں۔ آج ان وجوہات کی بنا پر ان سے دونوں چیزیں دامن چھڑا رہی ہیں ـــــ موت کی پہچان بھی اور مستقبل کی خاطر جینے کا بے انتہا اہم انداز بھی! اگر ہم اس حقیقت کو تسلیم کرلیں کہ موت ناگزیر ہے اور اگر اس کا ڈٹ کر سامنا کیا جائے تو یہ زندگی کو وقار بخشتی ہے، اور اگر ہم جدید دنیا میں اپنے ناگزیر کردار کو بھی قبول کرلیں تو پھر درست انتخاب، مناسب احتیاطوں اور درست خطروں کے بارے میں ہمارا اضطراب ایک مناسب اور سخت ذمہ دارانہ شے بن جاتا ہے جو ہماری پیشانی کو پریشانی کی باریک سلوٹوں سے سجانے کی بجائے تمام چہرے کو منور کردیتا ہے۔

خالی پیلی پریشان ہونے کا تو مطلب یہ ہے کہ انسان روز چھوٹی چھوٹی موتیں مرتے رہیں۔ لیکن اچھا اضطراب انسانوں کو زندگی کے ساتھ ایک گہرے رشتے میں باندھ دیتا ہے بشرطیکہ یہ اضطراب ان اشیا کے بارے میں نہ ہو جنہیں ہم بہت پہلے اُدھورا چھوڑ چکے ہیں اور وہ ہمیں پریشان کرنے کو ہمارے ذہنوں پر چھا جائیں، بلکہ ان کاموں کے بارے میں ہو جنہیں ضروری کرنا ہے اور جلدی کرنا ہے اور ایک زندہ اضطراب ہو۔

ابھی تک ہماری دنیا ایسی ہے کہ اس میں کہیں نہ کہیں بہت سی خرابیاں وقوع پذیر ہوتی رہتی ہیں لیکن یہ ایک ایسی دنیا بھی ہے جس میں اب ہمارے پاس بہت سے ایسے ذرائع ہیں جن کی مدد سے ہم ہر کہیں پر بہت سے اچھے کام دیا درست کام) کرسکتے ہیں (صفحہ 65) سویڈن کے علوم عمرانی کے ایک ماہر نے نسلی تعلقات کے بارے میں ہم امریکیوں کے رویئے کے بارے میں جو بات کہی تھی، وہ کئی دوسرے میدانوں میں بھی درست ہے۔ ایسی متوقع تبدیلی جسے ہم درست اور ضروری خیال کرتے ہوں مگر وہ مشکل بھی ہو، ہمیں غیر مناسب حد تک مضطرب کردیتی ہے۔ اور خدشات میں مبتلا کردیتی ہے لیکن جب یہ تبدیلی رونپذیر ہو چکتی ہے تو ہم سکھ کا سانس لیتے ہیں۔ آخر تو ہم ایسی

قوم ہیں جو ـــــ باقاعدہ لغوی طور پر ـــ کامیاب ہونے میں یقین رکھتی ہے۔

جیروم کے جیروم

8- (کچھ) بچوں کے بارے میں

(صفحہ 61) جی ہاں، بالکل ـــ میں ان کے بارے میں کافی کچھ جانتا ہوں (کیونکہ میں خود بھی کبھی بچہ رہ چکا ہوں ـــــ اگرچہ اس بات کو اتنا لمبا عرصہ نہیں گزرا جتنے لمبے (اس زمانے میں) میرے کپڑے ہوا کرتے تھے۔ مجھے یاد آتا ہے کہ وہ بہت ہی لمبے ہوا کرتے تھے اور جب میں پاؤں ہلانا چاہتا تھا تو وہ میرے راستے میں رکاوٹ بن جاتے تھے۔ آخر بچوں کو اتنے غیر ضروری گزوں کے گز کپڑوں میں کیوں ملبوس کیا جاتا ہے؟ یہ میں کوئی معمہ پیش نہیں کر رہا ہوں۔ میں حقیقتاً اس بات کو جاننا چاہتا ہوں۔ میں اسے کبھی نہیں سمجھ سکا۔ کہیں ایسا تو نہیں کہ والدین بچے کے (ننھے سے) سائز پر شرمندہ ہوتے ہیں اور (دوسروں کو) یہ یقین دلانا چاہتے ہوں کہ اس کا سائز اس کے حقیقی جُثے سے زیادہ ہے؟ ایک بار میں نے ایک آیا سے پوچھ ہی ڈالا کہ ایسا کیوں کرتے ہیں، اس نے کہا ـــــ

"اوہ! جناب، ان کے لمبے ہی کپڑے ہوا کرتے ہیں ہمیشہ، خدا ان کے ننھے دلوں پر اپنی برکت نازل کرے۔"

اور جب میں نے اسے سمجھایا کہ اگرچہ اس کے فقرے سے اس کے جذبات تو بخوبی ظاہر ہو رہے تھے لیکن میرے سوال کا جواب اس میں تھا ہی نہیں (یا اس سے میری مشکل تو دور نہ ہوئی تھی) تو اس نے جواب دیا ـــــ

"اُفوہ! جناب، بھلا آپ کا دل کیسے گوارا کرے گا کہ آپ ان بے چارے پیارے پیارے ننھے بچّوں کو چھوٹے کپڑے پہنا دیں؟" اور اس نے یہ بات ایسے لہجے میں کہی جس سے یہ ظاہر ہو رہا تھا کہ میں نے شاید کوئی انتہائی نامعقول رویہ اختیار کیا تھا۔

وہ دن اور آج کا دن، میں اس بارے میں سوالات پوچھتے ہوئے جھجکنے لگا ہوں (صفحہ 62) اور بچوں کے لمبے کپڑے پہننے کا سبب — اگر سچ مچ کوئی سبب ہے تو! — میرے لیے اب تک ایک سربستہ راز ہے۔ لیکن مجھے تو حقیقتاً بچوں کو کوئی بھی لباس پہنانا حماقت لگتا ہے۔ خدا شاہد ہے کہ (آگے چل کر) زندگی میں ہم نے اتنی بار کپڑے اتارنا اور پہننا ہوتے ہیں کہ ضرورت پڑنے سے پہلے ہی اس عمل کا آغاز اچھا نہیں لگتا اور انسان توقع کرتا ہے کہ کم از کم وہ لوگ بستر میں ہی رہتے ہیں (یعنی بچے)، انہیں تو ہر صورت میں لباس تبدیل کرنے کی اذیت سے معاف رکھا جائے۔ بھلا بے چارے چھوٹے چھوٹے بچوں کو صبح صبح محض اس لیے کیوں جگایا جائے کہ ان کا ایک لباس اتار کر انہیں دوسرا لباس پہنا دیا جائے اور پھر دوبارہ بستر پر لٹا دیا جائے، اور پھر رات کو ایک مرتبہ پھر بستر سے انہیں نکالا جائے محض ہر چیز کو دوبارہ بدلنے کے لیے! اور جب یہ سارا کچھ کیا جا چکتا ہے تو بھلا اس سے کیا فرق پڑتا ہے؟ میں جاننا چاہتا ہوں کہ بچے کی رات کی قمیض اور دن کو پہنے جانے والے لباس میں بھلا کیا فرق ہوتا ہے؟

مگر بہر حال، مجھے لگتا ہے کہ (یہ باتیں کر کے) میں اپنے آپ کو تضحیک کا نشانہ بنا رہا ہوں — میں عموماً اپنے آپ کو تضحیک کا نشانہ بناتا ہوں، مجھے (کم از کم) یہی بتایا جاتا ہے — اور اس لیے میں کپڑوں کے مسئلے پر اس کے سوا اور کچھ نہ کہوں گا کہ اگر کوئی ایسا رواج اپنا لیا جائے جس کے ذریعے بچے اور بچی کی نشاندہی ہو جائے تو اس سے خاصی سہولت ہو جائے گی۔

اس وقت تو صورتِ حال خاصی عجیب وغریب ہے۔ بالوں، لباس یا گفتگو سے آپ کو (اندازہ لگانے کے لیے) ذرّہ برابر سراغ بھی تو نہیں ملتا اور آپ کو صرف اندازہ لگانا پڑتا ہے۔ فطرت کا یہ کوئی پُراسرار قانون ہے کہ (اس معاملے میں) ہم لوگ ہمیشہ غلط اندازہ لگاتے ہیں اور پھر ہمیں تمام رشتے دار اور دوست احباب 'احمق' اور 'مسخرے' کا مرتبہ سمجھنے لگتے ہیں۔ آخر کو تو ایک 'بچّے' کو 'بچی' کہنے کی عظیم غلطی اتنی ہی بڑی ہے جتنی ایک 'بچی' کو 'بچہ' کہنے کی۔ جس جنس سے بھی بچے کے تعلق ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا' اُسے (اس وقت) بے انتہا نفرت سے دیکھا جاتا ہے اور (اسی لیے) اس کے ذکر سے (بچے کا) خاندان ذاتی طور پر بے عزتی محسوس کرتا ہے۔

(صفحہ 63) اور اگر آپ اپنی عزت برقرار رکھنا چاہتے ہوں تو اس مشکل سے چھٹکارا پانے کے لیے بچے کو ("HE" اور "SHE" کی بجائے) "IT" کہہ کے کبھی بھی نہ پکاریں۔

بے عزتی اور بدنامی حاصل کرنے کے اس کے علاوہ اور بھی بہت سے طریقے ہیں (مثلاً اگر آپ ایک بڑے اور باعزت خاندان کو ظالمانہ طور پر قتل کر دیں اور بعد ان کی لاشوں کو کسی بڑے آبی ذخیرے میں ڈال دیں تو آپ کو اس جرم کے باعث اپنے پڑوس (کے علاقے) میں خاصی بدنامی حاصل ہو جائے گی۔ (اسی طرح) اگر آپ گرجا میں چوری کر لیں' ڈاکہ ڈال لیں تو آپ کو سب لوگ' خاص طور پر پادری' مزے مزے سے ناپسند کرنے لگیں گے۔ تاہم اگر آپ چاہتے ہیں کہ انسانی نفرت کے جام کا تلچھٹ تک نوش کر جائیں' تو ذرا کسی جوان ماں کے کان میں اس کے پیارے بچے کو "IT" کہہ ڈالیئے!

بچے کو پکارنے کے واسطے آپ کے لیے بہترین منصوبہ یہ ہے کہ آپ اسے "ننھا فرشتہ" کہہ کے مخاطب کیجئے۔ اسم "فرشتہ" چونکہ نہ مذکر جنس کو ظاہر کرتا ہے اور نہ مؤنث جنس کو' اس لیے یہ بچے کے لیے قابلِ تعریف حد تک مناسب ہے اور اس لفظ کو یقیناً دلچسپی سے (یا ہمدردانہ طور پر) سُنا جائے گا: "پالتو" یا "حسن وجمال

کا مرقع" منہ کا مزہ بدلنے کے لیے کارآمد الفاظ ہیں لیکن "فرشتہ" وہ اصلاح ہے جو آپ کو اچھے احساسات اور عقلمندی کی بہترین سند فراہم کر سکتی ہے۔ اس لفظ کو منہ سے نکالنے سے پہلے ذرا سے دانت نکالیے اور منہ سے نکالتے وقت اتنی زیادہ مسکراہٹ دیجئے جتنی کہ ممکن ہو۔ اور جو آپ چاہیں سو کریں، لیکن یہ کہنا نہ بھولیے کہ بچے کی ناک بالکل اپنے باپ پر گئی ہے۔ اس سے ماں باپ کو بہت قدر و منزلت (گستاخی معاف!) حاصل ہوتی ہے۔ پہلے پہل تو وہ آپ کے خیال پر بہ ظاہر ہنسیں گے اور کہیں گے "نہ بھئی، یہ تو گپ ہے!" مگر آپ کو تب جوش میں آجانا چاہیئے اور اس بات پر اصرار کرنا چاہیئے کہ یہ ایک حقیقت ہے۔ آپ کو ایسا کہتے ہوئے ضمیر کی خلش وغیرہ کا کوئی ڈر نہیں ہونا چاہیئے کیونکہ بچے کی ناک جو بس ذرا سا ایک نقطہ ہے، آخر فطرت کے مظاہر میں سے باپ کی ناک سے مشابہ نہ ہوگی تو اور کس شے سے ہوگی؟

(صفحہ 64) میرے دوستو، میری ان معروضات پر ناک منہ نہ چڑھائیے۔ ہو سکتا ہے کہ ایک وقت ایسا آئے جب آپ کے ایک طرف (بچے کی) ماں ہو اور دوسری طرف نانی اماں، تعریف کرتی ہوئی (آپ کی تعریف نہیں، بچے کی!) نوجوان خواتین کا ایک گروہ پیچھے ہو اور ایک گنجا ماہرِ انسانیت سامنے، تب آپ کے ذہن میں اگر بات کرنے کے لیے کوئی ہدایت آجائے تو آپ شکر گزار ہوں گے۔ ایک انسان — میرا مطلب ہے کہ ایک غیر شادی شدہ انسان — کو بھلا ایسے حالات کا سامنا اس وقت کے علاوہ اور کب ہو سکتا ہے جب وہ "بچے کو دیکھنے" کے کڑے امتحان میں سے گزر رہا ہو؟ جونہی اس امر کی تجویز پیش کی جاتی ہے، اس کے بدن میں ایک سنسنی سی دوڑ جاتی ہے اور جب وہ بیمار سا منہ بنا کے کہتا ہے کہ وہ (بچے کو دیکھ کے) بہت خوش ہوگا تو (اس کے منہ کو) دیکھ کے ایک ماں کا دل دہل جانا چاہیئے۔ اور آپ اگر مجھ سے پوچھیں تو بیویوں کی طرف سے یہ سارا کھیل ہی اس لیے کھیلا جاتا ہے کہ کنوارے دوستوں کی آمد کی حوصلہ

شکنی کی جائے۔

چاہے یہ کھیل کسی لیے بھی کھیلا جاتا ہے مگر یہ کھیل ہے بہت ظالمانہ! گھنٹی بجائی جاتی ہے اور کسی کو بھیجا جاتا ہے تاکہ آیا سے بچہ نیچے لانے کو کہے۔ یہ گویا ایک اشارہ ہوتا ہے اور (اس اشارے کے) ہوتے ہی تمام حاضر خواتین "بچے" کے بارے میں باتیں کرنے لگتی ہیں اور آپ کو آپ کے اداس خیالوں کے حوالے کر دیا جاتا ہے اور یہ یاد کرنے کے لیے چھوڑ دیا جاتا ہے کہ اگر آپ کو اچانک کوئی اہم کام یاد آجائے تو یہ ترکیب (یہاں سے جان چھڑانے کے لیے) قابلِ عمل ہوگی یا نہیں۔ آپ اس بات پر بھی غور کرتے ہیں کہ اس تجویز پر عمل کرنے کی صورت میں آپ کی بات مان بھی لی جائے گی یا نہیں۔ جونہی آپ باہر کھڑے ہوئے کسی (فرضی) آدمی کے بارے میں ایک احمقانہ حد تک ناقابلِ یقین کہانی گھڑتے ہیں، توں ہی دروازہ کھلتا ہے اور ایک لمبی، دُرشت چہرہ خاتون ایک ایسی چیز لیے داخل ہوتی ہے جو پہلے پہل ایک ایسا پتلا سا گول تکیہ لگتا ہے جس کے ایک سرے پر بہت سے پَر لگے ہوئے ہوں۔ تاہم آپ کی جبلّت (یا فطرت) آپ کو بتا دیتی ہے کہ یہی بچہ ہے اور آپ اشتیاق ظاہر کرنے کی ایک ناکام سی کوشش کرتے ہوئے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ جب بچے کے استقبال کے لیے ظاہر شدہ پہلا زنانہ جوش و خروش ختم ہو چکتا ہے (صفحہ 65) اور باتیں کرنے والی خواتین کی تعداد چار یا پانچ کے عام ہندسے تک آجاتی ہے تو پھڑ پھڑاتے، لہراتے پیٹی کوٹ اپنا دائرہ توڑ کر آپ کو آگے آنے کے لیے جگہ فراہم کر دیتے ہیں۔ آپ اس طرح سے آگے بڑھتے ہیں جیسے "بو سٹریٹ" کے کسی کٹہرے میں داخل ہو رہے ہوں اور پھر آپ ناقابلِ بیان حد تک مایوس محسوس کرتے ہوئے، بچے کو سنجیدگی سے گھورتے ہوئے کھڑے رہ جاتے ہیں۔ (کمرے میں) مکمل سکوت طاری ہو جاتا ہے اور آپ جان جاتے ہیں کہ ہر شخص آپ کے بولنے کا منتظر ہے۔ آپ بولنے کے لیے کچھ سوچنے کی کوشش کرتے ہیں مگر آپ یہ جان کر خوف سے سُن ہو جاتے

ہیں کہ آپ کی عقل آپ کا ساتھ چھوڑ چکی ہے۔ یہ ایک سخت مایوسی کا لمحہ ہوتا ہے اور آپ کے اندر کا شیطان موقع سے فائدہ اٹھا کر آپ کو ایسی احمقانہ باتیں سجھاتا ہے جن سے زیادہ احمقانہ باتیں سوچنا ممکن ہی نہیں۔ ایک احمقانہ مسکراہٹ کے ساتھ نظر چاروں جانب دوڑا کے، دانت نکال کے آپ کہتے ہیں 'اس کے سر پر تو زیادہ بال نہیں ہیں نا؟' اب ایک منٹ تک تو آپ کی بات کا کوئی جواب نہیں دیتا مگر آخر کار پر وقار آیا بہت سنجیدگی کے ساتھ کہتی ہے ـــ "پانچ ہفتوں کے بچوں کے سر پر عموماً لمبے بال نہیں ہوا کرتے۔" اس کے بعد پھر خاموشی طاری ہو جاتی ہے اور آپ کو یوں محسوس ہوتا ہے کہ آپ کو دوسرا موقع فراہم کیا جا رہا ہے۔ آپ اس موقعے سے فائدہ اٹھاتے ہوئے سوال کرتے ہیں کہ کیا یہ چل سکتا ہے، یا وہ لوگ اسے کیا کھلاتے ہیں۔

اب تک آپ کو پاگل سمجھا جانے لگتا ہے اور آپ کے لیے صرف جذبۂ ترحم ظاہر کیا جانے لگتا ہے۔ آیا بہر حال عزم مصمم کر چکی ہوتی ہے کہ آپ پاگل ہوں یا نہ ہوں، وہ اپنے فرائض سے نہیں ہچکچائے گی اور آپ رسومات کی آخری حد تک سب کچھ طے کریں گے۔ ایک بڑی پادرن کی مانند وہ (کپڑوں کا) بنڈل آپ کی جانب بڑھاتے ہوئے ایسے کہتی ہے جیسے وہ کوئی مذہبی پُراسرار رسم ادا کر رہی ہو "جناب، اسے اپنی بانہوں میں لے لیجئے۔" آپ اتنے خستہ حال ہو چکے ہیں کہ آپ ذرہ برابر بھی مزاحمت پیش نہیں کر سکتے اور چنانچہ بہت نقاہت کے ساتھ (صفحہ 66) اس بوجھ کو قبول کر لیتے ہیں۔ "جناب، اپنے بازو اس کے ذرا اور نیچے کو رکھیئے" بڑی پادرن کہتی ہے، اور پھر سب اپنے اپنے پاؤں پیچھے کو ہٹا لیتے ہیں اور آپ کو ایسے دیکھنے لگ جاتے ہیں جیسے آپ اس کی مدد سے کوئی کرتب کرنے جا رہے ہوں۔

جس طرح آپ یہ نہ جانتے تھے کہ کیا کہیں، اسی طرح یہ نہیں جانتے کہ کیا کریں۔ بس، آپ کو ایک چیز کا پتا ہے کہ کچھ نہ کچھ کرنا ہے اور آپ کو صرف یہ سوجھتا ہے کہ

آپ "چی چوں چی چوں چاچا" کی دھن کے ساتھ اِسے اوپر نیچے ہلانے لگیں یا اسی قسم کی کوئی بچگانہ سی بات کریں۔" اگر میں آپ کی جگہ ہوتی تو جناب ایسے اسے نہ ہلاتی" آیا کہتی ہے "ذراسی حرکت سے اسے گھبراہٹ ہو جاتی ہے"۔ آپ جھٹ پٹ فیصلہ کرتے ہیں کہ اب اسے نہیں ہلائیں گے اور بڑے خلوص سے یہ توقع کرتے ہیں کہ آپ نے یقیناً ابھی تک ضرورت سے زیادہ نہیں ہلایا ہوگا۔

اس مرحلے پر اگر بچہ خود بھی، جواب تک آپ کو ملے جُلے خوف اور نفرت (کے احساس) سے دیکھتا رہا تھا، ایک زوردار چیخ مار کر فضولیات کو بند کر دیتا ہے اور پوری آواز سے چلانے لگتا ہے۔ اس پر یا درن دوڑ کر آگے آتی ہے اور بچے کو یہ کہہ کر آپ سے لے لیتی ہے "بس، بس، باس! کیا کر دیا میرے بچے کو انہوں نے؟" "کمال ہے بھئی" آپ خوشگوار انداز میں کہتے ہیں "یہ اس طرح کیوں رونے لگا ہے؟" "کیوں رونے لگا ہے؟ بھئی آپ نے اس کے ساتھ کر دیا ہے کچھ نہ کچھ!" ماں غصّے سے جواب دیتی ہے "اب بچہ خواہ مخواہ تو اس طرح بلک کر روئے گا نہیں!" صاف ظاہر ہے کہ وہ سب لوگ یہ سوچ رہے ہیں کہ آپ بچے کے جسم میں سوئیاں چبھوتے رہے ہیں۔

آخر کار ننھا شیطان خاموش ہو جاتا ہے اور بلاشبہ کافی دیر تک خاموش رہتا ہے، بس کوئی شرارتی مصروف شخص آپ کی طرف دوبارہ اشارہ کر کے کہتا ہے "بچے، یہ کون ہیں؟" اور ذہین بچہ آپ کو پہچان کر پہلے سے بھی زیادہ اونچی آواز سے دہاڑنے لگتا ہے۔

اس بات پر ایک موٹی بوڑھی عورت کہتی ہے کہ "کتنی عجیب بات ہے، بچے کس طرح بعض لوگوں کو ناپسند کرنے لگتے ہیں؟" (صفحہ 67) "ہاں، وہ جانتے ہیں" ایک اور عورت پُراسرار انداز سے جواب دیتی ہے۔ "کتنی عجیب بات ہے!" تیسری عورت اضافہ کرتی ہے۔ اور پھر ہر ایک آپ کی طرف اس یقین کے ساتھ کن انکھیوں کے ساتھ دیکھنے

لگتا ہے جیسے آپ واقعی اعلیٰ قسم کے بدمعاش ہوں۔ اور وہ اس بات پر فخر محسوس کرنے لگتے ہیں آپ کا اصلی کردار جواب تک آپ کے ساتھیوں کی نظر سے پوشیدہ تھا، ایک بچے کی پیدائشی جبلت نے آشکار کر دیا ہے۔

بچے خواہ کتنے بھی جرائم یا غلطیاں کیوں نہ کریں، وہ (خود) بے فائدہ نہیں ہوتے۔ یقیناً وہ بے فائدہ نہیں ہوتے جس وقت وہ لوگوں کے دل کو محبت سے بھر دیتے ہیں، وہ اس وقت بالکل بے فائدہ نہیں ہوتے جب ان کی آواز پر محبت کی کرنیں پریشان چہروں پر ناچنے لگتی ہیں، اس وقت بالکل بے فائدہ نہیں ہوتے جب ان کی انگلیاں جھریوں کو دبا کے مسکراہٹوں میں تبدیل کر دیتی ہیں۔

چھوٹے چھوٹے عجیب انسان! بچے دنیا کے عظیم سٹیج پر لاشعوری مسخرے ہوتے ہیں۔ وہ زندگی کے ضرورت سے زیادہ سنجیدہ ڈرامے میں مزاح (کا عنصر) مہیا کرتے ہیں۔ ان میں سے ہر ایک چیزوں کی قدرتی ترتیب کا چھوٹا سا مگر کٹر مخالف ہوتا ہے اور ہمیشہ غلط وقت پر غلط جگہ پر غلط چیزیں غلط طریقے سے کرتا ہے۔ جس آیا لڑکی نے جینی کو یہ دیکھنے کے لیے بھیجا تھا کہ ٹومی اور ڈوٹی کیا کر رہے تھے اور کہا تھا "انہیں کہہ دینا کہ وہ جو کچھ بھی کر رہے ہیں، وہ نہ کریں" وہ بچوں کی فطرت سے (بخوبی) واقف تھی۔ ذرا ایک عام بچے کو کھلا موقع دیں اور اگر وہ ایسا کام نہ کرے جو اسے نہیں کرنا چاہیئے تو (آپ کو) فوراً ایک ڈاکٹر کو بلا بھیجنا چاہیئے۔

بچوں میں مضحکہ خیز حرکات کرنے کا خاص مادہ ہوتا ہے اور وہ یہ حرکات انتہائی سنجیدہ اور بے نیازی سے کرتے ہیں کہ آپ مزاحمت نہیں کر سکتے۔ وہ کاروباری انداز جس میں دو بچے ہاتھ میں ہاتھ دے کر تیز رفتاری سے مشرق کی جانب دوڑ پڑیں گے جبکہ ایک پرجوش بڑی بہن انہیں اپنے پیچھے مغرب کی طرف آنے کا چلا چلا کر کہہ رہی ہوگی (صفحہ 68) بہت پرلطف ہوتا ہے — بس بڑی بہن کے لیے شاید نہیں ہوتا! وہ ایک

سپاہی کے ارد گرد چکر لگائیں گے، اس کی ٹانگوں کو بہت تجسّس کی نظر سے دیکھیں گے اور اس کے جسم میں انگلیاں مار کے دیکھیں گے کہ وہ اصلی ہے یا نقلی۔ وہ ہر دلیل کے سامنے اپنی بات پر قائم رہتے ہیں کہ بس کے آخری سرے پر جو نوجوان ہے، وہ ان کا "ڈیڈی" ہے، چاہے نوجوان شکار کتنا ہی کیوں نہ جھینپے! سڑک کے ایک بھیڑ بھرے موڑ کو دیکھ کر محسوس ہوتا ہے کہ گلا پھاڑ کے گھریلو معاملات پر باتیں کرنے کے لیے یہی سب سے مناسب جگہ ہے۔ جب وہ چوک میں آتے ہیں تو انہیں ناچنے کی خواہش جنون کی طرح لاحق ہو جاتی ہے اور ایک بڑی دکان (کے دروازے) کی سیڑھیاں وہ ہمیشہ بیٹھنے اور جوتے اتارنے کے لیے چنتے ہیں۔

وہ گھر میں ہوتے ہیں تو وہ اوپر جانے کے لیے بطور مددیا گھر میں سب سے بڑی چھڑی کا انتخاب کرتے ہیں یا ایک چھتری کا، اور چھتری بھی اگر کھلی ہو تو اسے ترجیح دیں گے۔ انہیں پالتو بلّی (میری این) پر عین اس وقت پیار آتا ہے جب وفا شعار بلّی چولہے میں کالی ہو کر آ رہی ہو اور تب انہیں اسے اسی وقت گلے لگائے بنا چین نہیں آئے گا۔ جہاں تک خوراک کا تعلق ہے، ان کی محبوب غذا کوئلے اور بلّی (کی خوراک) والا گوشت ہے۔ وہ بلّی کو الٹا لٹکا کے پیار کرتے ہیں اور کتّے کی دم کھینچ کر اپنی محبت اور شفقت کا اظہار کرتے ہیں۔

وہ بہت سی مصیبتوں کا سبب بنتے ہیں اور گھر کو گندا کر دیتے ہیں اور انہیں پالنے پر معقول رقم خرچ ہوتی ہے لیکن پھر بھی آپ یہ پسند نہ کریں گے کہ آپ کے گھر میں بچے نہ ہوں۔ ان کی شور و غل مچاتی زبانوں اور شرارتیں کرتے ہاتھوں کے بغیر کوئی گھر گھر نہیں ہوتا! بھلا کمرے ان کے پاؤں کی چاپ کے بغیر خاموش نہ محسوس ہوں گے اور اگر آپ لوگوں کو (ان کی) توتلی آوازیں اکٹھا نہ کریں تو آپ تتر بتر نہ ہو جائیں گے؟

(صفحہ 69) یہ سب کچھ ٹھیک ہے، اور پھر بھی میں نے بعض اوقات ننھے ہاتھ کو

ایک کلہاڑے کی مانند (لوگوں کو) الگ الگ کرتے بھی دیکھا ہے۔ اس خالص ترین انسانی محبت سے لڑنا بڑا ظالمانہ فعل لگتا ہے —— جو ایک عورت کی زندگی کو مکمل کرتی ہے —— یعنی ممتا (یا ماں کا پیار) یہ ایک مقدس محبت ہوتی ہے' اسے ہم اکھڑ مزاج مرد مشکل سے ہی سمجھ سکتے ہیں اور جب میں یہ کہتا ہوں کہ اس محبت کو باقی تمام محبتوں کو ہڑپ نہیں کرنا چاہئے تو یہ باور نہیں کیا جانا چاہیئے کہ میرے دل میں اس محبت کی عزت جاگزین نہیں۔ بچے کو اس امیر آدمی کی طرح آپ کا سارا پیار نہیں لے لینا چاہیئے جس نے صحرا کے کنوئیں کے گرد دیوار چنوا دی تھی۔ کیا بھلا دوسروں کو پیاس نہیں لگتی؟

اچھی ماں بننے کی اپنی کوشش میں اچھی بیوی بننا نہ بھولیں۔ بھلا کیا ضرورت ہے کہ تمام سوچ بچار اور پرواہ صرف ایک ہی کے لیے ہو۔ جب بھی بے چارا ایڈون (یہاں مراد ہے شوہر) آپ کو باہر بلائے تو غصّے سے مت جواب دیجئے کہ "کیا مطلب؟ کیا میں بچے کو تنہا چھوڑ دوں؟" اپنی تمام شامیں اوپر ہی کے کمرے میں نہ گزاریں اور اپنی تمام گفتگو کو کالی کھانسی اور خسرہ تک محدود نہ کیجئے۔ میری پیاری چھوٹی سی خاتون! ہر بار جب بچہ چھینکتا ہے تو وہ (زکام سے) مرنے والا نہیں ہوتا۔ جب بھی آپ سامنے والے دروازے سے باہر نکلیں گی تو مکان میں آگ نہیں لگ جائے گی، اور نہ ہی آیا کسی سپاہی کے ساتھ فرار ہو جائے گی۔ نہ ہی آپ کے بچے کے بستر کے پاس سے ہٹتے ہی بلّی آکے قیمتی بچے کے سینے پر چڑھ بیٹھے گی۔ آپ ننھا چوزے (یعنی بچے) کے لیے ضرورت سے زیادہ اپنے آپ کو پریشان کرتی ہیں اور دوسروں کو بھی پریشان کرتی ہیں۔ ذرا کوشش کریں اور اپنے دوسرے فرائض کا بھی خیال کریں تاکہ آپ کا پیارا چہرہ سدا تیوری پر بدل نہ ڈالے نظر نہ آئے، اس طرح بچے کے کمرے میں بھی خوشی ہو گی اور آپ کے اپنے کمرے میں بھی خوشی ہو گی۔ اپنے بڑے بچے کے بارے میں بھی ذرا سوچیئے۔ اسے تھوڑا سا ادھر اُدھر نچایئے' اسے پیارے پیارے ناموں سے پکاریئے' اس کے ساتھ (صفحہ ۶۵) بھی کبھی کبھار ہنسئے۔ عموماً پہلا بچہ ہی ایک عورت کا

سارا وقت لے لیتا ہے۔ پانچ چھ بچے اگر ہو جائیں تو بھی وہ سب مل کے اتنا وقت نہیں چاہتے جتنا ایک بچہ لیتا ہے لیکن بعض اوقات اس لمحے کے آنے سے پہلے ہی کام خراب ہو جاتا ہے۔ شوہر کو جب گھر میں اپنے لیے کوئی جگہ دکھائی نہیں دیتی اور بیوی اسے اتنی زیادہ مصروف لگتی ہے کہ وہ اس کے بارے میں سوچتی بھی نہیں، تو ایسا نامعقول (سمجھا جانے والا) شوہر آرام اور (خوشگوار) صحبت کی تلاش کہیں اور کرنے لگتا ہے۔

ارے، ارے، ارے! اگر میں اسی طرح باتیں کرتا رہا تو میں بچوں سے نفرت کرنے والے کے طور پر مشہور ہونے لگوں گا۔ اور خدا شاہد ہے کہ میں ایسا نہیں ہوں۔ بھلا کون ایسا ہو سکتا ہے کہ بچوں کے ان معصوم چہروں ہجوم در ہجوم دیکھے جنھیں دنیا (کے کارزار) میں داخل ہونا ہے اور پھر بھی ان سے نفرت کرے؟

دنیا! چھوٹی سی گول دنیا! بچوں کی نظروں کو یہ کتنی وسیع اور پراسرار جگہ نظر آتی ہو گی! انہیں تو پائیں باغ بھی کتنا بڑا اور بے سمت برِّاعظم محسوس ہوتا ہے! وہ تو سیڑھیوں کے نیچے تہ خانے میں بھی کیا کیا (مہم جوئیاں اور) سیاحتیں کرتے ہیں! وہ تو لمبی سڑک کو بھی حیرت سے دیکھتے ہیں اور سوچتے ہیں کہ اس کا دوسرا سرا کہاں ہو گا جیسے ہم بڑے بچے ستاروں کو حیرت سے دیکھتے ہیں اور سوچتے ہیں کہ کائنات کا اختتام کہاں ہوتا ہو گا!

اور وہ اس سب سے لمبی سڑک پر —— اپنے سامنے پھیلی ہوئی زندگی کی طویل اور دھندلی سڑک پر —— کتنی سنجیدگی کے ساتھ نپے تلے انداز میں نظریں ڈالتے ہوئے محسوس ہوتے ہیں! بعض اوقات ان نظروں میں کتنا رحم، کتنا خوف ہوتا ہے! ایک بار میں نے ایک چھوٹے سے بچے کو "سوہو" کی تنگ و تاریک بستی میں رات کے وقت ایک مکان کی دہلیز پر بیٹھے دیکھا تھا اور اس کے ویران سے چہرے گیس لیمپ کی روشنی میں مجھے جو مایوسی کی جھلک دکھائی دی، میں اسے کبھی نہ بھولوں گا —— ایسے معلوم ہوتا تھا جیسے وہ ایک روح ہو اور اس نے اس خستہ حال گلی میں بیٹھے بیٹھے اپنے تاریک اور دکھوں سے بھرے

مستقبل کی ایک خوفناک جھلک دیکھ لی ہو (صفحہ 71) جس نے اس کے دل کو دہشت سے مُردہ کر دیا ہو!

بے چارے ننھے ننھے پاؤں، جو (زندگی کے) پتھریلے راستے پر سفر کا ابھی آغاز ہی کر رہے ہیں! ہم بڑی عمر کے مسافر جو اس راستے پر بہت دور جا چکے ہیں، بس ایک لمحے کو رک کر تمہیں دیکھ ہی سکتے ہیں (یا ہاتھ سے اشارہ کر سکتے ہیں)۔ اے بچو! تم اندھی دھند میں سے باہر آ رہے ہو اور تم نے ہماری جانب بانہیں پھیلائی ہوتی ہیں۔ خدا تم سب کی مدد کرے؟ ہم ٹھہر تو جاتے اور تمہارے ننھے ننھے ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لے لیتے مگر (موت یا وقت) کے عظیم سمندر کی سائیں سائیں ہمارے کانوں میں آ رہی ہے اور ہم زیادہ دیر تک نہیں رک سکتے۔ ہمیں جانا ہی ہوگا کیونکہ موت کے جہاز اپنے کالے بادبان پھیلانے ہی والے ہیں۔

احمد شاہ بخاری

۹۔ ہمارے زمانے کا اردو ادیب

(صفحہ 72) جب گیارہ سال پہلے اقبال "جہان دیدہ" میں اپنے آباؤاجداد میں جا شامل ہوئے تو قریب و دور کی صدیوں میں سے بہت سے دوست احباب ان کے گرد جمع ہو گئے۔ غالبؔ اور میرؔ بھی وہاں تھے، اور حالیؔ اور شبلیؔ اور گرامیؔ بھی وہاں تھے، اور نظیریؔ، رومیؔ اور حافظؔ بھی وہاں تھے ـــــ اور بات چیت روانی سے ہو رہی تھی۔ بعض وقت طلب لمحے بھی آئے، ظاہر ہے۔ رومیؔ کے ساتھ (گفتگو کے دوران) خودی پر عالمانہ بحث مباحثہ بار بار باقیوں کے سر کے اوپر سے گزر جاتا تھا اور جب اقبال تقدیرِ اقوام کے بارے میں خود کلامی کر رہے تھے تو افسوس کی بات ہے کہ غالبؔ خراٹے لیتے سنے گئے۔ لیکن مجموعی

طور پر بات چیت ٹھیک ٹھاک ہی چل رہی تھی۔ کتابوں یا یادداشتوں کے بل پر بہت سی مشہور عبارات زور زور سے پڑھی گئیں اور وقت کی قید و بند سے آزاد لمحات میں حکمت و دانش کی مل جل کر خوب باتیں ہوئیں۔ بہت سے اختلافات بھی پیدا ہوئے اور وہ سب کے سب بہرحال دور نہ ہو سکے۔ لیکن بہرحال یہ اختلافات بھی افہام و تفہیم کے نئے اور متحرک نمونوں پر منتج ہوئے۔ اقبال قدما میں سے نہیں تھے تاہم قدما کو وہ اجنبی محسوس نہ ہوئے ہاں کچھ کچھ قابل اور حیرت انگیز ضرور لگے۔

(صفحہ 73) اگر آج کے ایک نوجوان اردو کے ادیب کو اپنے معینہ وقت سے پہلے سفرِ آخرت پر روانہ ہو جانا پڑے تو وہ اس محفل میں کیا محسوس کرے گا؟ اس کا استقبال، مجھے یقین ہے، تجسس اور شفقت کے ساتھ کیا جائے گا لیکن مجھے ڈر ہے کہ وہ اس محفل میں اپنے آپ کو اُکھڑا اُکھڑا محسوس کرے گا۔ قدما کے ساتھ بات چیت (یا افہام و تفہیم) آسان نہ ہوگی۔ نووارد اپنے اور اپنے پیش رووں کے درمیان ایک بہت بڑی خلیج حائل محسوس کرے گا اور یہ منصوبہ بنائے گا کہ اس خلیج کو پاٹنے کے لیے وہ بہشت کی لائبریری (دارالکتب) میں طویل وقت گزارا کرے گا کیونکہ اس دنیا میں اس کی زندگی کے حالات نے اس کے لیے آبا و اجداد کے علم کا مناسب ورثہ حاصل کرنا مشکل بنا دیا تھا۔ بے شک کچھ مستثنیٰ شخصیات ہیں۔ (ن۔م) راشد اور فیض، فراق، اور فرحت اللہ بیگ، جوش اور حفیظ (جالندھری) ـــــ یہ سب لوگ ماضی سے اچھے تعلقات رکھتے ہیں اگرچہ یہ لوگ بعض کم، بعض زیادہ حال اور مستقبل سے وابستہ ہیں لیکن یہ لوگ ایک بتدریج کم ہوتی ہوئی اقلیت دکھائی دیتے ہیں۔ ایک ایسی نسل کے آخری آدمی لگتے ہیں جو نہ جانے اب دوبارہ کب جنم لے گی۔ ہمارے آج کے ادیبوں میں سے بیشتر کا روایت سے رشتہ نہایت خاموشی سے ٹوٹتا جا رہا ہے۔ پچاس سال پہلے کے ناول نگار مولوی نذیر احمد نبیوں کے اقوال کا حوالہ عزت کے ساتھ دیتے تھے اور شاعروں کے اقوال (یا اشعار) کا حوالہ ناپسندیدگی سے، ان کے (ناولوں کے)

بُرے کردار نبیوں کے اقوال کا حوالہ ناپسندیدگی سے دیتے تھے اور شاعروں کے اقوال (یا اشعار) کا حوالہ عزت سے۔ مگر (اہم بات یہ ہے کہ) مصنف اور ان کا بُرا کردار، دونوں حوالے پیش کر سکتے تھے۔ دونوں نے ایک ادب کے ایسے ذخیرے سے فیض حاصل کیا تھا جو ان کے عہد کے ذہنوں میں موجود تھا اور بخوبی موجود تھا۔ آج کا اردو ناول نگار اپنے (ناول کے) ہیرو کی طرح خود بھی کسی کا حوالہ دینے سے قاصر ہے۔ وہ پڑھتا بہت کچھ ہے لیکن نئی کتابوں کی ششماہی فہرستیں اور سمندر پار کی کتب کی فہرستیں اتنی تیز رفتاری سے آگے پیچھے آتی چلی جاتی ہیں کہ اس کے پاس کتابوں کے (مناسب) انتخاب یا دوبارہ مطالعے کا وقت ہی نہیں بچتا۔ (صفحہ 74) ہمارے زمانے کا نصابِ تعلیم بھی بے جہت ہے۔ پیچھے دیکھنے کی ترغیب تو بالکل ہی ناپید ہے۔ ہمارے آج کے اُردو مصنّف کا تعلق مستقبل سے ہو سکتا ہو، ماضی سے ہرگز نہیں ہے۔

اس ترکِ ماضی کو جنم دینے والی بہت سی وجوہات ہیں جو پیچیدہ ہیں۔ ابتدائی تجزیے کے طور پر ہم کہہ سکتے ہیں کہ مصنف جس نظامِ تعلیم کے تحت پڑھا ہے اس نے اسے کچھ زیادہ فیض نہیں دیا۔ لگ بھگ پچھلے پچاس سالوں کے دوران نظری تعلیم شائستگی اور/یا پرہیزگاری کے اس پرانے معیار سے پرے ہٹ گئی ہے جو نبیوں اور شاعروں سمیت نظروں سے اوجھل ہو گئے ہیں۔ یہ ایک شے ہے جو ہمارے نظامِ تعلیم میں تبدیلیاں کرنے سے رُو پذیر ہوئی ہے۔ باقی اور باتوں کے بارے میں تو یہ ہے کہ اِن پچھلے بہت سے سالوں میں ہماری تعلیم تجربات کا ایک سلسلہ رہی ہے یا ایک ایسے نئے مقصد (یا نئی جہت) کی تلاش رہی ہے جو پرانے مقصد (یا پرانی جہت) کی جگہ موزوں طور پر لے سکتا ہو۔ اور یہ تلاش اب بھی جاری ہے۔

تاہم یہ مکمل صداقت نہیں ہے۔ بنیادی وجوہات کچھ اور بھی گہری ہیں اور ان کا رشتہ شاید تیز رفتاری کے ساتھ وسیع سے وسیع تر ہوتی ہوئی دنیا سے جوڑا جا سکتا ہے

جس میں آج کا مصنف اپنی نسل سمیت اپنے آپ کو پاتا ہے۔ روایتی اقدار اس وقت تک کار آمد تھیں جب تک انہیں زندگی بخشنے والا اور توازن عطا کرنے والا معاشرہ اپنا ڈھانچہ محفوظ رکھ سکا۔ یہ ڈھانچہ اب (مائع کی مانند) متغیر اور غیر متوازن ہے اور اس انداز سے پھیل رہا ہے جیسے (صفحہ 75) پانی کی سطح پر تیل پھیلتا ہے۔ پرانے معاشرے سے تو اب اس کا تعلق قائم نہیں رہ سکتا (یا پیدا نہیں ہو سکتا) کیونکہ پرانا معاشرہ اپنی بساط لپیٹ چکا ہے۔ اس کی بجائے وہ اپنے آپ کو ایک ایسے نئے اور وسعت پذیر معاشرے میں پاتا ہے جس کے ساتھ، اگر وہ اِدھر اُدھر بھٹکتے رہنا نہیں چاہتا تو، اسے اپنا رشتہ جوڑنا ہوگا۔ یہ نیا معاشرہ ابھی اس کے ذہن میں اپنی واضح شکل کے ساتھ موجود نہیں ہے۔ وہ اِسے پورے طور پر سمجھ نہیں سکا ہے لیکن اسے یہ ضرور علم ہو گیا ہے کہ پرانی نسل نے اسے اس (نئے) معاشرے کے لیے مناسب طور پر تیار نہیں کیا۔ نئی دنیا میں ایک پُرسکون زندگی گزارنے کی راہ میں اس کے لیے ماضی کی کچھ رکاوٹیں ہیں چنانچہ (وہ یہ نعرہ لگا دیتا ہے کہ) ماضی، مردہ باد! لہٰذا اس کی نسل کو جو سب سے بڑی ترغیب پیدا ہوتی ہے وہ رسوم و رواج کے خلاف، بزرگانہ اختیارات کے خلاف، پولیس کے خلاف، والدین کے خلاف اٹھ کھڑے ہونے کی ترغیب ہے اور نبیوں اور شاعروں سے منہ موڑ لینے کی ترغیب ہے۔ درحقیقت ماضی کے ہر رشتے سے وہ قطع تعلق پر آمادہ ہو جاتا ہے۔ یہ جنگ و جدال بعض اوقات افراتفری سے عبارت ہو جاتی ہے اور فریقین کی شناخت بھی بعض اوقات نہیں ہو پاتی مگر خیر، سب جنگوں میں ایسا ہی ہوتا ہے۔ اُردو ادیب کو ماضی سے رشتہ توڑنے میں کم از کم ایک بڑی قربانی دینی پڑتی ہے۔ اس نے اسے الفاظ اور استعارات، تلمیحات اور علامات کے اس وسیع ذخیرے سے محروم کر دیا ہے جو ایک ماہر ادیب کے سب سے اعلیٰ اور سب سے مفید ہتھیار ہوتے ہیں۔ آخر الفاظ صرف شور و غل یا کیڑے مکوڑے تو نہیں ہیں جو ایک بار گم ہو جائیں تو ہم ان کی جگہ دوسرے لے آئیں، یہ تو ان لوگوں کے نفسیاتی مشاہدات اور جذباتی تجربات کا مرقع ہوتے

ہیں جو ہم سے پہلے ہو گزرے ہیں۔ ان میں سے ہر ایک انسانی تجربے کی دھنک کا ایک رنگ ظاہر کرتا ہے۔ اب اگر دھنک کا ایک رنگ گم ہو جائے تو ہم اس کی جگہ کوئی دوسرا رنگ نہیں بھر سکتے ہماری تمام کی تمام نئی دھنک کسی اور جگہ پر دریافت کرنا ہوگی۔ چنانچہ آج کے ادیب کو نہ صرف (صفحہ 76) نئی اشیا کے لیے نئے نام تلاش کرتے ہیں بلکہ اُسے ان اشیا کا تشخص بھی دریافت کرنا ہے جو اس سے پہلے (دور میں) جانی اور محسوس کی جاتی رہی ہیں۔ (ماضی کی) اس دست برداری سے اس نے اپنی تخلیقی قوت پر ایک ایسا بوجھ لاد لیا ہے جس نے اس کی فنی ذمہ داریوں میں بے انتہا اضافہ کر دیا ہے۔ اس وجہ سے شاید آج کا اردو ادیب بیک وقت ہمیں محتاط اور ناپختہ' بلاواسطہ اور بالواسطہ محسوس ہوتا ہے جس کی زبان پر بہت سی ان کہی باتیں ہیں جنہیں کہنے پر اس کی زبان کو قدرت نہیں۔ وہ الفاظ جنھیں اس نے چھوڑ دیا تھا' اب خود اسے (تنہا) چھوڑ گئے ہیں۔ ڈینی سن راس کو علم ہے کہ زندہ زبان حوالہ جات اور تلمیحات کا ایک ایسا قومی ذخیرہ ہے جسے ہر تعلیم یافتہ آدمی اپناتا ہے اور ان کی مدد سے اپنے زبانی اور تحریری لفظ کو رنگ اور تاثر دیتا ہے۔ (اس ضمن میں) انھوں نے کچھ سال پہلے ایک کتاب شائع کی تھی جس کا نام "ادبی حوالہ جات/ مقولے" تھا اور جس میں انھوں نے انگریزی زبان کے پس منظر کا خاکہ پیش کرنے کی کوشش کی تھی۔ اس کتاب میں انھوں نے انجیل' شکسپیئر اور بچوں کی لوک نظموں کو شامل کیا تھا اور "انگریزی روایت" کے عنوان سے مشہور شخصیات کے ہر دلعزیز خطابات' تہوار اور مشہور اشتہارات شامل تھے۔ اور اس میں "بنیادی تراکیب" کا بھی ایک حصہ تھا۔ آج سے پچاس سال پہلے اردو کا خاکہ بھی کچھ اسی طرح بہ آسانی بنایا جا سکتا تھا۔ لیکن اب بنانے لگیں تو کتنی مشکل پیش آئے۔

اردو مُصنّف (یا اردو ادب) کو صرف یہی ایک مشکل درپیش نہیں۔ اسے دو زبان جاننے کے مسئلے کا بھی سامنا ہے۔ اور جب وہ دو زبانیں ایک دوسرے سے اتنی

زیادہ مختلف ہوں جیسے انگریزی اور اُردو، تو پھر ان دونوں کو جاننا ابلاغ کی راہ میں، ایک بہت بڑی رکاوٹ بن جاتی ہے۔ علما اور ماہرینِ تعلیم تاریخ اور تجربات میں سے بہت سے لاجواب کر دینے والے دلائل دے کر یہ ثابت کرنا چاہیں گے کہ کسی بھی انسان کے لیے دو زبانیں جاننا ایک تحفے (یا نعمت) سے کم نہیں۔ بین الاقوامی تعلقات کے ماہرین (آپ کو) یہ بتائیں گے کہ کس طرح (صفحہ 77) ہر غیر ملکی زبان جو آپ سیکھتے ہیں، دہرا فائدہ پہنچاتی ہے، جس ملک کی زبان آپ سیکھتے ہیں وہ بھی فائدے میں رہتا ہے اور جس ملک سے آپ کا اپنا تعلق ہوتا ہے، وہ بھی فائدے میں رہتا ہے۔ کیونکہ ہر نئی زبان ذہن میں (کھلنے والے) ایک نئے دریچے کی مانند ہوتی ہے اور ہر اس چیز کو فنا کر دیتی ہے جو روشنی سے ڈرتی ہے۔ انسانوں کی اکثریت کے لیے تو اس بات کے کوئی منفی اثرات نہیں ہوتے لیکن افسوس کہ ادیب کو کمرے کی مانند دماغ روشن کرنے کے علاوہ کچھ اور بھی کرنا ہوتا ہے۔ اُسے ابلاغ کرنا ہوتا ہے اور مزید براں اُسے ایک وقت میں ایک ہی زبان کے ذریعے ابلاغ کرنا ہوتا ہے۔ اب اس کا ذہن خواہ کتنی بھی زبانوں کا علم کیوں نہ رکھتا ہو، آخر ہوتا تو ایک ہے نا! ایک دریچہ سبز ہے، دوسرا دریچہ سرخ ہے، لیکن ذہن کے اندر یہ دونوں رنگ ایک دوسرے کے پاس پاس الگ الگ نہیں رہتے کہ ایک دوسرے سے تمیز کیا جا سکے۔ وہ مِل جاتے ہیں اور ایک تیسرا رنگ بناتے ہیں جو اس کھڑکی کے نزدیک ذرا سبز سا ہے اور اس کھڑکی کے نزدیک ذرا سُرخ ہے لیکن پورے ذہن میں نہ سبز ہے، نہ سرخ (بلکہ گڈمڈ ہے)۔ ادیب اِس پُراسرار اور ارفع قسم کی روشنی میں بیشک مزہ محسوس کرتا ہو یا اپنے آپ کو زیادہ عالم سمجھنے لگا ہو لیکن اس کے لیے یہ عمل کتنا دشوار ہے کہ وہ اسے واپس چھلنی میں چھان کر صرف سرخ یا صرف سبز رنگ مہیا کرے جو بالکل اصلی ہو۔ ایک لحاظ سے یہ کہنا درست ہو گا کہ دو زبانیں جاننے والا شخص جب تک دونوں زبانوں میں اظہارِ خیال نہ کرے، اظہارِ خیال کر ہی نہیں سکتا۔ لیکن اگر آپ اسے

ایک زبان تک محدود کردیں تو آپ اسے گویا آدھے ذہن سے کام لینے کو نہیں کہہ رہے — یہ امر تو بالکل ناممکنات میں سے ہوگا — آپ تو گویا اسے ایسے ذہن سے کام لینے کو کہہ رہے ہیں جو صرف نیم نطق رکھتا ہے اور اظہار کے پیراؤں کی تلاش میں دقتیں محسوس کرتا ہے۔ اور آج کے اردو ادیب کو یہی کرنا پڑ رہا ہے۔ آپ اس کی تحریر کے تانے بانے میں عجیب موڑ اور گھنڈیاں، ابہام اور مایوسیاں دیکھیں گے اور سب سے بدتر بات یہ کہ اردو میں اکھڑ یا بھدّے طور پر لپیٹی ہوئی ایسی عجیب و غریب انگریزی تراکیب دیکھیں گے جنہیں صرف دو زبانیں جاننے والے لوگ ہی سمجھ سکتے ہوں گے۔ (صفحہ 78)

اس جگہ اگر زبان ایک ایسا کارگر ہتھیار نہیں رہتی جسے فن کار چابکدستی سے استعمال کر سکے۔ یہ اندازوں (یا اشاروں، کنایوں) کا ایک سلسلہ بن جاتی ہے، حرکات و سکنات پر مبنی ایک نظام بن جاتی ہے۔ الفاظ اپنے معانی اپنے اندر نہیں لئے پھرتے، معانی تو ان سے الگ باہر ہوتے ہیں اور الفاظ تو ان (معانی) کی طرف دور سے ایک موٹی سی انگلی سے اشارہ کر دیتے ہیں۔ اگر وہ ناقابل برداشت حد تک آزردگی محسوس کرتا ہے تو آج کا ادیب اردو لکھنا چھوڑ کے انگریزی لکھنا شروع کر دیتا ہے (اور اس کا یہ عمل اس کی مایوسی کا آئینہ دار ہوتا ہے)۔ لیکن خواہ وہ سبز رنگ چھاننے والی چھلنی استعمال کرے یا سرخ رنگ چھاننے والی چھلنی، اور جس چھلنی کی ضرورت نہ ہو، وہ استعمال کرے، مسئلہ تو وہیں رہتا ہے!

ہم نے پہلے ذکر کیا تھا کہ ہمارا ادیب آج ایک نئے معاشرے میں اپنے آپ کو پاتا ہے — ایک ایسے وسعت پذیر معاشرے میں جس کی حدود ابھی معین نہیں ہیں — لیکن یہ ایسا معاشرہ ہے جو اس معاشرے سے کہیں زیادہ بڑا ہے اور زیادہ پیچیدہ ہے جس سے اس کے پیش رو آشنا تھے اور آج کے ادیب کو اگر تکمیل اور استقامت حاصل کرنی ہے تو اسے اسی (نئے) معاشرے سے خود کو ہم آہنگ کرنا ہوگا۔ اس لیے جب تک یہ ہم آہنگی نامکمل ہے تب تک ہم اگر اسے اپنے ہم ذہن ساتھیوں کی تلاش میں سرگرم ایک

تنہا، اکیلے آدمی کی مانند بے چین پاتے ہیں تو ہمیں حیران نہیں ہونا چاہیے۔ شاید یہ اسی مایوسی کا اظہار ہے کہ آج کے ادیب ہر اس گروہ یا حلقے کو آزمانے کے لیے تیار رہتے ہیں جو ان کی تنہائی کو دور کرنے کی امید دلاتا ہو اور ایک دوسرے کی کتابوں کے دیباچے اور پیش لفظ لکھتے رہتے ہیں۔ اس سے پہلے ہمارے ادیبوں نے ایک دوسرے کا بازو تھامنے کے اتنے زیادہ مضبوط رجحان کا کبھی اظہار نہ کیا تھا، مجلسیں، انجمنیں اور حلقے بنا کے معاشرے کی تشکیل کی اتنی سنجیدہ اور مجنونانہ کوششیں کبھی نہ کی تھیں۔ تخلیقی قوت کی اصلاح میں (ہم یوں کہہ سکتے ہیں) کہ ایک ادیب کو ایسی سیاحوں اور سیر و سپاٹے (یا تلاش) کی بہت بھاری قیمت ادا کرنی پڑتی ہے لیکن لگتا یہ ہے کہ (صفحہ 79) ہمارے ادیب نے اپنے آپ کو اس پہ راضی برضا کر لیا ہے۔ اس کا مقصد اگرچہ پوری طرح واضح نہیں ہے مگر یہ ایک مکمل زندگی کا حصول ہے اور چونکہ وہ عدم اپنائیت کا شکار ہے اس لیے اسے ابھی مکمل زندگی کے حصول کے لیے بہت جگہ پھرنا ہے اور جب تک وہ بہت جگہ پھرتا رہے گا، تب تک اسے خود زندگی جینے کے عمل کو (بار بار اور) اکثر و بیشتر ملتوی کرنا پڑے گا۔ وہ ایک ایسی نئی جڑ ہے جسے دھرتی کی تلاش ہے لیکن (مسئلہ یہ ہے کہ) جب تک اسے دھرتی میسر آئے تب تک اس کی رگوں میں خون کیسے گردش کرتا رہ سکتا ہے؟

پی، ای، این کلب کے ساتویں بین الاقوامی اجلاس میں کی گئی ایک تقریر میں آرتھر کوئسلر نے ہمیں بتایا تھا کہ ترگنیف صرف اس وقت لکھ سکتا تھا جب اس کے میز کے نیچے رکھی ہوئی گرم پانی کی بالٹی میں اسکے پاؤں رکھے ہوں اور اپنے کمرے میں کھلی ہوئی کھڑکی کے عین سامنے بیٹھا ہو۔ کوئسلر نے بتایا تھا کہ گرم پانی کی بالٹی تحریر کی ترغیب ہے، قوتِ تخلیقی ہے (اور) کھلی کھڑکی بیرونی دنیا ہے، فن کار کی تخلیق کا خام مواد ہے۔ اس نے یہ بھی بتایا تھا مصنف (یا ادیب) کو بیرونی دنیا کی طرف سے بزور مجبور کیا جاتا ہے کہ وہ (کھڑکی کے) کواڑ بند کرے اور پردے گرا لے۔ لیکن اسے ایک دوسری ترغیب بھی ملتی ہے کہ وہ کھڑکی کھلی رکھے اور باہر کی ہوائیں زور زور سے سانس لے کر تازہ ہوا اپنے اندر آنے دے۔ ادیب نے

دوسری ترغیب پر عمل کیا، کواڑ بند نہ کیے بلکہ کھڑکی میں سے گردن باہر نکال لی اور اپنے پاؤں بھی گرم پانی کی بالٹی سے باہر نکال لیے۔

آج کے ادیب کے لیے باہر کے واقعات کی تفہیم اتنی ضروری ہے بہ الفاظِ دیگر اُسے کشف اور ارتکاز کی اتنی ضرورت ہے کہ ہمیں اُسے اکثر و بیشتر کھڑکی میں کھڑے دیکھنے کے لیے، باہر کے مناظر سے مسحور ہوتے ہوئے دیکھنے کے لیے حتیٰ کہ شور و غل مچاتے اور نعرہ بازی کرتے اور اتنے دنوں تک میز پر نہ لوٹتے اور گرم پانی کو ٹھنڈا ہونے دیتے دیکھنے کے لیے تیار رہنا چاہیئے۔ ایک نئی دنیا اس پر دھماکے کے ساتھ منکشف (صفحہ 80) ہو رہی ہے۔ اسے اتنی ساری چیزیں دیکھنی اور سمجھنی ہیں، اتنا سارا خام مواد چھانٹنا (اور ترتیب دینا) ہے۔ چنانچہ اس سے عظیم فن پاروں کی توقع (ابھی سے) کرنا بہت دشوار ہو گا، یہ توقع کرنا دشوار ہو گا کہ وہ اپنے پاؤں گرم پانی ہی میں رکھے رہے اور سڑک پر موجود مجمع میں آملنے کو بے چین نہ ہو۔ لیکن اگر آپ کہیں کہ وہ اپنی نسل کی طرف سے آنے والی نسلوں کے ادیبوں کو کیا دے گا تو (اِس کا جواب ہے کہ) وہ "مقاصد کی سنجیدگی"، "سامنے دیکھنے کی جرات" اور "مستقبل میں سفر" فراہم کرے گا اور اگر ممکن ہوا تو یہ اشیا آباؤ اجداد کی مہربانیوں کے ساتھ فراہم کرے گا (اگر ایسا نہ ممکن ہو سکا، تو تنِ تنہا فراہم کرے گا)۔ وہ ذہین، باخبر، بے چین اور بے دھڑک ہے ــــ اس نے نئے راستے کو تلاش کرنے اور اس پر سفر جاری رکھنے کا عزمِ مصمم کر رکھا ہے، اسے اس چیز کی بالکل بھی پرواہ نہیں کہ اسے اس تلاش اور سفر میں کیا کھونا پڑے گا۔ ہمیں اس کی مشکلات اور حدودِ کار کو، اس کے دکھ درد اور گلوں شکووں کو سمجھنا چاہیئے تاکہ ہم اس کی جد و جہد اور اس کی کامیابیوں کا صحیح اندازہ کر سکیں یہی ہو گا ہمارا اس کے لیے خراجِ تحسین، اور میں نے اس مضمون میں یہی ادا کرنے کی کوشش کی ہے۔

بیٹی، ایف، مارٹن

۱۵۔ کھیتوں میں بہار کی آمد آمد

(صفحہ 81) ہمارے گاؤں کو ریاست ہائے متحدہ امریکہ کی شاہراہ نمبر 50 سے نکلنے والی ایک چھوٹی سڑک جاتی ہے ـــــ اس میں ایک کے بعد ایک چھوٹے چھوٹے کھیت (فارم) ہیں۔ ہمیں کسی کو یہ بتانے کی ضرورت نہیں پڑتی کہ کیا ہو رہا ہے؟ بس، ہم خود ہی جان جاتے ہیں۔ ہمیں ہر دلدل اور تالاب میں سے مینڈکوں کے زور زور سے ٹرانے کی آواز سن کر پتہ چل جاتا ہے کہ بہار آنے والی ہے۔ گائیں اور گھوڑے اپنے موسم سرما کے بال جھاڑنے لگتے ہیں۔ کڑک مرغیاں انڈوں پر بیٹھنے کے لیے کُٹ کُٹانے لگتی ہیں۔ ہفتوں کے (پیلے رنگ) بے بُو برف کے بعد ہمیں پھر دھرتی کی خوشبو آنے لگتی ہے۔ رات کی خاموشی میں ہمیں اپنے ساتھیوں کو بلاتے ہوئے خرگوشوں کی زیر زمین بُھد بُھدانے کی آواز آنے لگتی ہے۔

ہماری دنیا پھر سے نیا جنم لے رہی ہے۔ موسم بہار کی تاریکی میں سے ہمارے لیے ایک تروتازہ اور روشن دھرتی، امیدوں سے بھرپور، نمودار ہو رہی ہے ـــــ یہ ہماری دھرتی ہے، ہم اس پر جو چاہیں کر سکتے ہیں۔ پچھلے سال کی ناکامیاں اور غلطیاں نہ جانے کیسے اُڑن چھُو ہو گئی ہیں، مالوزدہ موسم سرما کے برف کے ساتھ ہی غائب ہو گئی ہیں اور اب ہمارے سامنے ایک پورا نیا موسم ہے جو ہمیں نئی کارگزاریوں کی دعوت دے رہا ہے۔ (شاید) وقت کے آغاز سے ہی ایسا ہوتا چلا آ رہا ہے لیکن جب بھی بہار لوٹ کے آتی ہے تو زمین کو دیکھ کر ایک حیرت، ایک پراسرار سی مسرت ہے۔ (صفحہ 82) سال بہ سال دھرتی یہ سب کچھ برداشت کرتی رہتی ہے تاہم یہ ہمیشہ تبدیل ہوتی رہتی ہے

اور بہار خود تبدیلی کا موقع ہوتی ہے۔

یہ انگوروں کی بیلوں کے چھانٹنے کا وقت ہے، سیب کے مُردہ درخت (کی لکڑیاں) کاٹ ڈالنے کا وقت ہے، جنگلے ٹھیک ٹھاک کرنے کا وقت ہے اور جنگلی خودرو جھاڑیوں کو زمین پر لگتے لگتے ہی جلا ڈالنے کا وقت ہے۔ افق پر دھوئیں کے ستون نمایاں نظر آتے ہیں ـــــ اِدھر سَر سَراتی آگ، اُدھر چُر چُراتی آگ ـــــ یہاں سے وہاں تک پھیلا ہوا دیہاتی علاقہ پورا کا پورا پرامن دھوئیں کی ایک بڑی چادر میں لپٹا ہوا نظر آتا ہے۔

ہم بے چین مویشیوں کو، جو اب تک باڑوں اور اصطبلوں میں قید تھے اور چراگاہوں میں سرسبز گھاس چرنے کے لیے مضطرب تھے، باہر نکال کر آزاد چھوڑ دیتے ہیں تاکہ وہ گھومیں پھریں۔ ہم طویل سردیوں میں کاہل ہو گئے ہوئے گھوڑوں کو گاڑیوں میں جوتتے ہیں اور گھنٹوں گھنٹوں تک کھاد کے بڑے بڑے ڈھیروں کو گوداموں کی پشت سے اٹھا کے باہر کھیتوں میں لے جاتے رہتے ہیں۔ ہم نرم گرم ہوا کو وہ مٹی خشک کرتے ہوئے دیکھتے ہیں جس میں انسان، جانور اور مشینیں بارشوں اور برف پگھلنے کے بعد لت پت ہو گئے تھے۔ زنگ آلود ہل پرانے کھیتوں اور باغیچے کے پلاٹوں میں مٹی کے بڑے بڑے ڈھیلوں کو توڑتے ہیں جس کے بعد کھیتوں میں چوزے چھوڑ دیے جاتے ہیں جو کیڑوں مکوڑوں اور کیچوؤں وغیرہ کو ہڑپ کر جاتے ہیں اور کھیت کی ایک پہلی لمبی پگڈنڈی پر پُرامید انداز میں جمع ہو جاتے ہیں۔ ہوا میں پلٹی ہوئی مٹی کی خوشبو رچی ہوئی ہے۔

باورچی خانوں کی کھڑکیوں سے روشنیاں جلدی ہی جھانکنے لگتی ہیں۔ صبح کو لوگ کسما کسما کے دیر تک بستر میں نہیں پڑے رہتے۔ مرد، عورتیں اور بچے پو پھٹنے سے پہلے ہی ناشتہ کر لیتے ہیں تاکہ اس کام پر پل سکیں جو سردیوں کے مفلوج کر دینے والے مہینوں کی بے کاری کے بعد اب ان کی توجہ کے لیے چلّا رہا ہے۔ بوریوں سے لدے ہوئے

ٹرک جن میں خشک گھاس (چارہ)، غلہ اور کھاد ہے، سڑک پر چنگھاڑتے ہوئے گزرنے لگتے ہیں۔ ہر کوئی چاہتا ہے کہ چونے اور کھاد کا ان کا آرڈر (صفحہ 83) جھٹ پٹ اور فوراً پورا کر دیا جائے۔ ڈرائیور (بے چارے) دیر سویر مصروفِ کار نظر آتے ہیں۔ کھاد کی ہر بوری کا وزن 160 پاؤنڈ ہوتا ہے۔ پسے ہوئے چونے کی ہر بوری میں بھی تقریباً اتنا ہی بھاری بھر کم وزن ہوتا ہے اور اگر کسی بوری پر پانی پڑ گیا تو (سمجھو کہ) اس کا لے جانا یا اٹھانا دم گھونٹنے کے مترادف ہے (تاہم) لڑکے پھونکیں مارتے ہیں اور گہرے سانس لیتے ہیں اور خوشی خوشی اعلان کرتے ہیں کہ وہ لوبیا کھانے کو بالکل تیار ہیں، بس ذرا شام کے کھانے کا وقت تو ہو جائے!

موسمِ سرما میں ہر ذہن میں جو منصوبے منجمد ہو جاتے ہیں اب وہ پگھل کر عملی شکل اختیار کرنے لگتے ہیں۔ ایک کھیت کو جلدی جلدی جئی، گھاس اور دُوب کے لیے تیار کرنا ہے، گھر کے پاس والا پلاٹ آلو، مٹر، پیاز اور بہار کی دوسری سبزیوں کے لیے تیار کرنا ہے۔ اس کھیت کو غلے کے لیے تیار کرنا ہے، اگلے کھیت میں سویابین اگانا ہے۔

اور پھر مویشی ہیں۔ ہر ایک جانور کے بچے ہوتے ہیں گھوڑوں سے لے کر سؤروں تک اور بطخوں سے لے کر پالتو بلیوں تک! بچے جانوروں کے ان بچوں کو دیکھ کے حیران بھی ہوتے ہیں اور خوش بھی جبکہ بڑے انہیں دیکھ کے کبھی مطمئن ہوتے ہیں اور کبھی کبیدہ خاطر۔

اگر ہمیں موسمِ خزاں میں انڈے درکار ہوں تو موسمِ بہار میں چوزے ضرور پالنے چاہئیں۔ ہماری خواتین چوزوں کے کمروں میں آگ جلانا شروع کر دیتی ہیں، انہیں صاف ستھرا رکھتی ہیں، درجہ حرارت کا دھیان رکھتی ہیں اور اسے یکساں رکھنے والے آلات پر بھی نظر رکھتی ہیں تاکہ جب ڈاکیا ڈاک گاڑی میں پچیس سے لے کے سو دنوں تک (کی عمر) کے چوزوں سے بھرے ڈبے لے کے آئے جن کے اندر سے چوزے چونچیں نکالے گرم جگہ، پانی اور

دانے کے لیے لونگ (یا ہانپ) رہے ہوں تو سبھی انتظامات مکمل ہوں۔
(پتلی پتلی) ٹانگوں والے بچھڑے چراگاہوں میں نظر آتے ہیں جو اپنی ماؤں کے جسم کے ساتھ بھکنے پن سے اپنی تھوتنی رگڑ رہے ہوتے ہیں، یہاں موجود ہونے کی خالص خوشی میں اچھل کود کر رہے ہوتے ہیں، پھر کھانا ہضم کرنے اور کھیل کود کی تھکن اتارنے کے لیے سو جاتے ہیں۔ کمزور ٹانگوں والے بچھڑے گایوں کو ٹکریں مارتے ہیں، کھانے کے بعد اِدھر اُدھر کھیلتے کودتے ہیں اور قدرتی طور پر (صفحہ 84) باورچی خانے کے سٹور میں جو طویل موسمِ سرما میں قلیل ہو جاتا ہے، دودھ، مکھن اور پنیر بھر دیتے ہیں۔

جب آغازِ بہار کی تازگی وقت گزرنے کے ساتھ نرم گرم حرارت میں تبدیل ہو جاتی ہے تو ہم پانچ میل کے فاصلے پر واقع ریلوے سٹیشن جاتے ہیں۔ یہاں کا مال گودام جس میں عموماً دودھ کے ڈبے، دروازے اور کبھی کبھار ایک آدھ زرعی مشین ہوا کرتی ہے، اب آرڈروں پر آئے ہوئے سامان سے بھرا پڑا ہے ـــــ پھل دار پودوں کے بڑے بڑے بنڈل، کین فروٹ اور انگور کی بیلوں کے چھوٹے بنڈل، بیجوں کی بوریوں کی بوریاں، جئی، گھاس، دُوب، آلو، سبزیوں، سویابین اور راجناس کے بیج۔ ہمیں حیران پریشان کلرک کی مدد کرنے کو اپنا مال خود چھانٹتے ہیں اور اسے چند مزید بوریوں کی ذمے داری سے نجات حاصل کرنے پر آرام اور سکھ کا سانس لیتے دیکھتے ہیں۔

وہاں سے ہم ڈاک خانے کا رُخ کرتے ہیں جو جھانکتے ہوئے چوزوں، سٹرابری کے پودوں، سدا بہار پھولوں اور بنڈلوں اور ٹوکریوں سے ٹکتے ہوئے پھلوں جیسی مختلف اشیاء سے بھرا پڑا ہوتا ہے، حتیٰ کہ یہاں پر آرڈر پر آئی ہوئی شہد کی مکھیاں تک ہوتی ہیں جو بڑی صفائی کے ساتھ (جالی دار یا) پردے دار پیکٹوں میں بند کی ہوتی ہیں۔

گاؤں میں پٹرول پمپ کے علاوہ تمام دوکانیں خواہ وہ دواؤں کی ہوں یا کھانے پینے کی اشیا کی، کریانے کی ہوں یا لوہے کی بنی ہوئی اشیا کی، بجوں کے بسکٹوں، بیجوں کے تھیلوں،

گلاب کی قلموں کے ڈھیروں اور کبرے مار دواؤں اور زہروں کے پہاڑوں کی نمائش کرتی ہیں۔

ہمارا تمام کا تمام نقد روپیہ مستقبل کے لیے خرچ ہو جاتا ہے — بچوں، چوزوں، لڑکیوں اور بطخوں کو مستقبل کے لیے خرید لیتے ہیں — بچھیروں، بچھڑوں اور ننھے ننھے شیطانی سؤروں کو مستقبل کے لیے خرید لیتے ہیں جو اپنے اپنے والدین پر کافی عرصے تک رقم خرچ کروا کے تازہ تازہ آوارہ ہوتے ہیں۔ (اب) اس چکر میں اگر کوئی خالص منافع ہو بھی، تو اس کا علم اس وقت تک نہیں ہو سکتا جب تک فصل کٹنے اور بازار (یا منڈی) میں جانے کا وقت نہ آ جائے۔

(صفحہ 85) ہمارے اپنے مسائل ہوتے ہیں اور اگر ہم یورپ کے حالات اور ایک دور دراز کی دنیا کے مصائب پر ان مٹوں سے کم توجہ دیتے ہیں تو شاید یہ بات قابلِ فہم ہے۔ ہم نے اپنے سویابین بوئے تھے اور ستمبر کے گرم مہینے میں مکئی کاٹی تھی، تب ہمارا ایک کان پولینڈ کی طرف لگا ہوا تھا۔ جب ہم موسم خزاں کے چمکتے آسمان کے نیچے اونچے نیچے ٹیلوں پر گھومتے پھرتے تھے تو ہماری آدھی توجہ خرگوش پر لپکتے شکاری کتوں پر ہوتی تھی اور باقی آدھی توجہ فن لینڈ (کی خبروں) پر۔ لیکن اب ہم موسم بہار میں گھٹنوں گھٹنوں ڈوبے ہوئے ہیں (یعنی بے انتہا مصروف ہیں) اور دنیا کے ہر نئے خطرناک حلقے سے آنے والی بازگشت پہاڑیوں کے پار بہت مدھم ہو کے پہنچ رہی ہے۔

تمام پرامن اقوام میں، کھیتوں پر موسم بہار میں یہی مصروفیات ہوتی ہیں، سال کے اس موسم میں جب زمین قلعوں اور دمدموں کی بجائے فصلوں کے لیے کھودی جاتی ہے اور جنگلوں کے ستون خاردار تاروں کے جنگلوں کے لیے نہیں بلکہ پرامن جنگلوں کے لیے بنائے جاتے ہیں۔ ہمارا ابھی ایک پرامن منظر ہے اور ہمارے ذہن بھی امن کے معاملات سے بھرپور ہیں جو کسی نہ کسی طور اس موسم کے ساتھ بالکل مناسب لگتے ہیں۔

ہمارے سہاگے ہل چلے ہوئے کھیتوں میں اوپر نیچے پھرتے ہیں اور ڈھیلوں کو توڑ

کے انہیں خوبصورت انداز سے ہموار کر دیتے ہیں۔ ایک کنارے سے دوسرے کنارے تک صاف زمین ہو جاتی ہے گویا آنے والے سال کی روزی کمانے کے لیے نیا میدان بچھ گیا ہے۔ ہماری سڑک کے کنارے چھوٹے چھوٹے کھیت ہیں اور گھوڑوں سے چلنے والے بیج بونے کے آلات بھی کم ہیں۔ چنانچہ کسان بیجوں کی بالٹی اپنے بائیں ہاتھ میں لیے اوپر نیچے، آگے پیچھے چلتا جاتا ہے اور دائیں ہاتھ سے ایک پسٹن کی طرح باقاعدگی کے ساتھ بیج لے کر بکھیرتا رہتا ہے۔ وہ اِسے (ہوا میں) اڑتے اور نرم زمین پر گرتے دیکھتا ہے اور پھر اِس پر سہاگہ پھیر دیتا ہے (جس سے یہ مٹی میں نیچے بیٹھ جاتا ہے)۔

خواتین اپنا دن کا وقت ڈیوڑھیوں میں یا چھپروں کے نیچے گزارتی ہیں کیونکہ کہیں کہیں دھوپ ذرا گرم ہوتی ہے۔ ان کے ہاتھ بھی بے کار نہیں رہتے، وہ بھی (صفحہ 86) آلو کاٹ کاٹ کر بیج بناتی رہتی ہیں اور سکول کی عمر سے چھوٹے بچے ان کے پاؤں میں چھکتے رہتے ہیں۔ اگلی صبح وہ اپنے اپنے مردوں کے ساتھ باغیچوں میں (ہل سے بنی ہوئی) مینڈھوں میں آلو کے بیج بو رہی ہوتی ہیں۔

جوں جوں دن گزرتے جاتے ہیں، بھورے (یا مٹیالے) کھیت بہار کی نرم گرمی، بارش اور دھوپ میں سبز ہوتے جاتے ہیں۔ کھلیانوں اور تازہ تازہ رنگ و روغن پھرے ہوئے عارضی اور سفید چھپروں اور سائبانوں کے پاس لگے ہوئے پھل دار درختوں پر شگوفے آجاتے ہیں۔ آلوچے، چیری، آڑو، ناشپاتیاں اور سیب اپنے اپنے حسن و جمال سے بھرپور سفید اور گلابی شگوفوں سے لد جاتے ہیں۔

فصلوں پر حفاظتی ادویات کے چھڑکاؤ کے بعد کام میں تھوڑا سا وقفہ آجاتا ہے، یہ گویا بونے اور کاٹنے کے درمیان ایک سانس لینے کا وقفہ ہے۔ (اب) ہم اپنے کھیتوں میں اور زیادہ آرام سے گھومتے پھرتے ہیں۔ ہم آلو کے ہاتھ برابر اونچے پودوں کو دیکھتے ہیں جن کے ننھے ننھے نرم پتوں پر کیڑے ہوتے ہیں جو پتوں کو پٹیوؤں کی مانند بڑے

شوق سے کھانے میں مصروف ہوتے ہیں۔ ہم شام اندھیرا چھا جانے کے بعد تک باہر رہتے ہیں اور راتوں کو جاگنے والے اور چلّانے والے پرندوں اور جوہڑ میں ٹرّاتے ہوئے مینڈکوں کی آوازیں سنتے ہیں۔ جب یہ پرندے، مینڈک اور کیڑے مکوڑے اپنے اپنے گیت گانے لگیں تو ہم جان لیتے ہیں کہ بہار اب کھسک رہی ہے اور موسم گرما دبے پاؤں آتا جا رہا ہے۔

محمد مارماڈیوک پکتھال

۱۱۔ اسلامی ثقافت

(صفحہ 87) ثقافت کے معنی تربیت کے ہیں اور آج کل جیسے کہ یہ لفظ اکیلا استعمال کیا جاتا ہے تو اس سے مخصوص معنی یعنی انسانی ذہن کی تربیت مراد لیے جاتے ہیں۔ اسلامی ثقافت اس لحاظ سے دیگر ثقافتوں سے مختلف ہے کہ یہ تربیت یافتہ (یعنی مہذب) فرد کا ہدف اور مقصود نہیں ہو سکتی کیونکہ اس کا مقصد جو ہر ایک پر واضح ہے اور ہر ایک کے سامنے ہے، ایک فرد یا (مختلف) افراد کے گروہ کی تربیت نہیں بلکہ پوری نوعِ انسانی کی تربیت ہے۔ کسی بھی سرزمین میں تخلیق کیے گئے کتنے بھی فنی شاہکار یا ادب پارے اس وقت تک اسلام کا جواز نہیں سمجھے جا سکتے جب تک غلط کاری، بے انصافی اور تعصب کا وجود ہے۔ جنگ و امن کی کوئی سی بھی فتوحات خواہ وہ کتنی ہی تابناک کیوں نہ ہوں، اسلام کے حاصل کے طور پر بطور حوالہ پیش نہیں کی جا سکتیں۔ اسلام کے موضوعات ان سے زیادہ وسیع، ان سے زیادہ رفیع الشّان ہیں۔ اسلام کا مقصود عالمگیر انسانی اخوت سے کم کچھ نہیں۔ تاہم بطور ایک مذہب کے یہ فرد اور نسل کی بہتری کی دیگر مذاہب سے کہیں زیادہ

حوصلہ افزائی کرتا ہے اور جب سے یہ دنیا میں ایک قوت کے طور پر نمودار ہوا ہے اس نے ایسے ثقافتی نتائج پیدا کئے ہیں جن کا مقابلہ دنیا تمام مذاہب، تہذیبوں اور فلسفوں کے مجموعی حاصل شدہ نتائج سے کیا جا سکتا ہے۔

(صفحہ 88) سائنس، آرٹ اور ادب میں مسلم تمام عظیم کام دو عنوانوں کے تحت بانٹا جا سکتا ہے: تشریح اور تفریح۔ اس کام میں سے بہترین شاعری اور فن تعمیر دونوں عنوانات میں آجاتا ہے۔ یہ سب ایک راہنما کو تسلیم کرتا ہے ایک راہنما کی پیروی کرتا ہے، ایک ہی منزلِ مقصود کی طرف دیکھتا ہے۔ راہنما پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) راہنمائی قرآنِ مجید ہے اور منزلِ مقصود ہے اللہ (جلّ شانہ)

اسلامی ثقافت سے میری مراد وہ ثقافت نہیں جو اسلام کے نام لیواؤں نے کسی خاص وقت میں حاصل کی، بلکہ وہ ثقافت مراد ہے جسے اس مذہب نے متعین کر دیا ہے جس کا معین اور مصدقہ مقصود انسانی ترقی ہو۔

جس نے بھی قرآنِ پاک پڑھا ہے، وہ اس بات سے انکار نہیں کر سکتا کہ یہ ان لوگوں کو دنیا اور آخرت میں کامیابی کی نوید سناتا ہے جو اس کی راہنمائی پر عمل کریں اور اس کے قوانین کی اطاعت کریں۔ یہ پوری انسانی نسل کی کامیابی سے کم تر کوئی اور مقصود نہیں رکھتا اور یہ کامیابی انسان کی صلاحیتوں اور قابلیت کی تربیت (اور تہذیب) سے حاصل ہوگی۔

اسلام نسل انسانی کے شاندار مستقبل کی پیش بینی کرتا ہے اور اس کے بارے میں سرگرم عمل بھی ہے۔ مسلمان اللہ (جلّ شانہ) کی راہ میں اپنی جان کی پرواہ نہیں کرتا کیونکہ یہی انسانیت کی خدمت ہے۔ وہ کسی انسانی مقصد کی خاطر کسی انسانی جان کو خواہ وہ (بظاہر) کتنی بھی غیر اہم کیوں نہ ہو، قربان کرنے کا تصور بھی نہیں کر سکتا۔

اسلام ایک ایسا مذہب ہے جو خاص طور پر انسانی ترقی کو اپنا مقصود قرار دیتا ہے

اور ان بہت سے اوامر و نواہی کی صورت میں اس کا مناسب راستہ دکھاتا ہے جو انسان کی روزمرہ کی عام زندگی کے ہر پہلو سے متعلق ہیں (صفحہ 89)، اس کی سماجی زندگی اور سیاست سے بھی متعلق ہیں اور اس کے ذہن اور اس کی روح میں پیدا ہونے والی ترغیبات کے بارے میں بھی ہیں۔ ان اوامر و نواہی کو ایک مکمل سماجی اور سیاسی ضابطے کی شکل دے دی گئی ہے۔ یہ ایک عملی نظام ہے اور یہ اتنی کامیابی کے ساتھ عمل پذیر ہو چکا ہے جسے دیکھ کر تاریخ بھی انگشت بدنداں ہے۔

دیگر مذاہب ان لوگوں سے آخرت میں کامیابی کا وعدہ کرتے ہیں جو روئے زمین پر رہبانیت اور سادگی کے ذریعے اپنے آپ کو اہل ثابت کریں۔ اسلام اس دنیا میں بھی کامیابی اور ثمر باری کا وعدہ کرتا ہے ـــــ اتنا ہی، جتنا دوسری دنیا (یعنی آخرت) میں ـــــ اور ان سب لوگوں سے جو زندگی کے بعض طے شدہ قوانین اور سیدھے سچے اصولوں پر عمل کریں۔ سچے مسلمان کے لیے اس دنیا اور اس دنیا (یعنی آخرت)، کا امتیاز ختم ہو جاتا ہے کیونکہ اللہ (جلّ شانہ) آسمان کا بھی مالک ہے اور زمین کا بھی، اس دنیا کا بھی قادرِ مطلق ہے اور دیگر دنیاؤں کا بھی۔ دوسری زندگی کی شروعات ان سب لوگوں کے لیے موت پر نہیں بلکہ ابھی (اسی زندگی میں) ہیں جو الاسلام کے عمل کو انجام دیتے ہیں ـــــ اللہ کی رضا کے سامنے اپنے آپ کو مکمل طور پر جھکا دیتے ہیں۔ جب حضور پاک حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے ہمیں نصیحت فرمائی: مُوتُوْا قَبْلَ اَنْ تَمُوْتُوْا (ترجمہ: مرنے سے پہلے مر جاؤ)، تو آپ (صلعم) کا یہی مطلب تھا۔

اسلام اس دنیا میں جس کامیابی کا وعدہ کرتا ہے وہ ایک انسان کے مقابلے میں دوسرے انسان کی کامیابی نہیں بلکہ بنی نوع انسان کی مجموعی طور پر کامیابی ہے۔ ہر روز دنیا کی ہر مسجد سے دن میں پانچ بار صدا آتی ہے: "حَیَّ عَلَی الْفَلَاح! حَیَّ عَلَی الْفَلَاح!" (ترجمہ: فلاح کی طرف آؤ، فلاح کی طرف آؤ) عربی لفظ "فَلَاح" کا مطلب تربیت و تہذیب

کے ذریعے کامیابی۔ اور مسلمانوں میں ایک اور عربی لفظ بھی عام استعمال میں ہے جس کے لغوی معنی اس کے اصطلاحی معنوں کے سامنے عموماً بھلا دیئے جاتے ہیں۔ یہ لفظ ہے "زکوٰۃ" جس کا مطلب ہے "کانٹ چھانٹ کر نشوونما کرنا"، "سیدھا لگانا"۔ یہ وہ نام ہے جو (صفحہ ۹۵) (امیروں کے مال میں) اسلامی طور پر غریبوں کا حصہ ہے اور جسے قرآن پاک میں بار بار "صلوٰۃ" (ترجمہ: نماز، عبادت) کے برابر کا فرض قرار دیا گیا ہے اور جو معاشرے کی صحیح تربیت اور نشوونما کا حقیقتاً ایک سبب تھا۔

"ایک ٹیکس امیروں سے لے کر غریبوں کو دیا جائے گا" پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا۔ جب یہ ٹیکس باقاعدگی سے جمع کیا جایا کرتا تھا تو مسلم معاشرے کی حالت ایسی ہو گئی تھی کہ زکوٰۃ دینے والے زکوٰۃ لینے والوں — یعنی مفلس اور ناخواندہ مسلمان — کو ڈھونڈتے تھے مگر نہ پاتے تھے اور (آخر کار) اس دولت کو عوامی بہبود کے کاموں پر خرچ کر دیا جاتا تھا۔

اسلام بنیادی طور پر ایک عملی شئے ہے۔ قرآن پاک ہمیں بتاتا ہے کہ صحیح دین عملی ہے، نظریاتی یا رسمی نہیں۔ "نیکی یہ نہیں ہے کہ تم نے اپنے چہرے مشرق کی طرف کر لیے یا مغرب کی طرف کر لیے، بلکہ نیکی یہ ہے کہ آدمی اللہ کو اور یوم آخر اور ملائکہ کو اور اللہ کی نازل کی ہوئی کتاب اور اس کے پیغمبروں کو دل سے مانے اور اللہ کی محبت میں اپنا دل پسند مال رشتے داروں اور یتیموں پر، مسکینوں اور مسافروں پر، مدد کے لیے ہاتھ پھیلانے والوں پر اور غلاموں کی رہائی پر خرچ کرے، نماز قائم کرے اور زکوٰۃ دے۔ اور نیک وہ لوگ ہیں کہ جب عہد کریں تو اسے وفا کریں، اور تنگی و مصیبت کے وقت میں اور حق و باطل کی جنگ میں صبر کریں۔ یہ ہیں راست باز لوگ اور یہی لوگ متقی ہیں۔"

(سورۃ بقرہ: آیت ۱۷۷)

"اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ" (ترجمہ: جو ایمان لائے اور جنہوں نے

نیک عمل کیے)۔ قرآنِ پاک میں یہ الفاظ کتنی جگہ آئے ہیں! جو لوگ ایمان لائے اور جنہوں نے غلط اعمال کیے، ایسے لوگوں کا تصور ہی نہیں کیا جاسکتا کیونکہ اسلام کا تو مطلب ہی اللہ (جلَّ شانہٗ) کی رضا کے سامنے اپنے آپ کو مطیع کر لینا ہے (صفحہ ۹۱) اور اس کے قانون پر، جو قانونِ عمل ہے قانونِ بے عملی نہیں، عمل پیرا ہونا ہے۔

اسلام (کے عروج) کے دنوں میں دنیاوی اور دینی تعلیم میں کوئی امتیاز روا نہیں رکھا جاتا تھا۔ تمام تعلیم مذہبی تعلیم کے زمرے میں آتی تھی۔ جدید دور کا ایک یورپی مؤرخ لکھتا ہے: "اسلام کی عظمت یہ تھی کہ اس نے دیگر علوم کے مطالعے کو بھی وہی اہمیت دی جو اس نے قرآنِ پاک، حدیثِ نبوی اور فقہ (یعنی اسلامی اصولِ قانون) کو دی تھی اور انہیں بھی مسجد میں جگہ عطا کی"۔ جہاں مسجدوں میں قرآن، حدیث اور فقہ کی تعلیم دی جاتی تھی، وہیں کیمیا، حیاتیات (یا نباتات) طب اور فلکیات کی تعلیم بھی دی جاتی تھی۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ اسلام کے عظیم ایام میں مسجد ہی یونیورسٹی تھی۔ اور یہ یونیورسٹی کہلانے کی مستحق بھی تھی کیونکہ یہ چہار دانگِ عالم سے زمانے کے ہر علم کو اپنے اندر خوش آمدید کہتی تھی۔ علم کی یہی وحدت اور سرفرازی تھی جس نے مسلم ادیبوں (یا دانشوروں) کو وہ خاص صفت عطا کی جسے ان کے ہر قاری نے لازماً محسوس کیا ہے یعنی آفاقی ذہنوں کا مکمل سکوت و سکون۔

اسلام میں دنیاوی اور دینی قسم کی کوئی اصطلاحات نہیں ہیں کیونکہ دینِ برحق میں انسان کے اعمال کے تمام دائرے شامل ہوتے ہیں۔ اسلام میں جن چیزوں کے مابین خطِ امتیاز کھینچا گیا ہے وہ ہیں خیر اور شر۔ ہر وہ چیز جو انسانی نشوونما میں مدد کرتی ہے، خیر ہے اور ہر وہ چیز جو اس کے لیے نقصان دہ اور ضرر رساں ہے، شر ہے۔

اسلام ایک عقلی مذہب ہے۔ یہ اس آدمی کے لیے کوئی جگہ نہیں رکھتا جو سینٹ آگسٹائن کی طرح یہ کہتا ہے: "میں اس لیے اسے (یعنی مذہب کو) مانتا ہوں کیونکہ

مغرب کی تہذیب نے اسے بہت بعد میں اختیار کیا۔

کہا جاتا ہے کہ پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا: اُطلبوُ العلمَ وَلَو کانَ بالصِّینِ (ترجمہ: علم حاصل کرو، خواہ اس کے لیے تمہیں چین ہی کیوں نہ جانا پڑے۔ حضور پاکؐ کی یہ حدیث مبارک لوگوں میں تعلیم کے حصول اور فروغ کی اہمیت کو ظاہر کرتی ہے: (ترجمہ) اللہ (جل شانہ) نے سچ مچ اپنے بندوں سے علم کو علیحدہ نہیں رکھا بلکہ اسے عالموں کی گرفت (یا دسترس) میں دے رکھا ہے کیونکہ اگر وہ سب عالموں کو اٹھا لے گا تو بنی نوع انسان بیوقوفوں کو رہنما بنالیں گے اور جب ان سے کوئی بات پوچھی جائے گی تو وہ فتویٰ دیں گے اور غلطی کریں گے اور دوسروں کو غلط راستے پر ڈال دیں گے۔"

(پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے) فرمایا: "عالم کی (دوات کی) روشنائی شہید کے خون سے زیادہ مقدس ہے۔" انہوں نے فرمایا: "اللہ (جلَّ شانہ) کی تخلیق پر ایک گھنٹے کا غور و فکر ایک سال تک (اس کی) تمجید سے بہتر ہے۔"

(پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے) فرمایا: "جو علم کے حصول میں لگا رہتا ہے، وہ کبھی نہیں مرتا۔" "جو عالم کی عزت کرتا ہے، وہ میری عزت کرتا ہے۔" "سب سے پہلے عقل تخلیق کی گئی۔۔۔۔ اللہ (جل شانہ) نے عقل سے بڑھ کر بہتر اور کوئی شے تخلیق نہیں کی۔"

"علم حاصل کرو۔ یہ اپنے رکھنے والے کو حق اور باطل میں تمیز کرنے کے لائق بنا دیتا ہے۔ یہ جنت کا راستہ روشن کر دیتا ہے۔ یہ صحرا میں ہمارا دوست، خلوت میں جلوت، تنہائی میں ہمارا ساتھی ہوتا ہے۔ یہ ہمیں مسرت کی طرف راستہ دکھاتا ہے، خراب حالات میں ہمیں (مستقل مزاجی سے) قائم رکھتا ہے۔ یہ دوستوں کے درمیان زینت اور دشمنوں کے درمیان دفاعی ہتھیار کا کام دیتا ہے۔"

(صفحہ ۹۷) قرآن پاک اور پیغمبر اسلام (صلی اللہ علیہ وسلم) نے تو ایک ناخواندہ مسلمان

کے وجود کا تصور ہی نہیں کیا۔ حقیقتاً "ان پڑھ مسلمان" کی اصلاح اجتماعِ ضدین ہے۔ اسلام کے عظیم دنوں میں "نادار مسلمان" کی مانند جاہل مسلمان، کا ملنا بھی بے انتہا مشکل ہوتا تھا۔

اسلام مذہب (یا دین) کو اپنے اصل دائرہ کار یعنی روزمرہ کی زندگی میں واپس لے آیا۔ اللہ (جلّ شانہٗ) کا نور جس کا قرآنِ پاک میں ذکر ہے، جو کائنات کو اپنی موجودگی کے علم سے شوکت بخشتا ہے، روزمرّہ زندگی کی روشنی (کا سرچشمہ) ہے۔ اس دین (اسلام) کا مقصود کوئی دور دراز کی شے، کوئی مستقبل کی زندگی کی شے نہیں ہے، یہ تو اس دنیا میں اور ابھی بھی اپنے ساتھی انسانوں کی خدمت (میں موجود) ہے۔

عرب کے بُت پرست پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) سے کسی ایسے معجزے کا مطالبہ کرتے رہتے تھے جو ان کے قول کی صداقت کا انہیں بزور یقین دلا سکے: "اور وہ کہتے ہیں کہ یہ اللہ کا کیسا پیغمبر ہے جو کھانا کھاتا ہے اور بازاروں میں چلتا ہے؟ اس کے ساتھ ایک فرشتہ کیوں نہیں بھیج دیا جاتا جو ڈرانے کا کام کرے؟"

"بدکاروں نے کہا کہ تم تو ایک سحر زدہ آدمی کے پیچھے چل رہے ہو"؛ اور اللہ (جلّ شانہٗ) نے بدکاروں کو جن الفاظ میں جواب دیا وہ یہ ظاہر کرتے ہیں۔۔۔۔ کہ خدا کے پیغام بر کو انسانی عقل کو متاثر کرنا چاہیئے تاکہ ان کے محسوسات اور جذبہ تجسّس کو۔

"ہم نے آپ سے پہلے بھی اپنے کوئی پیغام بر نہیں بھیجے جو کھانا نہ کھاتے ہوں اور بازاروں میں نہ چلتے ہوں۔"

گویا کہ وہ تمام پرانے پیغمبر جنہیں لوگ مافوق الفطرت ہستیاں سمجھتے تھے، ان سب کو بھی اللہ (جلّ شانہٗ) کے نام پر دوسروں کے ذہنوں کو متاثر کرنے والا بنایا گیا تھا۔

(صفحہ 95) قرآنِ پاک میں لوگوں کو حکم دیا گیا ہے کہ وہ مظاہرِ فطرت کا مشاہدہ کریں، دن اور رات کا اَدل بَدل دیکھیں، مٹی اور پانی اور آگ اور ہوا کی خاصیتوں کا جائزہ لیں، پیدائش اور موت کے اسرار و رموز کا مطالعہ کریں، عروج و زوال کے بھیدوں پر غور

کریں ـــــ یہ سب ایک ایسے قانون اور ترتیب کی نشاندہی کرتے ہیں (یا اس کا ثبوت دیتے ہیں) جسے انسان نے بالکل نہیں بنایا اور جسے انسان نہ تو سرِ مو بدل سکتا ہے، نہ اس میں انحراف پیدا کر سکتا ہے ـــــ یہ وہ ثبوت ہے جو ظاہر کرتا ہے کہ انسان اس دنیا میں مالک و مختار نہیں ہے۔ اس کی آزادیٔ عمل، تحقیق اور ثمر بار جد و جہد سب اللہ (جلّ شانہٗ) کی عطا کردہ ہیں، اس اللہ (جلّ شانہٗ) کی جو کائنات کا خالق اور رب ہے جو سب جہانوں کا مالک ہے۔ انسان عموماً اپنی فطری حالت اور اپنے ارد گرد واقع کائنات کے عجوبوں پر غور نہیں کرتا کیونکہ وہ کبھی اس کے ارادوں کی نفی نہیں کرتے۔ وہ تخلیقی قوت کے حیرت انگیز ناقابلِ شکست مظاہر میں گھرا ہوا ہے، وہ ایسی کائنات میں ہے جو ناقابلِ شکست قوانین کے ماتحت ہے۔ واضح طور پر وہ (ان قوانین کا) تابع ہے، وہ ان قوانین کی اطاعت کئے بغیر، جو اس کے اپنے تخلیق کردہ نہیں ہیں، ایک سانس تک نہیں لے سکتا، ایک انگلی تک نہیں ہلا سکتا، ایک لفظ تک نہیں بول سکتا اور کوئی خیال تک دماغ میں نہیں لا سکتا۔ انسان کسی حقیر کیڑے مکوڑے کی مانند اپنی دلچسپیوں کے محدود دائرہ کار میں بند رہتا ہے اور ایسے معاملات پر عموماً بالکل غور نہیں کرتا۔ اپنے محدود دائرہ کار ہی کو سب کچھ سمجھتے ہوئے وہ قدرت سے صرف اپنے مخصوص مقاصد کے لیے مدد کا متوقع ہوتا ہے اور مکمل کائنات کی ضروریات اور خالق کے مقاصد سے غافل ہو جاتا ہے۔

یہ بات صاف ظاہر ہے کہ اگر ہم یہ مان لیتے ہیں کہ (کائنات کا) ایک خالق ہے اور (کائنات کی تخلیق کا) ایک مقصد ہے تو ہمیں کسی خاص (یا امتیازی) سلوک کی توقع نہیں رکھنی چاہیئے بلکہ خدا کی رضا اور تخلیق کے مقصود کے مطابق عمل کرنے چاہئیں۔ صرف تبھی ہم کامیابی کی توقع کر سکتے ہیں۔

(صفحہ 96) سوشلزم، فاشزم، سنڈکلزم، بالشوزم اور کسی بظاہر اختتام پذیر ہوتے ہوئے ازم (یا نظام) کے نعم البدل کے طور پر پیش کئے جانے والے دیگر تمام ازموں

(یا نظاموں) کے مقابلے میں اسلام ہمیں ایک مکمل سیاسی اور سماجی نظام پیش کرتا ہے۔ اسلام کا نظام ان تمام اشتہاری نظاموں پر اس وجہ سے مکمل برتری رکھتا ہے کہ یہ کامیابی سے عمل پذیر ہو چکا ہے ـــــ کوئی نظام جتنا زیادہ کامیاب ہوتا ہے، اتنا ہی زیادہ یہ زیر عمل آتا ہے۔۔۔۔ آج جبکہ ہر جانب اقوام اور طبقات آپس میں الجھ رہے ہیں، اسلام کا نظام امن اور استحکام کی خوشخبری دیتا ہے۔

آج کی دنیا میں مسلمانوں کی حالت ایسی نہیں ہے جس سے دوسرے لوگ یہ اندازہ لگا سکتے ہوں کہ یہ لوگ انسانی ترقی کی جانب جانے والے راستے کے راز سے واقف ہیں۔ آج کے مسلمانوں کا رویہ اور ان کی حالت اسلامی تعلیمات کا کوئی اچھا نمونہ پیش کرنے سے قاصر ہے، بلکہ لوگ اگر اسے دیکھ کے اسلام کو ان کی گراوٹ کا ذمے دار ٹھہرائیں اور اس سے پرے ہٹیں تو ہمیں حیرت نہ ہوگی۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ اسلام اس کے لیے قطعاً ذمے دار نہیں ہے، بالکل اسی طرح جیسے ہم عیسائی دنیا کی جدید مادّی ترقی کے لیے عیسائی پادریت کے گُن گانے میں حق بجانب نہ ہوں گے۔ عیسائیت میں پادریت ہے اور آزادیٔ فکر نہیں ہے۔ ان صدیوں کو جب عیسائی گرجا (یا کلیسا) اپنے عروج پر تھا، اب تاریک زمانے کہا جاتا ہے۔

اسلام میں کبھی کوئی مُلاّئیت نہیں رہی، اس میں آزادیٔ فکر رہی ہے اور وہ زمانے جب اسلام اپنی خالص شکل میں عروج پر رہا، نمایاں طور پر صاف ستھرے اور واضح طور پر روشن و تابناک تھے۔ یہ تو خالص اسلام سے ان کے دور ہو جانے کے باعث ہے کہ مسلمانوں پر تباہی آگئی ہے۔ (صفحہ ۹۷) انہوں نے مُلاّئیت سی ملتی جلتی ایک شے قبول کر لی ـــــ یا قرآن پاک کے الفاظ میں "اللہ کے علاوہ دوسروں کو معبود بنا لیا" ـــــ علمی مناظروں اور بحث مباحثوں میں خوشی محسوس کرنے لگے، مذہبی فرض کے طور پر ہر جگہ سے علم کے حصول کی نصیحت کو نظر انداز کر دیا، آزادیٔ فکر سے انکار کر دیا اور عقل پر بے اعتمادی

کرنے لگے۔ (اپنی) تاریخ کے ایک خاص دور میں آکے وہ اپنے اوپر نازل شدہ احکامات کے ایک (خاص) حصّے کو نظرانداز کرتے لگے ــــ انہوں نے نصف شریعت چھوڑ دی ــــ (شریعت کا) وہ حصّہ چھوڑ دیا جوانہیں علم اور تعلیم کی تلاش اور اللہ (جلّ شانہٗ) کی کائنات کے مطالعے کا حکم دیتا تھا۔ لگ بھگ اسی زمانے میں مغرب کے عیسائیوں نے شریعت کے اس حصّے پر عمل کرنا شروع کر دیا جسے مسلمان ترک کرتے جارہے تھے اور (نتیجے کے طور پر) اپنے پادریوں کی تمامتر مخالفت کے باوجود آگے بڑھتے چلے گئے۔ اسلام میں ملائیت کے لیے کوئی جگہ نہ ہونے کے سبب یہ تھا کہ یہ انسانی ترقی اور سچے مذہب کی مخالفت ہوتی ہے جس کا مقصد قرآن کے مطابق انسانوں کی ترقی اور آزادی ہے، جمود اور غلامی نہیں ہے۔ (اب) دنیا بھر میں مسلمان اس حقیقت سے آشنا ہو چکے ہیں۔ وہ جان گئے ہیں کہ ان کی ذلت ان کے اپنے ہی اعمال کا نتیجہ ہے اور وہ (صاف) دیکھ رہے ہیں کہ وہ اسلام کی جانب واپس آکر ہی دنیا میں دوبارہ ایک اعلیٰ وارفع مقام حاصل کر سکتے ہیں۔

ڈی، ایس، پریچیٹ

۱۲- دودھ میں مکھّی

(صفحہ 98) اومبر کی ایک سہ پہر کا پُرسکوت وقت تھا۔ گھرے ہوئے مٹیالے بادلوں کی چھت کے نیچے شہر کی جدید ترین دفتری عمارات پرانی بڑی عمارات کے درمیان نئی قبروں کی مانند چونکا دینے والے انداز میں نمایاں نظر آرہی تھیں اور سڑکوں پر چند لوگ اور چند کاریں دکھائی دیتی تھیں۔ آہستگی سے آجارہی تھیں جیسے وہ سڑک پر یا فٹ پاتھ کے ساتھ نہ چل رہی ہوں بلکہ کسی اندرونی ذاتی راستے پر چل رہی ہوں۔ بڑے سٹیشن کی طرف

جانے والی سڑک کے کناروں پر دو سو گز یا اس کے قریب قریب فاصلے پر بے روزگار آدمی اور ایک دو گداگر دفتری عمارات کے صحرا کے پاس سے آہستہ آہستہ چل کر دو کالونی والے اگلے علاقے کی طرف گامزن تھے۔

جلد ہی ایک زمین دوز سٹیشن کے باہر ایک ٹیکسی آ کر رکی اور ایک پینتیس سالہ آدمی نے اپنا کرایہ دیا اور چھوٹی سڑکوں میں سے ایک پر ہولیا۔

وہ سوچ رہا تھا کہ ٹیکسی میں نہ آنا ہی بہتر تھا ورنہ تو بڑے میاں سوچیں گے کہ میرے پاس اتنے پیسے کہاں سے آئے۔ (صفحہ ۹۹) وہ اپنے والد سے ملنے جا رہا تھا۔ یہ اس کے والد کا اپنے کارخانے میں آخری دن تھا، ان سڑکوں پر ان کی زندگی اور کام کے تیس سالوں کا آخری دن، جہاں انہوں نے خالی ہاتھ سے کام شروع کر کے انٹرپرائز جمایا اور بعد میں کچھ سالوں کی خوشحالی کے بعد اسے افواہوں، بے کاری، بحث و تکرار، الزامات اور بالآخر دیوالیہ پن کے جھگڑوں میں کھو دیا تھا۔

اچانک وہ تمام روپے کے خاندانی جھگڑے جو نوجوان کے ذہن کو پریشان رکھتے تھے سب کے سب حل ہو گئے تھے۔ اس کا وہ خوف بھی ضائع ہو گیا تھا جو اسے ان جھگڑوں میں پڑنے سے محسوس ہوتا تھا۔ اس پر اس کے والد کی موجودہ صورتِ حال کی المناکی نے قابو پا لیا تھا۔ ان بے چاروں کی زندگی کے تیس سال یوں ختم ہو گئے تھے! میں انہیں ضرور ملوں گا۔ مجھے ان کی مدد کرنا ہی چاہیئے۔ ان سب باتوں کے باوجود چونکہ وہ اپنے والد کو جانتا تھا۔ اس لیے اس نے ٹیکسی کو کرایہ دے دیا تھا اور آخری چوتھائی میل پیدل ہی چلا تھا۔

جب اس نے کارخانے کے باہر سائن بورڈ پر فرم کا نام نیا نیا لکھا ہوا دیکھا اور دفتر کے دروازے پر پیتل کی نیم پلیٹ نئی نئی پالش شدہ دیکھی تو اسے ایک دھچکا سا لگا۔ اس نے اندر جا کر دفتر کی کھڑکی پر لگی ہوئی گھنٹی بجائی۔ خاصی دیر بعد اس نے خالی کمرے میں سے آتی ہوئی پاؤں کی چاپ سنی اور کھڑکی کے کہر آلود شیشے کے پیچھے ایک ہیولا

سا دکھا۔

"یہ میں ہوں، ہیرلڈ، ابا جان۔" نوجوان نے کہا۔ دروازہ کھول دیا گیا۔

"ہیلو، یار۔ تم نے بڑا اچھا کیا، آ گئے، ہیرلڈ۔" بڑے میاں نے ذرا جھجکتے ہوئے کہا اور دروازے سے ذرا پیچھے کو ہٹے تاکہ ان کا بیٹا اندر آ جائے۔ ان کی خوشی سے بھرپور نیلی آنکھیں ایک لمحے کو جھینپ کر جھکیں۔

(صفحہ ۱۵۵) "ظاہر ہے، مجھے آنا ہی تھا۔" بیٹے نے کہا۔ اس کے لہجے میں بھی جھجک موجود تھی۔ اور تب باپ نے یقین سے بھرپور انداز میں اپنے بیٹے کا ہاتھ پکڑا اور اسے کارخانے کے کمرے کے خالی فرش پر لے کے آگے بڑھے۔

"اسے پہچانتے ہو؟ مشکل ہے نا پہچاننا؟ تم یہاں آخری بار کب آئے تھے؟" باپ نے کہا۔

مشینوں کے جانے سے پہلے یہ مشینوں کا کمرہ تھا۔ ایک اور دروازے میں سے گزر کر وہ کمرہ آتا تھا جو شوروم ہوا کرتا تھا۔ جہاں بیٹے کو اپنے باپ سے ملنا یاد تھا، اس وقت وہ ایک سیاہ بالوں والے شخص تھے اور وہ اس تیز اور نرم آواز میں اپنے گاہکوں سے باتیں کر رہے تھے جو اس نے پہلے کبھی نہ سنی تھی۔ اب تو سفید، پختہ دیواروں پر الماریوں کے کناروں کے نشانات صرف گرد آلود لکیروں کی شکل میں موجود تھے، اسی طرح فرش پر بھی ان کے نشانات موجود تھے۔ اب یہ جگہ وسیع اور روشن لگ رہی تھی۔ یہاں مشینوں کی گھڑ گھڑاہٹ نہ تھی، آوازوں کی بھنبھناہٹ نہ تھی، بالکل کوئی آواز نہ تھی، اب تو صرف خالی فرش پر ان کے پاؤں کی چاپ کی گونج تھی۔ فرم جسے دیوالیہ ہوئے صرف ایک مہینہ ہوا تھا، اب ایک آسیبی شے بنتی جا رہی تھی۔

دونوں آدمی دفتر کے شیشے والے دروازے کی طرف بڑھے۔ دونوں پستہ قد تھے۔ باپ عمدہ قسم کے ایک نیوی بلیو (گہرے نیلے) رنگ کے سوٹ میں ملبوس تھے۔ وہ

ایک تنومند، دسیع جسم کے شخص تھے جن کے چہرے پر ایک شرارت آمیز خوشگوار مسکراہٹ موجود تھی۔ ان کے سر کی جلد ترشے ہوئے سفید بالوں کے نیچے سنولائی ہوئی نظر آرہی تھی اور وہ سیدھے سادے، ستھرے اور کھلی فضا میں بنے ہوئے رفاقی آدمی جیسے لگ رہے تھے۔ بیٹا ان کے ساتھ دکھڑا ہوا، گول شانوں والا، ڈھیلا ڈھالا آدمی لگ رہا تھا جو محتاط مگر بے چین سا ایسا شخص تھا جس کی حجامت ہونے والی تھی اور جو گنجا ہو نا جا رہا تھا۔

"اندر آجاؤ، پروفیسر،" باپ نے کہا۔ یہ ایک پرانا گھریلو مذاق تھا۔ وہ اپنے بیٹے کو ناپسندیدگی کی نظر سے دیکھتے تھے (صفحہ ۱۵۱) جو دراصل پروفیسر نہ تھا بلکہ ایک مضافاتی یونیورسٹی میں لیکچرار تھا۔

"اندر آجاؤ" باپ نے اپنی بات دہراتے ہوئے کہا مگر یہ دہرانا اب اس بے صبری کے سبب نہ تھا جو ان میں ہوا کرتی تھی بلکہ بڑی عمر کی عادت کے باعث تھا۔ "اندر آجاؤ، میرے دفتر میں۔ اگر آپ تم اسے ایک دفتر کہہ سکتے ہو تو" انہوں نے معذرت آمیز انداز میں کہا۔ "یہ میرا کمرہ ہوا کرتا تھا، تمہیں یاد ہے ناکہ یہ میرا دفتر ہوا کرتا تھا۔ ایک کرسی لے لو، ابھی ہمارے پاس ایک کرسی تو ہے۔ ڈیسک اگرچہ چلا گیا ہے، ہاں، وہ چلا گیا ہے۔ اسے فروخت کر دیا گیا ہے۔ اچھی بھلی قیمت پر بک گیا ـــــ ہاں تو میں کیا کہہ رہا تھا؟" انہوں نے مڑ کر ایک حیرت کی نظر اپنے بیٹے پر ڈالی "ہاں، کرسی۔ میں کہہ رہا تھا کہ انہوں نے ایک میز اور ایک کرسی (فی الحال) میرے لیے چھوڑ دی ہے۔ یار، میں ایک پیالی چائے پینے لگا تھا، مگر ـــــ میں معذرت خواہ ہوں" انہوں نے پھر معذرت مانگی "میرے پاس صرف ایک پیالی ہے۔ دیوالے کے منتظمین نے سب چیزیں فروخت کر دی ہیں اور انہوں نے تقریباً سب چیزیں صاف کر دی ہیں۔ یہ پیالی اور چائے دانی تو مجھے اوپر فورمین کے کمرے میں سے مل گئی۔ ظاہر ہے، وہ تو جا ہی چکا ہے، سب لوگ جا چکے ہیں اور جب میں آج جاؤں گا کے وقت چابیاں ایجنٹ

کو دینے سے پہلے گھوم پھر کر سب تالے لگا رہا تھا تو میں نے یہ پیالی دیکھی۔ ہاں، تو بہر حال یہ پیالی تو ہے۔ میں نے چائے بھی بنالی ہے۔ پیو گے؟"

"نہیں شکریہ" بیٹے نے اپنے باپ کی گفتگو کو تحمل سے سنتے ہوئے کہا "میں چائے پی کر آیا ہوں۔"

"چائے پی کر آئے ہو؟ تو کیا ہوا؟ ایک اور پیالی پی لو!"

"جی نہیں، شکریہ" بیٹے نے کہا "آپ پی لیجیے۔"

"اچھا" باپ نے چائے انڈیل کر پیالی اپنے نرم گلابی منہ کی طرف لے جاتے ہوئے کہا اور (صفحہ ۱۵۷) چائے پیتے ہوئے وہ آنکھیں جھپکا رہے تھے "مجھے یہ بات اچھی نہیں لگ رہی ہے۔ بہت غلط بات ہے نہ۔ مجھے بالکل بھی اچھا نہیں لگ رہا کہ میں تو چائے پی رہا ہوں اور تم کھڑے میرا منہ تک رہے ہو۔ مگر خیر، تم کہتے ہو کہ تم پی کر آئے ہو ـــــ ٹھیک ہی ہو گا۔ اچھا کہو کہ تمہارا حال چال کیا ہے؟ تم کیسے ہو؟ اور ایلس کیسی ہے؟ کیا اس کی طبیعت اب بہتر ہے؟ اور بچے (کیسے ہیں)؟ تم جانتے ہو کہ میں تمہارے بارے میں سوچ رہا ہوں ـــــ تم کچھ پریشان سے لگ رہے ہو۔ کہیں کوئلے لٹیں اشرفیوں پر مہر تو نہیں؟ میرے ساتھ ایسا ہو جائے تو میں خوش ہوں گا!"

"میں ٹھیک ٹھاک ہوں" بیٹے نے اپنی گھبراہٹ چھپاتے ہوئے مسکرا کر کہا "مجھے کسی چیز کے بارے میں کوئی پریشانی نہیں ہے۔ میں تو آپ کے بارے میں پریشان ہوں۔ یہ" ـــــ اس نے ویران شدہ شوروم کی طرف گھبرائے ہوئے انداز سے سر سے اشارہ کیا۔ جہاں سے کیلنڈر اور ردّی کی ٹوکری تک جا چکے تھے ـــــ "یہ" ـــــ بھلا وہ کونسا بالیقہ اور ہمدردانہ لفظ استعمال کرے؟ ـــــ "یہ بدقسمتی ہے" اس نے کہا

"بدقسمتی؟" بڑے میاں نے درشت لہجے میں کہا۔

"میرا مطلب ہے" ان کا بیٹا ہکلایا "مم ـــــ میں نے قرض خواہوں کے اجلاس کا

ذکر سنا تھا۔ میں جانتا ہوں کہ آج آپ کا (یہاں پر) آخری دن تھا — میں نے سوچا کہ میں آپ کے پاس جاؤں۔ یہ — دیکھنے کے لیے کہ آپ کا کیا حال چال ہے۔"

"تم نے اچھا کیا یار" بڑے میاں نے جوش سے کہا "بہت اچھا کیا۔ ہم نے سب کچھ ٹھکانے لگا دیا ہے۔ آج وہ بیشتر مشینیں باہر لے گئے۔ میں بس تالے لگا کر چابیاں انہیں دینے ہی والا ہوں۔ تالے لگانا بھی ایک اچھا بھلا کام ہی ہے۔ اتنی ساری چابیاں ہیں یہاں۔ یہ سچ مچ ایک تھکا دینے والا کام ہے۔ تمہارے خیال میں اس جیسی جگہ پر کتنی چابیاں ہوں گی بھلا؟ اگر میں تمہیں (تعداد) بتاؤں تو تمہیں یقین نہ آئے گا!"

(صفحہ 103) "یہ تو خاصا پریشان کن رہا ہو گا" بیٹے نے کہا

"پریشان کن؟ تم یہ لفظ بار بار استعمال کئے جا رہے ہو۔ میں پریشان نہیں ہوں سب ٹھیک ٹھاک ہے" بڑے میاں نے کہا۔ وہ بہادری سے مسکرا رہے تھے "میں محسوس کرتا ہوں کہ سب ٹھیک ٹھاک ہے۔ میں جانتا ہوں کہ سب ٹھیک ٹھاک ہے۔"

"ٹھیک ہے۔ آپ تو ہمیشہ پرامید ہی رہے ہیں" ان کا بیٹا مسکرایا۔

"ایک لمحے کو میری بات سنو۔ میں چاہتا ہوں کہ تم یہ بات سمجھ لو" باپ نے کہا۔ ان کی گرمجوشی ظاہر کرنے والی آواز ذرا مردہ اور تلخ سی ہو گئی اور ان کے نتھنے پھڑکنے لگے۔ ان کی آنکھیں بھی سخت ہو گئیں۔ اب گویا کوئی مختلف آدمی بول رہا تھا چہرہ ہی مختلف ہو گیا تھا۔ بیٹے نے پہلی مرتبہ یہ بات محسوس کی کہ تمام بڑے چہرے والے آدمیوں کی مانند اس کے باپ کے بھی دو چہرے تھے۔ ایک تو بیرونی چہرہ تھا جو بے ضرر سا تھا 'مالو موم کے پتلے جیسا' اور اس کے اندر جیسے کسی نے ٹھونس کر بھر دیا ہو ایک چھوٹا چہرہ' جو بچگانہ' چالاک' خوفناک اور درشت تھا۔ اب ان کا اندرونی چھوٹا چہرہ سبز اور زرد سا ہو گیا تھا اور گالوں اور ناک پر وہ جنوں ننھی ننھی رگیں پھڑکتی نظر آنے لگی تھیں۔ ان کے چھوٹے چھوٹے سوکھے ہونٹ' جن کا رنگ گلابی سا تھا اور جو اسی چھوٹے چہرے سے تعلق رکھتے تھے' بول

رہے تھے۔ بیٹا غیرارادی طور پر پیچھے کو مڑا تاکہ اس چھوٹے (والے) چہرے سے ایک آدھ انچ پرے ہو سکے۔

"اس بات کو غور سے سنو" باپ نے کہا اور وہ میز پر آگے کو جھک گئے جبکہ ان کا بیٹا ذرا پیچھے کو ہٹ گیا۔ ان کا بند دایاں ہاتھ اس طرح اوپر کو اٹھا ہوا تھا جیسے ان کے ہاتھ میں ایک ہتھوڑا ہو اور وہ اپنی زندگی نیلام کرنے لگے ہوں "میں پینسٹھ سال کا ہوں۔ مجھے پتا نہیں کہ میں اور کب تک جیؤں گا لیکن ایک بات میں تمہیں صاف بتا دوں: اگر میں پُرامید نہ ہوتا تو آج یہاں نہ ہوتا۔ میں یہاں پر (صفحہ ۱۰۷) مزید ایک منٹ بھی نہ ٹھہرتا"۔ وہ ایک لمحے کو رکے اور اپنے بیٹے کی نیم باز آنکھوں پر نظریں جمائے رکھیں تاکہ ان کے الفاظ اپنے پورے مفہوم کو واضح کر چکیں۔ "میں نے کام کیا ہے" باپ بولتے چلے گئے "تیس سال کے عرصے میں مَیں نے اس کاروبار (بزنس) کو عدم سے نکال کر ترقی پر پہنچایا۔ تمہیں اس بات کا اتنا پتہ نہیں، تم تو تب ایک بچے تھے۔ لیکن بہت بار ایسا ہوا کرتا تھا کہ میں شمالی علاقوں سے آکر رات کو دفتر ہی میں سو جایا کرتا تھا تاکہ اگلی صبح کام پر جلدی پہنچ جاؤں"۔ وہ ایک چالیس سالہ شخص کی مانند فیصلہ کن اور باتجربہ لگ رہے تھے، مگر جلد ہی وہ دوبارہ ساٹھ سال (کے دائرے) میں آگئے۔ ان کی سخت آواز کی کھنک ایک دھیمی غُرّاہٹ میں تبدیل ہو گئی اور ان کی موٹی ناک آرام آرام سے سانس لینے لگی۔ "میں یہ نہیں کہتا کہ میں نے ہمیشہ سب کچھ ٹھیک ہی کیا ہے۔" انہوں نے کہا "اُلف ُسے یے کرُ ے تک تو کوئی بھی شخص اپنی زندگی اس طرح نہیں بسر کر سکتا۔ اور اب میرے پلے ایک پیسہ بھی نہیں۔ ایک دھیلا بھی نہیں۔ میری جیسی عمر میں دوبارہ کام شروع کرنا آسان نہیں ہے۔ تمہارے خیال میں اب میں کاہے کے لیے زندہ ہوں؟ مجھے کون سی چیز زندگی کی جانب کھینچے رکھے گی؟ میرے بیٹے، اگر میں پُرامید نہ ہوتا تو (شاید) خودکشی کر لیتا۔ میں کام تمام کر لیتا"۔ اچانک وہ مسکرائے اور چھوٹا چہرہ بڑے چہرے پر پھیلنے والی مسکراہٹوں کے وسیع سیلاب میں غرق ہو گیا۔ انہوں نے اپنے ہاتھ دا سکٹ

پر ٹکا لیے اور یوں لگا جیسے وہ بھی مسکرانے لگی ہو اور ان کا کوٹ بھی مسکرانے لگا ہو، ان کی ٹانگیں بھی مسکرانے لگی ہوں حتیٰ کہ ان کے چمکدار جوتوں سے بھی روشنی جھلملاتی ہوئی لگنے لگی۔ پھر انہوں نے ماتھے پر بل ڈال لیے۔

"تمہارے بال اترتے جا رہے ہیں" انہوں نے کہا "تمہاری جیسی عمر میں تو (تمہارے) بال بالکل بھی نہیں جھڑنے چاہئیں۔ یہ نہ سمجھنا کہ میں تم پر تنقید کر رہا ہوں۔ تم اپنی زندگی کو اب خود گزارنے کے لائق ہو چکے ہو۔ لیکن ذرا اپنے بالوں کا دھیان رکھو۔۔ ان کا کچھ نہ کچھ کرو۔ اگر تم روز بالوں میں تیل لگانے لگو اور انگوٹھوں اور سامنے کی انگلیوں سے سر کی مالش کیا کرو تو تمہارے لیے (صفحہ 105) بہتر ہوگا۔ میں اکثر اوقات تمہارے بارے میں سوچتا ہوں اور تم یہ نہ سمجھنا کہ میں تمہیں لیکچر دے رہا ہوں کیونکہ میں تمہیں (سچ مچ) لیکچر نہیں دے رہا۔ یہ نہ سمجھنا کہ یہ وعظ و نصیحت ہے۔ مگر میں سوچ رہا تھا کہ تمہیں جس چیز کی ضرورت ہے، ہم سب کو جس چیز کی ضرورت ہے، میں اپنے بارے میں بھی کہہ رہا ہوں اور تمہارے بارے میں بھی، ہم سب کو جس چیز کی ضرورت ہے ۔۔۔ وہ ہیں خیالات، عظیم خیالات۔ ہم سوچتے رہتے ہیں (کہ ہمیں کیا چاہیئے) لیکن ہمیں صرف عظیم تر اور بہتر خیالات کی ضرورت ہے۔ ہمیں عظیم خیالات رکھنے چاہئیں۔ تم اپنی (ہی) مثال لو۔ تمہیں (بھی) عظیم خیالات رکھنے چاہئیں۔ تم ایک لیکچرار ہو۔ میں تو چھوٹے سے قصبے کی یونیورسٹی میں لڑکوں کے ایک چھوٹے سے گروہ کو لیکچر دے کر کبھی بھی مطمئن نہ ہوتا۔ میں تو دنیا (بھر) کو لیکچر دیتا۔ تم سمجھ رہے ہو نا، تم اپنے آپ کے ساتھ ناانصافی کر رہے ہو۔ ہم سب (اپنے اپنے ساتھ) ناانصافی کرتے ہیں۔ عظیم خیالات رکھو۔"

"جی ہاں" ان کے بیٹے نے کہا۔ وہ اب بھی مسکرا رہا تھا لیکن اب اس کی مسکراہٹ میں ایک کاٹ آ گئی تھی۔ وہ خاصے غصے میں تھا "ایک خاندان میں ایسا ایک آدمی کافی ہے۔ آپ نے عظیم ہی خیالات رکھے یہاں تک کہ غبارہ پھٹ گیا۔"

وہ یہ بات کہنا نہ چاہتا تھا کیونکہ حقیقت میں اسے یہ بات کہنے کا حوصلہ نہ تھا مگر (اب اور بات تھی۔) اب تو اس کے احساس فخر پر زد پڑی تھی۔

"میرا مطلب ہے" بیٹے نے بات کو ڈرتے ہوئے آئی گئی کرنے کی کوشش میں کہا "ہم ــــ میں آپ کی طرح نہیں ــــ ہوں!"

"کیا کہا تم نے؟" بڑے میاں بولے "مت کہو یہ" یہ چھوٹا (والا) چہرہ تھا جو خوف و ہراس کے عالم میں بول رہا تھا "مت کہو یہ۔ مت استعمال کرو یہ الفاظ۔ یہ صحیح بات نہیں ہے۔ میرے بارے میں غلط رائے قائم مت کرو۔ ہم نے (بہر حال) ہر پونڈ کے بدلے میں چھ پنس تو ادا کر ہی دیئے ہیں نا" بڑے میاں نے فخر سے بتایا۔

بیٹا دوبارہ کچھ کہنا چاہتا تھا لیکن باپ نے اسے روک دیا "کیا تم جانتے ہو" دونوں چہروں میں سے بڑے والے نے کہا اور جوں جوں یہ چہرہ بولتا گیا، اور بڑا ہوتا گیا "آج بہت سی (صفحہ ۱۰۶) قدیم ترین فرمیں، ملک کی بعض عظیم ترین فرمیں بہت خراب حالات سے گزر رہی ہیں۔ آج ہی صبح میری ملاقات مسٹر ہجنز سے ہوئی، تمہیں تو (مسٹر) ہجنز یاد ہوں گے؟ وہ بھی دیوالیہ ہو گئے ہیں۔ سچ مچ! ہاں ہاں، واقعی۔ اور مور۔ وہ بھی سب کچھ ختم کر چکا ہے۔ بس اس کے پاس ابھی تک شوفر ہے لیکن وہ اس کی بیگم کے روپے کے بل بوتے پر ہے۔ تم نے تجارتی اخبارات میں بیلٹ مین کا تذکرہ پڑھا؟ ڈھائی لاکھ کا خسارہ ہوا ہے انہیں۔ اور پرلیسٹنز بھی اور کتنے دن کے مہمان ہیں؟"

بڑا (والا) چہرہ مسکرایا اور چھوٹے (والے) چہرے پر حاوی ہو گیا۔ پوری گاڑی ہر روز صبح واقعی دیوالیہ لوگوں سے بھری ہوتی ہے۔ ہزاروں جا چکے ہیں۔ ہزاروں؟ ارے بھئی لاکھوں! شہر کے بعض بڑے بڑوں کا حلیہ خراب ہو گیا ہے۔

اگرچہ وہ ایک چھوٹے آدمی تھے مگر بڑے بڑوں کے ساتھ دیوالیہ ہونے پر انہیں فخر تھا۔ اس بات سے انہیں امیر ہونے کا احساس ہو رہا تھا۔

"میرے بیٹے، تمہیں اس چیز کا احساس ہونا چاہیئے"۔ انہوں نے سنجیدگی سے کہا "دنیا بدل رہی ہے۔ تمہیں وقت کے ساتھ چلنا ہوگا"۔

بیٹا خاموش تھا۔ نومبر کا سورج کہر آلود کھڑکی میں سے چند کرنیں اندر ڈال رہا تھا اور کھڑکی کی سلاخوں اور شیشوں کا دھندلا سا سایہ اس کے باپ کے سر کے پیچھے دیوار پر پڑ رہا تھا۔ کچھ روشنی سفید بالوں کے درمیان ان کی کھوپڑی کی سنولائی ہوئی جلد پر پڑ رہی تھی۔ ان کے بال اتنے چھوٹے تھے کہ ان کے کان باہر کو نکلے ہوئے (محسوس ہو رہے) تھے اور کھڑکی کی سلاخوں کے سائے کے سامنے کھڑے ہوئے وہ (بیٹے کو یوں لگے) جیسے کوئی مجرم (جیل کی) کوٹھڑی میں ہو۔ بیٹا چونک گیا اور اس نے اپنے آپ سے (صفحہ 157) سوال کیا۔ کیا لوگ جب یہ کہتے تھے کہ اس کا والد ہیرا پھیری کرتا ہے اور اس کی حساب کتاب کی دستاویزات میں ہیرا پھیری ہوتی ہے تو وہ ٹھیک کہتے تھے؟ اس آدمی کا کیا چکر تھا جسے اجلاس کے وقت بند کر دیا گیا تھا؟ برمنگھم سے آنے والا ایک پستہ قد آدمی، جس نے اوور کوٹ پہنا ہوا تھا۔۔۔۔

"اس کمرے میں ایک مکھی (گھس آئی) ہے" اچانک بڑے میاں نے کہا۔ وہ ہوا میں اوپر کو دیکھتے ہوئے ایک دم کھڑے ہو گئے "مجھے تمہاری بات کاٹنے پر افسوس ہے لیکن میرے کانوں میں ایک مکھی کی آواز آ رہی ہے۔ میں اسے ذرا باہر نکال دوں"۔

"ایک مکھی؟" ان کے بیٹے نے سننے کی کوشش کرتے ہوئے کہا۔

"ہاں، تمہیں آواز نہیں آ رہی کیا؟ کتنی عجیب بات ہے کہ اب جبکہ مشینیں رک گئی ہیں، ہر (چیز کی) آواز سنی جا سکتی ہے۔ مجھے خاموشی کا عادی ہوتے ہوتے خاصا عرصہ لگا۔ کیوں بھئی، نظر آئی؟ میں مکھیاں برداشت نہیں کر سکتا۔ پتا نہیں کہاں کہاں بیٹھ کر آتی ہیں۔ بس ایک لمحے کو"۔

بڑے میاں نے ایک دراز میں سے ایک جھاڑن نکالا۔

"اس دخل در معقولات کو معاف کرنا۔ میں ایسے کمرے میں بیٹھ نہیں سکتا جہاں ایک مکھی موجود ہو" انہوں نے معذرت خواہ لہجے میں کہا۔ وہ دونوں کھڑے ہو کر سننے (کی کوشش کرنے) لگے۔ انہیں ایک مکھی کی مدہم ہوتی ہوئی بھنبھناہٹ دفتر میں پیچ پر سنائی دی، لگتا تھا کہ موسمِ سرما کی دھوپ میں یہ آواز ذرا زیادہ محسوس ہو رہی تھی۔

"دروازہ کھول دو۔ ذرا کھولنا بیٹے" بڑے میاں نے گھبراہٹ سے کہا "مجھے مکھیوں سے نفرت ہے۔"

بیٹے نے دروازہ کھولا اور مکھی روشنی میں آگئی۔ بڑے میاں نے اس پر جھاڑن مارا مگر یہ (بچ کے) اوپر کو اڑ گئی۔

(صفحہ 108) "وہ رہی" انہوں نے کہا۔ وہ کرسی پر کھڑے ہو گئے۔ جونہی مکھی نیچے کو آئی، انہوں نے وار کیا اور بیٹے نے بھی وار کیا۔ بڑے میاں اپنے میز کے اوپر چڑھ گئے۔ نفرت اور خوف کا ایک تاثر ان کے چھوٹے (والے) چہرے پر نمایاں تھا (ساتھ ہی ساتھ) معذرت خواہی اور کمزوری کا تاثر بھی تھا۔

"میں معذرت خواہ ہوں" انہوں نے چھت کی طرف دیکھتے ہوئے پھر کہا۔

"اگر ہم دروازے کو کھلا چھوڑ دیں یا کھڑکی کھول دیں تو یہ (باہر) چلی جائے گی۔" بیٹے نے کہا۔

"ہو سکتا ہے کہ تمہیں یہ خبط محسوس ہو" بڑے میاں نے جھجکتے ہوئے کہا "(مگر) میں مکھیوں کو پسند نہیں کرتا۔ ہاں، یہ رہی وہ۔"

وہ اسے نہ مار سکے۔ وہ دونوں بے یار و مددگار کھڑے منہ پھاڑے چھت کی طرف دیکھتے رہے جہاں مکھی بجلی کے تار کے اردگرد چھوٹے چھوٹے چکر لگا رہی تھی اور بھنبھنا رہی تھی۔

"میں انہیں پسند نہیں کرتا" بڑے میاں نے کہا۔

میزان کے بوجھ تلے چرچرایا۔ مکھی چھت کے ساتھ چلی گئی اور وہیں رہی۔ بڑے میاں بے کار بے فائدہ ہی اس پر پھاٹرن مارتے رہے۔

"دھیان سے" بیٹے نے کہا "آپ گر نہ پڑیں کہیں"۔

بڑے میاں نے نیچے دیکھا۔ اچانک وہ تھکے ہارے اور بوڑھے نظر آنے لگے' ان کا جسم کمزور سا پڑ گیا اور ان کے چہرے پر ایک کمزوری سی نظر آنے لگی۔

(صفحہ ۱۰۹) "میری مدد کرو نا' یار" بڑے میاں نے کپکپاتی ہوئی سی آواز میں کہا۔ انہوں نے اپنے بیٹے کے کاندھے پر ایک بھاری بھرکم ہاتھ رکھا اور بیٹے نے اپنے باپ کے جسم کا ناقابل برداشت بوجھ محسوس کیا۔

"مجھ پر جھک جائیے"۔

بڑے میاں بڑی آہستگی اور بڑے بھاری پن کے ساتھ میز پر سے محتاط انداز میں اتر کر کرسی پر آگئے "ایک منٹ' یار" انہوں نے کہا۔ اس کے بعد ایک بار سانس لے کر وہ کرسی پر سے فرش پر اتر آئے۔

"آپ ٹھیک تو ہیں نا؟" ان کے بیٹے نے پوچھا۔

"ہاں' ہاں" بڑے میاں نے پھولے ہوئے سانس کے ساتھ جواب دیا "مجھے بس اس مکھی کا فکر تھا۔ کیا تمہیں پتا ہے کہ تمہارا سر' میرے اندازے سے کہیں زیادہ' پیچھے سے گنجا ہے۔ میری ہتھیلی کے برابر تو بالکل گنج ہے۔ میں نے تو ابھی ابھی دیکھا ہے اسے۔ مجھے تو بہت صدمہ پہنچا ہے۔ تمہیں سچ مچ اس کے بارے میں کچھ کرنا چاہیئے۔ تمہارے دانتوں کا کیا حال ہے؟ دانتوں کا تو کوئی مسئلہ نہیں ہے نا؟ ہو سکتا ہے کہ دانتوں اور بالوں کا کوئی تعلق ہو؟ کیا ایلس نے تمہیں کبھی نہیں بتایا کہ تم کتنے گنجے ہو چکے ہو؟"

"آپ بہت کام کرتے رہے ہیں۔ آپ بہت پریشان ہیں" بیٹے نے کہا۔ اس کا لہجہ تلافی آمیز اور ہمدردی سے بھرپور ہونے کے باعث نرم تھا۔ "آپ بیٹھ جائیے۔ آپ کو

بڑے اَڑے وقت کا سامنا ہے۔"

"نہیں، اوہوں!" بڑے میاں نے جھینپتے ہوئے کہا۔ ان کا سانس ذرا زیادہ تیز چل رہا تھا "بس ذرا سا کام تھا۔ ہر ایک کا رویہ اتنا عمدہ تھا۔ وہ سب لوگ آئے۔ انہوں نے مجھ سے مصافحہ ملایا۔ عملہ آیا۔ وہ سب کے سب مجھ سے مصافحہ ملانے آئے۔ انہوں نے دیر بھی، کہا ہم آپ کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہیں۔"

(صفحہ ۱۱۵) بڑے میاں نے اپنا سر پرے کو موڑ لیا۔ انہوں نے ایک سچ مچ کا آنسو اپنی آنکھ سے پونچھا۔ ہمدردی کی ایک روشن کرن نوجوان بیٹے کے دل کو چیر گئی۔ اسے یوں لگا جیسے ایک سورج نکل آیا ہو۔

"تمہیں پتا ہے ـــــ" باپ نے بے چینی سے کہا، ان کی نظر چھت پر موجود مکھی پر تیزی سے یوں پڑی جیسے وہ چاہتے ہوں کہ جو بات وہ کہنے والے تھے، اسے ان کا بیٹا بھی سن لے اور مکھی بھی ـــــ "تمہیں پتا ہے نا" انہوں نے کہا "دنیا ساری کی ساری غلط ہے۔ میں نے بھی غلطیاں کی ہیں۔ تمہارے آنے سے پہلے میں اسی بارے میں سوچ رہا تھا۔ تمہیں پتا ہے میں نے کیا غلطی کی ہے؟ تمہیں پتا ہے میں نے کہاں غلطی کی ہے؟"

بیٹے کا دل حیرانی پریشانی کے مارے خوف و ہراس سے اتنا بھر گیا کہ وہ چونک پڑا۔ خدا کے واسطے، وہ چلانا چاہتا تھا، ایسا مت کیجئے۔ سارے معاملے کو اُتھل پُتھل مت کیجئے۔ میرے سامنے اپنی تحقیر و تذلیل نہ کیجئے۔ سچ بات بتانا نہ شروع کیجئے۔ مجھے یہ کہنے پر مجبور نہ کیجئے کہ ہم لوگ اس بارے میں سب کچھ جانتے ہیں کہ ہم سالہا سال سے وہ تمام گڑبڑ گھٹالا جانتے ہیں جو آپ نے پھیلائے رکھا ہے، کہ ہم ان لوگوں تک کو جانتے ہیں جنہیں آپ نے دھوکا دیا ہے۔

"میری غلطی تھی روپیہ" بڑے میاں نے کہا "میرا خیال تھا کہ مجھے روپوں کی ضرورت ہے۔ اب کم از کم ایک چیز مجھے ضرور سمجھ آ گئی ہے۔ میں نے روپے کے ساتھ اپنا عشق

ختم کر ڈالا ہے، مکمل طور پر اس کا خاتمہ کر دیا ہے۔ اب جب تک میں زندہ ہوں ایک پیسے کی شکل تک دیکھنا نہیں چاہتا۔ نہ میں پیسے کی شکل دیکھنا چاہتا ہوں، نہ اس کا ذکر سننا چاہتا ہوں۔ اگر تم میرے پاس آ کے اب ایک ہزار پونڈ مجھے پیش کرو تو میں تمہارے اوپر ہنسوں گا۔ ہم اپنے آپ کو دھوکا دیتے رہتے ہیں۔ ہمیں پیسے کی بالکل بھی تو ضرورت نہیں ہوتی۔ اب تو میں بس اتنا چاہتا ہوں کہ سمندر کے کنارے ایک اچھی سی، چھوٹی سی جھونپڑی ہو" بڑے میاں نے کہا "میں سمجھتا ہوں کہ مجھے ہُوا کی ضرورت ہے، روشنی کی ضرورت ہے، زندگی کی ضرورت ہے۔"

بیٹے کو ایک دھچکا سا لگا۔

(صفحہ ۱۱۱) "اس کے لیے بھی تو آپ کو پیسہ چاہیئے" بیٹے نے چڑچڑے پن سے کہا "ایسا کرنے کے لیے تو آپ کو خاصی رقم درکار ہو گی۔"

"مت کہو مجھے پیسہ چاہیئے" بڑے میاں نے شدتِ جذبات سے کہا "مت کہو ایسا۔ آج رات جب میں اس جگہ سے باہر نکلوں گا تو میں آزادی (کی فضا) میں داخل ہو جاؤں گا۔ میں روپے پیسے کے بارے میں بالکل بھی نہیں سوچوں گا۔ ہو سکتا ہے کہ تم کچھ دیکھو۔ ہو سکتا ہے کہ تم ایک (نئے) آدمی کو دیکھو۔ تمہیں بالکل پتا نہیں۔ کیا بنی اسرائیل روپے پیسے کے پیچھے پریشان ہوتے تھے؟ نا نا نا، وہ تو بس باہر جاتے تھے اور من (و سلویٰ) پا لیتے تھے۔ میں بھی یونہی کرنا چاہتا ہوں۔"

بیٹا بولنے لگا تھا۔ باپ نے اسے روک دیا۔

"روپیہ" باپ نے کہا "بالکل بھی ضروری نہیں ہے۔"

اب ستمبر کے بھرپور روشن چاند کی مانند باپ کا چہرہ بیٹے کو دکھتا نظر آ رہا تھا۔

"جس وجہ سے میں یہاں آیا تھا وہ یہ تھی" بیٹے نے اکھڑے اکھڑے، خشک لہجے میں کہا "میں امیر نہیں ہوں۔ ہم میں سے کوئی بھی امیر نہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ موجودہ صورتِ حالات

میں ہم سب اکھٹے ہوئے ہیں اور ہم کچھ نہیں کر سکتے۔ میری خواہش ہے کہ کاش، میں کچھ کر سکتا مگر میں کچھ نہیں کر سکتا۔ مگر" ـــــ اس پُراز یقین آغازِ کلام کے بعد وہ ہکلانے سا لگا اور اس کی آنکھیں بزدلانہ انداز میں جھپکنے لگیں ـــــ "مگر ضروری، میرا مطلب ہے ـــــ جی ہاں، اگر سوال پیدا ہوتا ہے پَ ـــــ پَپ ـــــ میں صاف ہی کہہ ڈالوں، پیسے کا، تو میں (کچھ) پیسے اکٹھے کر سکتا ہوں۔"

اس کے چہرے کا رنگ (جھینپنے سے) بدل گیا۔ وہ اپنی غربت کو تسلیم کرنے سے نفرت کرتا تھا، وہ اپنے باپ کو خیرات پیش کرنے سے نفرت کرتا تھا۔ (صفحہ 112) وہ اپنے باپ کے بارے میں جو باتیں جانتا تھا، انہیں جانتے ہوئے وہاں بیٹھنا اسے اچھا نہیں لگ رہا تھا۔ اسے یہ سوچ کر شرم آ رہی تھی کہ کس طرح وہ (خود) اور باقی سب لوگ یار باش، پُرامید، فضول خرچ، بے لگام اور زمانہ ساز بوڑھے شخص کو اپنے ساتھ رکھنے سے خائف تھے۔ بیٹے کو یہ محسوس کر کے نفرت سی ہو رہی تھی کہ وہ سمجھ میں نہ آ سکنے والے ایک خاص انداز میں کمینہ پن، بزدلی اور بددیانتی ظاہر کر رہا تھا۔

باپ کی گھومتی ہوئی نظریں اپنے بیٹے کے گھبرائے ہوئے شکن آلود چہرے پر پڑیں اور انہوں نے دیکھا اور آہستہ آہستہ باپ کے چہرے پر سے خوابناک تاثر غائب ہو گیا۔ آہستہ آہستہ ستمبر کا چاند اپنا گلابی سفر طے کر کے نیچے آ گیا۔ جلد کی بیرونی تہوں میں سے چھوٹا د والا چہرہ اچانک باہر آ کے غالب آ گیا جیسے کوئی لومڑی زمین کے بل میں سے باہر جھانکنے لگی ہو۔ وہ پھرتی سے میز پر آگے کو جھک گئے اور نہ جانے کہاں سے ان کے ہاتھ میں چاندی کی پشت والی ایک پنسل آ گئی اور وہ ایک رائیٹنگ پیڈ پر تیزی سے کچھ لکھنے کو تیار ہو گئے۔

"پیسے اکٹھے کر سکتے ہو؟" بڑے میاں نے تیزی سے کہا "تم نے مجھے پہلے کیوں نہیں بتایا کہ تم پیسے اکٹھے کر سکتے ہو؟ کہاں؟ کب تک؟"

جاہن وائین

۱۳۔ شب بخیر، عزیز ڈیزی!

(صفحہ 113) "ابا جان، میں پہلے بھی کہہ چکی ہوں کہ آپ بخوشی گھر میں ہی ٹھہریں" مسز فاسٹر نے کہا۔ اس کی آواز میں کچھ خلوص تھا، مگر ہلکی ہلکی اکتاہٹ بھی تھی: "اگر آپ اس یخ بستہ (سرد اور ہوادار) جگہ میں پھرتے ہوئے دن گزارنا چاہتے ہیں تو اس میں صرف آپ کا قصور ہے۔"

"کیسا قصور؟" مسٹر گریلی نے ملائمت سے پوچھا۔ وہ آہستہ آہستہ اپنی برساتی کے بٹن لگاتے ہوئے دروازے کی جانب جا رہے تھے۔ مفلر اور ٹوپی انہوں نے پہلے ہی پہنے ہوئے تھے۔

"بھلا سردی لگنے سے آپ موت کے دہانے پر پہنچ گئے تو!" مسز فاسٹر نے کہا "یہاں آپ کو گرم اور آرام دہ گھر میسر ہے۔ خدا ہی بہتر جانتا ہے کہ مجھے اور سائرل کو گھر چلانے کے لیے کتنی محنت اور رقم لگانا پڑتی ہے۔ آپ آگ کے پاس بیٹھ سکتے ہیں اور اخبار پڑھ سکتے ہیں اور جب تک بچے سکول سے واپس نہیں آتے، آپ کو کوئی پریشان کرنے والا بھی نہیں ہے۔ اور وہ بھی آج کل کھانے کے وقت تک سکول میں رہتے ہیں۔" مسز فاسٹر نے پہلے ہی سے بالکل صاف شدہ الماری پر سفید جھاڑن پھیرا۔ "اور آپ ہیں کہ خدا کے بنائے ہر روز اس یخ بستہ (سرد اور ہوادار) جگہ کی طرف دوڑے جاتے ہیں۔ اگر آپ لاوارث بوڑھوں کے ادارے میں رہ رہے ہوتے تو میری سمجھ میں یہ بات آ بھی سکتی تھی۔"

(صفحہ 114) مسٹر گریلی اس کے الفاظ پر غور کرتے کرتے ذرا رکے۔ آخر کار انہوں نے کہا "وہ میری زندگی تھا، لورا۔ میں وہاں تمہیں رنجیدہ کرنے کے لیے نہیں جاتا لیکن میں سارا

دن آگ کے پاس بیٹھے رہنا نہیں چاہتا۔ میں وہاں جاکر اپنے پیارے (انجن) کو دیکھنا چاہتا ہوں۔ یاد رکھو، وہ میری زندگی تھا۔" "اگر آپ کو اسی طرح سے خوشی حاصل ہوتی ہے تو میں آپ کو نہیں روکوں گی" مسز فاسٹر نے جواب دیا۔

"بہر حال میں نے آپ کو بتا دیا ہے کہ آپ بخوشی گھر پر رہ سکتے ہیں۔ کم از کم گھر گرم تو ہے۔ آپ یہ بھی تو ذرا سوچیں کہ آخر مکان گرم رکھنے پر کتنا خرچ آتا ہے۔ (یہ الگ بات ہے کہ) شاید آپ کو اس کا احساس نہ ہو"

مسٹر گریلی نے بوڑھی، کمزور آنکھیں بیٹی کی طرف کیں اور ایک مدہم سے وقار کے ساتھ اس کا سامنا کیا جس سے یہ ظاہر ہو رہا تھا کہ کبھی وہ عمدہ آدمی تھے، اگرچہ ان کی بیٹی کو ایسا کوئی وقت یاد نہ تھا جب اس نے انہیں ایک تھکا ماندہ بوڑھا شخص نہ سمجھا ہو۔

"نورا، ہم پہلے ہی اس بارے میں بات چیت کر چکے ہیں" انہوں نے کہا "اگر میں وہاں جاکر اپنے عزیز (انجن) کو دیکھنا چاہتا ہوں تو اس کا یہ مطلب نہیں کہ میں تمہارا اور سائرل کا شکر گزار نہیں کہ تم نے مجھے گھر میں رکھ کر مجھ پر مہربانی کی ہے۔"

"جب آپ (سردی سے) موت کے منہ میں جانے لگیں گے تو مجھے ہی آپ کی تیمارداری کرنا ہو گی نا" مسز فاسٹر نے کہا "آخر وہ لوگ اس جگہ کو گرم کیوں نہیں رکھتے؟"

"میں نے خود کو اتنا تن آسان کبھی نہیں بنایا" مسٹر گریلی نے کہا "اگر میں بیمار ہو گیا تو مجھے ہسپتال میں داخل کرا دینا۔ (تب) تمہیں میری دیکھ بھال بالکل بھی نہیں کرنا پڑے گی۔"

وہ اپنے شانوں کو سیدھا کرتے ہوئے وقار کے ساتھ دروازے کی جانب بڑھے اور باہر چلے گئے۔ بیٹی کے طعن و ملامت سے پیدا ہونے والے (اعصابی) تناؤ نے ان کے دل کی دھڑکن تیز کر دی تھی۔ ان کا پتلا خون (صفحہ ۱۷۵) تیزی سے رگوں میں گردش کرنے لگا تھا مگر اس عمل سے ان کے جسم میں اتنی حرارت پیدا نہ ہوئی جو انہیں کھلے بس سٹاپ پر چلنے والی برفانی ہوا سے بچا سکے۔ انہوں نے برساتی کو اپنے اردگرد

زور سے لپیٹ لیا۔ یہ بالکل گھسی ہوئی اور پھٹی پرانی تھی، بالکل بے کار! اور وہ نئی برساتی یا کوٹ خریدنے کی استطاعت نہیں رکھتے تھے اور بیٹی سے (اس کام کے لیے) روپے مانگنا پسند نہ کرتے تھے۔

جب مسٹر گریلی انتظار کر رہے تھے تو اور بھی کئی آدمی بس سٹاپ پر جمع ہو چکے تھے۔ ان میں ایک تیس پینتیس سالہ خاتون بھی تھی جس نے انہیں سلام کیا۔

"مسٹر گریلی، آپ شہر جا رہے ہیں؟"

"بس 'کولیکشن' تک" انہوں نے جواب دیا "میں عموماً وہاں جایا کرتا ہوں اور ایک نظر عزیز (انجن) کو دیکھا کرتا ہوں۔"

سرد ہوا سے بچاؤ کے لیے فر کے کوٹ اور مفلر میں ملبوس خاتون نے مبہم سے انداز سے ان کی طرف دیکھا۔ نورا کے بوڑھے والد صاحب۔ جب وہ (خاتون) اور (اس کا شوہر) ڈان شام کو (نورا کے ہاں) جاتے تو یہ کہیں نہ کہیں پس منظر میں نظر آجاتے۔ سائرل نے کتنا نیک کام کیا تھا انہیں اپنے ہاں رکھ کے، جبکہ یہ تو بے چارے عجیب سے تھے۔ "کولیکشن"؟ اس لفظ سے ان کا بھلا کیا مطلب تھا؟ (اس خاتون نے سوچا۔)

"ٹھیک ہے" اس نے مبہم سے انداز میں کہا۔ اس کی نظریں بڑے میاں سے پرے کسی ایسی چیز کی تلاش میں بھٹک رہی تھیں جو اتنی دلچسپ ہو کہ اس کی توجہ مبذول کر سکے۔

نظر آجانے والی بس نے اسی مزید سماجی (اخلاقی) کوشش سے بچا لیا۔ جب یہ رکی تو منتظر لوگ باوقار مسافر بن کر (خدا کا) شکر ادا کرتے ہوئے اس کے گرم اندرونی حصے میں داخل ہو گئے۔

(صفحہ ۱۱۷) "کولیکشن۔ واپسی ٹکٹ" مسٹر گریلی نے کنڈکٹر سے کہا۔ ریلوے کے عجائب گھر کو کسی بہت پرانے مرحوم ڈائریکٹر کے نام پر جنہوں نے اسے شروع کرنے

کے لیے رقم مہیا کی تھی، سرکاری طور پر "فلس ہسٹاریکل ریلوے کولیکشن" کہا جاتا تھا اور مسٹر گریلی "کولیکشن" کو کسی لمبے نام سے پکارنے کو اس کی عزت و وقار کے منافی خیال کرتے تھے۔ بعض بس کنڈکٹر تو ان کا مطلب سمجھ جاتے تھے، بعض نہیں۔ مگر ان کا خیال تھا کہ وہ اس نام پر قائم رہ کر سب کو یہ نام یاد کرا دیں گے۔

آج صبح کنڈکٹر نے جو ایک بیس سالہ نوجوان تھا، مانو مسٹر گریلی کو سنا ہی نہیں۔ اس نے دو اور مسافروں سے کرایہ وصول لیا اور (ان کی طرف) یہ کہہ کر پلٹا "کہاں جائیں گے، بزرگوار؟"

"فلیس میموریل کولیکشن، ڈکر سٹریٹ" مسٹر گریلی نے محتاط انداز سے وضاحت کی۔

"اچھا، ڈکر سٹریٹ" لڑکے نے بے پروائی سے کہا "چار پنس"۔ "واپسی ٹکٹ" مسٹر گریلی نے مستقل مزاجی سے کہا۔

"اچھا واپسی۔ سات پنس اور ایک پینی"۔

مسٹر گریلی نے سکے پہلے ہی سے تیار کر رکھے تھے، انہوں نے پیسے دیئے اور اپنے خیالوں میں کھو گئے۔ ڈاکر سٹریٹ! انہوں نے سوچا، لگتا تھا کہ کنڈکٹر نے گلی کا نام سنا ہوا تھا کولیکشن کا نہیں۔ تاہم یہ گلی ایک چھوٹی سی گلی تھی جو شہر کے مرکزی علاقے میں بڑی سڑکوں کو صرف ملاتی تھی اور اس پر سوائے کولیکشن کے اور کوئی چیز واقع نہ تھی۔ پھر بھی تمہیں گلی کا نام لے کر ٹکٹ طلب کرنا پڑتا تھا۔ یہ ایک چھوٹی سی بات تھی، پھر بھی ایک ایسا تنکا تھا جو ہوا کا (بدلا ہوا) رخ بتا رہا تھا۔ فراموشی، ہر کہیں خاموشی۔ عظیم زمانہ، عظیم کارنامے سب دھوپ بھری ہوا کے دوش پر اڑ گئے۔

(صفحہ 117) بس ڈکر سٹریٹ پر رکی اور مسٹر گریلی باہر آئے اور ایک لمحے کو فٹ پاتھ پر کھڑے رہے۔ کولیکشن سٹیشن کے قریب تھا جس کا مین گیٹ دو سڑک پر تھا۔ مسٹر گریلی لائی لے جائی جانے والی ویگنوں کا سٹیشن سے آتا شور سن سکتے تھے۔ آواز دب

کی طرف متوجہ ہو کے وہ ایک لمحے کو ٹھٹکے مگر اس کا کیا فائدہ ؟ وہاں کسی شوُں ۔۔۔۔۔ فش کی آواز سنائی نہ دی، سفید بھاپ فضا میں لہراتی نظر نہ آئی۔ سٹیشن جدید بنایا جا چکا تھا اور اب سٹیم انجن نہیں چلتے تھے۔ اب تو صرف ڈیزل انجن تھے ــــ مسٹر گریلی کو ان پر ایک لحاظ سے کوئی اعتراض نہ تھا مگر انہیں دیکھنے میں کوئی دلچسپ بات نہ تھی۔ بھلا لوہے کے بے ہوئے کچھ ڈبوں کو چلتا ہوا دیکھنا کون پسند کر سکتا تھا؟

وہ کولیکشن کے چبوترے پر چڑھ گئے اور تیزی سے اندر داخل ہو گئے۔ بڑی سفید عمارت زیادہ گرم نہ تھی لیکن (باہر) سڑک کی ٹھنڈک کے بعد ضرور گرم لگ رہی تھی اور کسی بے آرامی کے بغیر ہی اپنا اوورکوٹ یہاں اتارا جا سکتا تھا۔ مسٹر گریلی نے ایسا ہی کیا مگر اپنی ٹوپی اور مفلر نہ اتارے۔ اوورکوٹ (یا برساتی) ہاتھ پر لٹکا کر وہ ملازم کی جانب مڑے جو عموماً دروازے کے اندر ایک کرسی پر بیٹھا ہوتا تھا۔ وہ ایک کم گو اور سفید بالوں والا شخص تھا جسے وہ پسند کرنے لگے تھے۔ لیکن (آج) جانے پہچانے ملازم کی جگہ پی کیپ کے نیچے سے ایک نئے اور جوانی سے بھرپور چہرے نے ان کی طرف دیکھا۔

"ارنی کہاں ہے؟" مسٹر گریلی نے پوچھا۔

"وہ بیماری کے باعث چھٹی پر ہیں۔" نوخیز لڑکے نے جواب دیا "ان کے واپس آنے تک میں ان کی جگہ کام کروں گا۔" اس نے اپنی ذات کے بارے میں اس سے زیادہ اور کچھ نہ بتایا یعنی یہ کہ اس کی روزمرہ (صفحہ 118) کی جگہ کونسی تھی، اس کی پی کیپ کہاں سے آئی تھی (ارنی ایسی ٹوپی نہیں اوڑھا کرتا تھا)، اور یہ کہ کیا وہ ارنی کی جگہ لینے کے لیے فارغ تھا۔ کیا نوخیز لڑکا زیرِ تربیت تھا؟ کیا ارنی کی جگہ اسی کے لیے محفوظ تھی؟ یہ لڑکا (بہرحال) زیادہ بولنا پسند نہ کرتا تھا۔ یہ تو ایک ابھرتا ہوا حاکم نما شخص تھا۔ مسٹر گریلی اس پر اعتماد نہ کرتے ہوئے آگے بڑھ گئے۔

کوئی بات نہیں۔ (پرانا) ملازم تھا یا نہیں تھا، وہ (یعنی انجن) ضرور یہاں تھا اور

ہمیشہ یہاں رہے گا۔ فلپس کولیکشن زیادہ وسیع نہ تھا۔ بس چند پرانے ڈبے، ایک دو شیشے کے شوکیس جن میں ریلوے والوں کی پرانی وردیاں اور اوزار تھے، چھوٹی پٹڑی کا ذرا سا ٹکڑا اور بعض تاریخی انجنوں کے ہو بہو بنے ہوئے نمونے (ماڈل) جن میں اگر آپ ایک پینی کا سکہ ڈالیں تو وہ تھوڑی دیر کے لیے اداس سے انداز میں ہلنے لگتے۔ لیکن یہ تمام اشیاء تو لوازمات تھے جنہیں ایک کنارے پر جمع کر دیا گیا تھا۔ کولیکشن کے لیے باعث فخر شے، ایک بڑی اور اہم شے جو کولیکشن کو کولیکشن کہلانے کے قابل بناتی تھی، مضبوطی سے درمیان میں کھڑی تھی۔ اس پر لگے ہوئے پیتل کے الفاظ چمکدار تھے، اس کا روغن چمک دار تھا، اس کا عظیم جسم ہر داخل ہونے والے کی نظریں اپنی طرف کھینچ لیتا تھا۔ وہ ایک دیوہیکل سبز اور سنہرا چار، چھ، صفر قسم کا انجن تھا جس میں اس کے سارے کے سارے آٹھوں پہیئے موجود تھے۔ اس کے بڑے بڑے چلانے والے پہیوں کے اوپر پیتل کے حروف میں اس کا سرکاری نام نمایاں نظر آتا تھا جو کسی قلعے کے نام پر تھا۔ لیکن مسٹر گریلی اسے ان سالوں میں ہمیشہ پیار سے "ڈیزی" کہا کرتے تھے جب وہ اور یہ عظیم الجثہ انجن اکٹھے زندگی گزارا کرتے تھے۔ وہ یہ نہیں بتا سکتے تھے کہ وہ ایسا کیوں کرتے تھے، بس انہیں لگتا تھا کہ ڈیزی اس کے لیے بہت مناسب نام تھا۔ جب وہ انجن شوں ــــ فش ــــ کیا کرتا تھا اور گرجدار آواز پیدا کرتا تھا اور مسٹر گریلی کے پاؤں تلے جڑی ہوئی دھاتی پلیٹیں تھر تھرایا کرتی تھیں تو وہ اسے ڈیزی کہہ کر پکارا کرتے تھے اور اسی نام کو لے کر اس سے لمبے لمبے مکالمات کیا کرتے تھے۔

(صفحہ ۱۱۹) اور یہ بس یونہی ہوتا ہے اس نے انجن کے طویل پلیٹ فارم (چبوترے) کے کنارے پر ہاتھ پھیرا۔ "ہیلو ڈیزی" اس نے دھیمے سے کہا "عزیز دوست، ایک اور صبح مبارک ہو!"۔ ڈیزی بے حس و حرکت کھڑا تھا۔ وہ جواب نہ دے سکتا تھا۔ تاہم مسٹر گریلی کو اس کے ساتھ باتیں کرنا مصنوعی یا خبط نہ لگا۔ ان کا رشتہ ایک زندہ رشتہ رہ چکا تھا۔ انہوں نے اس کی رگوں میں قوت بھری تھی، اسے آگے چلنے پر اکسایا تھا سینکڑوں ٹن ٹھوس

مادے کو کھڑاک پڑاک کر کے لمحوں میں چلتا کر دیا تھا، اور سفر کے اختتام پر ان کے ہاتھ نے اس کی بھاپ (سٹیم) کو بند کر دیا تھا، اسے خاموش کر دیا تھا اور اسے آرام سے سونے کا موقع مہیا کر دیا تھا۔ اور اب وہ ابدی نیند سو رہا تھا۔ لیکن مسٹر گریلی اتنے عقلمند نہ تھے کہ اپنے دل میں موجزن ہونے والے احساسات کے خلاف لڑ سکتے اور ان کے جذبات انہیں بتا دیا کرتے تھے کہ وہ اس کے ڈرائیور تھے اور ہمیشہ اس کے ڈرائیور رہیں گے اور اس کے لیے ان کی حیثیت اور آدمیوں جیسی ہو ہی نہ سکتی تھی۔

مسٹر گریلی ذرا مشکل سے ڈیزی کے پائیدان پر چڑھ کر اس کیبن میں داخل ہو گئے جہاں انہوں نے ہزاروں گھنٹے گزارے تھے۔ ایک ملائم سا جھاڑن لے کر انہوں نے پیتل کے ان آلات کو دھیان سے چمکایا جو ڈیزی کے لیے ذہن کا کام کرتے تھے، جو اس کے اعصاب کا مرکز تھے، جو ڈیزی کی شخصیت کو مشخص کرتے تھے۔ پھر وہ سیدھے کھڑے ہو گئے اور خاموشی سے کھڑکی کے باہر ایک طویل نظر ڈالی، پہلے پلیٹ فارم کی طرف اور بعد میں دوسری طرف۔

سب کچھ ٹھیک ٹھاک تھا۔ بس کولیکشن کے فرش پر (یعنی ہال میں) ایک ذرا سی بے معنی سی کھلبلی سی تھی۔ عظیم الشان یادگار انجن کے مقابلے میں ایک حقیر سا کیڑا نظر آنے والی ایک چھوٹی سی شکل مسٹر گریلی اور انجن کی طرف تیزی سے چلی آرہی تھی۔ یہ (کولیکشن کا) نیا ملازم تھا۔

(صفحہ ۱۲۵) "نمائش کی چیزوں پر کھڑے نہیں ہوتے، جناب" وہ تیزی سے کرخت لہجے میں چیخا۔ جب وہ نزدیک آیا تو اس کا چہرہ مسٹر گریلی کے جوتوں کے عین سامنے تھا۔

"مجھے آپ کو نیچے اتارنا ہی ہوگا، جناب۔"

"نیچے؟" مسٹر گریلی نے (اس کی بات پر) یقین نہ کرتے ہوئے کہا۔ کیا وہ اپنے کانوں کی سنی پر یقین کر سکتا تھا؟ نیچے؟ اسے؟ "وہاں ایک اطلاع نامہ موجود ہے"

نوجوان نے مستعدی سے کہا "ہم عوام کو نمائشی اشیا پر کھڑے ہونے کی اجازت نہیں دے سکتے!"

"بچے، میں عوام نہیں ہوں" مسٹر گریلی نے کہا "میں اس انجن کی اصلی (چلنے والی) تیس سالہ زندگی میں اس کا باقاعدہ ڈرائیور تھا۔" اس نے معاف کر دینے والے انداز میں کہا۔ آخر کار یہ اس لڑکے کا کام پر پہلا دن تھا۔

"جناب، نیچے آجائیے" نوجوان ملازم نے اپنی بات دہرائی۔ اس کا چہرہ زرد اور سخت تھا۔ یوں لگ رہا تھا جیسے وہ غصے کے باوجود ان کی بزرگی کا احترام کر رہا ہو۔ کولیکشن گویا ایک گرجا تھا جسے وہ کسی وحشی گلے سے بچا رہا تھا "دیکھئے، قواعد کے تحت۔۔۔۔"

"سپرنٹنڈنٹ (نگران) کو بلا کر لاؤ" مسٹر گریلی نے اونچی آواز میں حکم دیا۔

"چلے جاؤ، انہیں بلا کے لاؤ۔ میں تمہارے ساتھ بات نہیں کروں گا۔"

اسی لمحے ان کی آوازیں سن کر سپرنٹنڈنٹ اپنے دفتر کے دروازے میں آگیا۔ اس کے ذمے اور بھی بعض فرائض تھے اس لیے وہ ہفتے میں صرف دو دن کولیکشن میں رہا کرتے تھے "پرکنز، کیا مسئلہ ہے بھئی؟" اس نے (صفحہ 121) تھکے ہوئے انداز میں جو اس کے ساتھ مخصوص تھا، عینک اتارتے ہوئے پوچھا۔ وہ ایک لمبا، نمایاں نظر آنے والا شخص تھا، اس کے بال وقت سے پہلے سفید ہو گئے تھے، اور اس کے لہجے میں وہ نرم غائب دماغی موجود تھی جو عجائب گھروں کے ملازمین میں عموماً پیدا ہو جاتی ہے۔ وہ جس کسی سے بھی بات کرتا یا جس کسی کی بھی بات سنتا، بہت ملائمت برتتا جبکہ صاف طور پر اس وقت دیکھا جا سکتا تھا کہ وہ کسی اور چیز کے بارے میں سوچ رہا ہوتا تھا۔

"جناب، عوام نمائشی چیزوں پر چڑھ رہے ہیں" پرکنز نے درشت لہجے میں کہا۔ وہ لانس کارپورل کی طرح کھڑا تھا۔

"ارے بھئی" سپرنٹنڈنٹ نے نرمی سے کہا "یہ عوام نہیں ہیں، یہ مسٹر گریلی ہیں۔ انہوں

نے اس انجن کے کیبن میں اتنا زیادہ وقت گزرا ہے کہ ہم انہیں اس اصول سے مستثنیٰ کر دیتے ہیں۔ مسٹر گریلی، کیسے مزاج ہیں آپ کے آج کل؟

"میں ٹھیک ٹھاک ہوں، سپرنٹنڈنٹ" مسٹر گریلی مسکرائے "لیکن ڈیزی زیادہ ہی ٹھیک ٹھاک ہے۔"

سپرنٹنڈنٹ نے سنجیدگی سے سر ہلایا۔ اس کا ذہن پہلے ہی دفتر میں واپس پہنچ چکا تھا اور حساب کتاب کے کاغذات دیکھ رہا تھا۔ "بہت اچھا ہوا آپ سے ملاقات ہوگئی مسٹر گریلی" اس نے کہا اور واپس جانے کے لیے مڑا۔ "میری غلطی، جناب؟" پرکنز نے گویا سپرنٹنڈنٹ کو کچھ اختتامی کلمات کہنے کی دعوت دی۔

"ہم سب کرتے ہیں، پرکنز" سپرنٹنڈنٹ نے مبہم سے انداز میں کہا۔ اس جواب سے پرکنز کی تسلی نہ ہوئی کیونکہ اسے تو داد ملنے اور اپنے فرائض کو جوشیلے انداز سے ادا کرنے پر مبارکباد ملنے کی توقع تھی۔ اس نے مسٹر گریلی کو ایک لمحے کے لیے گھورا، پھر مڑا اور سپرنٹنڈنٹ کے پیچھے پیچھے چلا گیا۔

(صفحہ 122) "عوام!" مسٹر گریلی نے تلخی سے ڈیزی کو بتایا "میرا خیال ہے کہ ارنی واپس آجائے گا۔ وہ جانتا ہے کہ کون کیا ہے۔" انہوں نے ڈیزی کی بعض بیلیق کی نالیاں چمکائیں "عزیز انجن، تم تو مجھے عوام نہیں سمجھتے نا، ہیں نا؟"

مسٹر گریلی کا سکون بری طرح تباہ ہو چکا تھا لیکن ڈیزی سے آدھے گھنٹے کی پرسکون بات چیت نے اسے بحال کر دیا۔ (اس کے بعد) وہ تیزی سے نیچے اتر کر گلی کے دوسرے کنارے پر "وادیا ڈکٹ" نامی ریستوران میں گئے جہاں وہ پچاس سال سے جاتے رہے تھے۔ وہاں انہوں نے لطف لے لے کے اپنا دوپہر کا کھانا کھایا جو ایک سینڈوچ اور ایک پائنٹ شراب پر مشتمل تھا۔ جب وہ کھا رہے تھے اور آہستہ آہستہ، خیالوں میں غرق، لمبے لمبے گھونٹ لے کے شراب پی رہے تھے تو انہوں نے گراموفون مشین، مستطیل شکل کے

لوہے کے فرنیچر اور غیر نشہ آور مشروبات کے نیم عریاں اشتہارات کو دیکھا۔ یہ جگہ اس قدر تبدیل ہو چکی تھی کہ پہچانی نہ جاتی تھی۔ وہ اس جگہ کو تب سے جانتے تھے جب یہ ریلوے ملازمین کے لیے ایک قدیمی (یا مثالی) ریستوران تھا۔ اس ریستوران میں اس وقت محنتی مستریوں اور آئل مینوں اور پھٹی پرانی جاکٹوں والے حقیر قلیوں سے لے کر مشہور گارڈوں کے ڈرائیور تک شانہ بشانہ آمد آمد رہتی تھی۔ اس میں مسٹر گریلی خود بھی شامل تھے۔ اکثر اوقات وہ بے انتہا تشنہ لب اس ریستوران میں تیزی سے آتے تھے اور چمک دار کاؤنٹر پر کچھ گرماگرم سکے مٹھی بھر کر پھینکتے جنہیں پکڑنا بھی مشکل ہوتا تھا۔ ڈیزی کے فائربکس کی بے انتہا حرارت ان کے سفید کوٹ کو بے انتہا گرم کر دیتی تھی، بس جلنے میں ذرا سی کسر رہ رہی ہوتی تھی۔ اور وہ خود کتنا پسینہ پسینہ ہو رہا ہوتا تھا! اور وہ "دی وایا ڈکٹ" نامی ریستوران میں ایک نلکے سے اچھی شراب لے کے بڑے بڑے گھونٹ بھر کر پائنٹ کے پائنٹ، لٹر کے لٹر، حتیٰ کہ بعض اوقات تو ایک ایک گیلن شراب پی جایا کرتا تھا!

آج کل تو شراب اپنی وہ خوشبو (اور ذائقہ) ہی کھو چکی تھی۔ گریلی نے سوچا (صفحہ 123) کہ اب وہ ڈیزی کے کیبن سے سیدھا یہاں نہیں آتا، نہ ہی اس کے احساسات تیز رفتاری اور فراٹے بھرتی ہوئی ہوا کے باعث نشے میں ہوتے ہیں، نہ ہی اس کی جلد بھیگی ہوئی اور اس کا حلق خشک ہوتا ہے۔ شراب! ان دنوں میں شراب صرف شراب نہ ہوتی تھی، ایک نعمت ہوا کرتی تھی۔ مسٹر گریلی نے ٹھنڈی آہ بھرتے ہوئے اپنی کم نشہ آور شراب کے جام کا آخری انچ (یعنی گھونٹ) بھرا اور اس بے اعتدالی پر سر ہلاتے ہوئے دروازے سے باہر نکل گئے لیکن اب وہ دلی طور پر خوش تھے کیونکہ ان یادوں نے انہیں طاقت بخش دی تھی اور ان (کے دل) کو گرما دیا تھا۔

واپس کولیکشن میں جا کر مسٹر گریلی ایک مرتبہ پھر ڈیزی کے کیبن میں جا چڑھے۔ یہاں سے دنیا معقول اور دل پسند لگتی تھی چاہے یہاں سے کوئی راستہ آگے نہ جاتا تھا، چاہے یہاں

سے صرف کولیکشن کے پتھریلے ہموار فرش کے سوا اور کچھ نظر نہ آتا تھا اور آپ کے سامنے صرف سفیدی پھری ہوئی اینٹوں کی دیوار ہوتی تھی۔ بہرحال، یہ تھی وہ تبدیلی جو دنیا میں آگئی تھی۔ یہ (دنیا) سکڑ گئی تھی اور ہموار، سفید اور سفیدی پھری ہوئی تھی۔ لیکن کم از کم وہ اور ڈیزی ابھی دونوں یہیں تھے۔

"عزیز انجن، اب تمہیں کبھی کوئی نہیں چلائے گا" انہوں نے اس انداز سے اپنا سر جھکاتے ہوئے ڈیزی سے کہا کہ ان کی آواز اس کی جامد مشینری کے پاس تا دیر بے تکلفانہ انداز میں موجود رہی۔ "میں (تمہارا) آخری ڈرائیور تھا اور میں نے ہی تمہیں (کام سے) باہر جاتے ہوئے دیکھا۔ اور میں ہی وہ واحد آدمی تھا جو جانتا تھا کہ تم کیا کچھ کر سکتے تھے۔ یعنی جب تم کرنے پر آتے تھے عزیز ڈیزی، تب!"

وہ اپنے ذہن میں خاموشی سے محبوب اعداد و شمار دہرانے لگے۔ حرارتی سطح: دو ہزار پچاس مربع فٹ۔ وزن: اٹھاون ٹن، سترہ ہنڈرڈ ویٹ۔ یہ ہندسہ ان کے ذہن میں اس طرح روشن تھا جیسے کسی لافانی نغمے کے الفاظ۔ ان محدود بیانات کے اندر یہ (اعداد و شمار) ان کی تمام ڈرائیونگ زندگی پر محیط تھے: (صفحہ 124) (تیز) نظروں اور اعصابی کام کے پچاس سال! کام (ابنِ) آدم کی بدبختی ہے ۔۔۔۔ اپنے وقت میں مسٹر گریلی الارم والی ٹائم پیس پر لعنت بھیجا کرتے تھے۔ لیکن ایسا کبھی نہ ہوا تھا کہ وہ ڈیزی کے کیبن میں چڑھے ہوں اور ان کے دل میں ایک حیات بخش جوش و خروش نہ لہرایا ہو اور اس کی گہرائیوں میں ایک تند و تیز اعصابی تھرتھراہٹ نے جنم نہ لیا ہو۔

اچانک مسٹر گریلی کے کانوں میں دبی دبی ہنسی کی آواز آئی تاہم یہ اتنی دبی دبی بھی نہ تھی کہ ان کے بوڑھے کانوں کو سنائی نہ دیتی۔ وہ اپنے خوابوں خیالوں سے نکل کر باہر آگئے۔ ڈیزی کے اگلے حصے کے پاس دو بچے کھڑے کھڑکی میں فریم شدہ ان کے چہرے کو تک رہے تھے۔ ان بچوں میں ایک تقریباً دس سال کی لڑکی تھی اور ایک لڑکا تھا جو اس

سے تین ایک سال بڑا تھا۔

"اب کیا تم اس کی آواز سن سکتی ہو؟" لڑکی نے اپنے بھائی سے پوچھا۔ مسٹر گریلی نے اندازہ لگایا کہ اس لڑکی نے انہیں خود کلامی کرتے ہوئے سن لیا تھا اور اب وہ اس لاجواب مزے دار بات میں اپنے بھائی کو بھی شریک کرنا چاہتی تھی۔ لڑکے نے مسٹر گریلی کی نظریں اپنے اوپر دیکھیں تو اس کی ساری جھجک دور ہو گئی اور وہ نڈر ہو کر ڈیزی کے چلانے والے بہیوں کے پاس آ گیا جو اس پر اپنی چھ فٹ کی عظیم اونچائی کے باعث حاوی نظر آ رہے تھے۔ اس نے سیدھا مسٹر گریلی کے چہرے پر دیکھا جیسے کہ وہ بات چیت شروع کرنے ہی والا ہو۔

مسٹر گریلی نے بہن کی بچگانہ گستاخی کو معاف کرتے ہوئے اس پر شفقت سے مسکراتے ہوئے نظر کی۔ یہ لڑکا انہیں (اپنے زمانے کے) بہت سے ایسے ہی بچوں کو یاد دلا رہا تھا جو سالوں پہلے سکول کی ٹوپیاں پہنے اور اوورکوٹ پہنے ہوتے تھے۔ وہ بچے ایک تیز رفتار گاڑی کے ڈرائیور سے چند باتیں کرنے کی کتنی آرزو رکھتے تھے! اور اب بھی، کولیکشن کی اس گُم گشتہ شوکت میں بھی، انہیں یوں لگا جیسے وہ احساس زندہ ہو

(صفحہ 125) "اچھا انجن ہے، ہیں نا؟" انہوں نے از خود بتانا شروع کیا تا کہ لڑکا اپنی جھجک پر قابو پائے "میں اس کا ڈرائیور تھا۔ یہ انجن ۱۹۰۷ء میں بنایا گیا تھا، میں اس سے کچھ عرصے پہلے بنایا گیا تھا اور اس طرح سے میں اس سے بڑا ہوں۔" وہ گرم جوشی سے مسکرائے۔ پھر انہوں نے بچے کی آنکھوں کی طرف دیکھا۔ وہ دو پتھروں کی مانند تھیں۔ "ہم دو سو ٹن تک کا وزن کھینچ لیا کرتے تھے" مسٹر گریلی نے خندہ پیشانی سے بتایا۔ لیکن پھر ان دو کبھی معاف نہ کرنے والی آنکھوں کی نظروں کے نیچے وہ رک گئے اور پرے کو مڑ گئے۔ کیا فائدہ؟ لڑکا اس کی کشش ثقل (کے دائرے) سے پرے تھا۔ پھر وہ کولیکشن میں آخر کیوں آیا تھا؟ مسٹر گریلی نہ سمجھ سکتے تھے۔ ایک بات ضرور واضح تھی اور وہ یہ کہ وہ مسٹر گریلی کو

اپنی ہی قسم کا ایک زندہ نشان سمجھنے سے مکمل طور پر اور بالکل انکاری تھا۔ ان نظروں میں اگر کوئی پیغام تھا تو وہ نفرت کا تھا جس کی پشت پر ایک سنگین تجسس تھا۔ وہ اس شخص کے سامنے موجود ہو کر قطعاً بھی کوئی جوش محسوس نہ کر رہا تھا جس نے ایک ایسے انجن کو چلایا تھا جو دو سو ٹن وزن کھینچنے کے قابل تھا جو بھاپ کو سیدھا ہوا میں تیر کی مانند پھینکا کرتا تھا اور حیران کن پُر از نغمہ طاقت سے دُھما دُھم اور گھڑ گھڑ کیا کرتا تھا۔ اس لڑکے کا رویہ زیادہ تر اس مخصوص سنگدل ماہرِ حیوانیات کا ساتھا جو بعض کراہت آمیز جانوروں پر عملِ جرّاحی کر کے ان کے ردِ عمل کو ملاحظہ کرتے ہیں۔

مسٹر گریلی نے ٹھنڈا گہرا سانس بھرا۔ دنیا اب کیسی ہو گئی تھی، وہ اسے نہ سمجھتے تھے شاید انہوں نے کبھی بھی اسے صحیح طور پر نہ سمجھا تھا۔ ان کا دنیا کو سمجھنے کا ذریعہ ڈیزی تھا اور اس نے تمام تجربے کو وزن، درجہ حرارت کے اتار چڑھاؤ، دباؤ، قوسوں اور پابندی کی اصطلاحات میں ملبوس کر دیا تھا۔ اس طرح ترتیب میں ہونے والے انہیں سمجھنے میں مدد ملی تھی، وہ اس کا مطلب جان گئے تھے۔ اور اس جیسے سخت نیلی آنکھوں والے لڑکے جو (صفحہ 126) کرسمس کی چھٹی یا اگست کی پکنک میں گھر سے بھاگ آتے تھے، ان کی حاکمیت کو پہچان لیتے تھے اور اس کے سامنے سر جھکا دیتے تھے۔ لیکن اب ـــــ بہر حال، ہر چیز گزر جاتی ہے۔ ڈیزی ان سے کم عمر تھا لیکن ان کی کام کرنے کی عمر اکٹھی ہی اختتام پذیر ہوئی تھی۔ صرف اس انجن کی عجائب گھر کی عمر طویل تنہا شفق کی طرح اس کی عمر سے زیادہ لمبی ہو گی لیکن اے کاش، کوئی لڑکا انجن کی طرف ان نظروں سے نہ دیکھے جن نظروں سے اس لڑکے نے ان کی طرف دیکھا تھا!

اداسی کے ساتھ نیچے اتر کر مسٹر گریلی نے کولیکشن میں موجود دوسری نمائشی اشیاء کو بے توجہی سے دیکھنے میں ایک گھنٹہ گزار دیا۔ سائے پھیلنے لگے۔ غلط رو نوجوان ملازم نے جسے مسٹر گریلی نے فخریہ طور پر نظر انداز کر دیا تھا، روشنیاں جلانا شروع کر دیں۔

اب تقریباً وہ وقت آگیا تھا کہ وہ واپس جائیں اور اپنی بیٹی اور اس کے گھر والوں کا سامنا کریں۔ کسی نہ کسی وجہ سے مسٹر گریلی کو اس ضروری بات کو قبول کرنے میں معمول سے زیادہ دشواری محسوس ہو رہی تھی۔ ایک اندھی ترغیب انہیں کولیکشن کے کسی تاریک گوشے میں چھپنے کے لیے ہو رہی تھی، اس بات کے لیے کہ وہ اس وقت تک وہاں انتظار کریں جب تک کر ایک ایک شخص گھر نہ چلا جائے۔ تب وہ باہر آئیں اور رات کو ڈیزی سے بلا روک ٹوک گفتگو کی نعمت میں بسر کردیں۔ لیکن وہ جانتے تھے کہ ایسے خیالات تصوّراتی ہیں۔ ساڑھے پانچ بجے انہوں نے اپنا کوٹ اٹھایا، اسے پہنا اور بٹن لگالیے۔ تب پھرتی سے وہ ڈیزی کے پائیدان پر ایک مرتبہ پھر چڑھ گئے۔

"فکر نہ کرو، عزیز دوست" انہوں نے اسے سمجھایا "وہ جان جائیں گے۔ وہ لوگ خواہ میری عزت نہ کریں مگر تمہاری عزت کریں گے۔ اور دیکھو کہ میں خوش ہوں۔ سمجھے؟ تم تو جانتے ہو کہ میں اتنا اہم نہیں (جتنے کہ تم ہو)۔" انہوں نے اپنا ہاتھ اس کے پیتل کے پہیوں اور لیوروں پر نرمی سے پھیرا۔ "شب بخیر، عزیز ڈیزی"۔ انہوں نے کہا۔

(صفحہ 127) باہر گلی تاریک تھی۔ مسٹر گریلی کو بس کے لیے خاصی دیر تک انتظار کرنا پڑا۔ ہلکی پھلکی مگر یخ بستہ کر دینے والی پھوہار پڑ رہی تھی۔ مسز فاسٹر کے ہاں واپس پہنچ کر انہیں رات کے کھانے کے لیے بالکل بھی بھوک نہ محسوس ہوئی۔

"ابا جان، آپ عموماً انڈہ اور چپس محسوس کرتے ہیں نا؟" مسز فاسٹر نے سرزنش کے انداز میں کہا۔

"نانا ابا کی چیزیں میں لے لوں؟" اس کے تیز نظروں والے بیٹے نے پوچھا۔ "میرا خیال ہے کہ میں بس لیٹوں گا" مسٹر گریلی نے کہا۔ اپنے پتے سے بستر پر لیٹے ہوئے مسٹر گریلی نے محسوس کیا کہ ان کی ہڈیاں بے وزن ہیں، ہوا جیسی۔ وہ اوپر اٹھ کر چھت کے قریب کو سو گئے۔ وہ ہوا جو پردے کا کنارہ ہلا رہی تھی، انہیں بھی ہلکورے سے دینے لگی۔ تب وہ پانی کی طرح ہلتی ہوا

میں دوبارہ بس سٹاپ پر موجود تھے۔ بس پہلے ہی سے وہاں منتظر تھی۔

"کولیکشن" مسٹر گریلی نے سونے کا ایک ساورن (کا سکہ) آگے بڑھاتے ہوئے مستقل مزاجی سے کہا۔

"معاف کیجئے گا۔ آپ کو ڈرائیور سے کہنا پڑے گا" کنڈکٹر نے بہت ہلکی سی کرم فرمائی کی۔ اس پر اپنے الفاظ ضائع کرنے کی بجائے مسٹر گریلی سیدھے اُدھر کو بڑے جدھر ڈرائیور کی طرف جانے کو ایک کھڑکی (سی) بنی ہوئی تھی۔ اس (کھڑکی) میں سے سر اندر ڈال کر مسٹر گریلی نے ڈرائیور کے کان میں پھنکارا "کولیکشن"۔

"وہ کہاں ہے؟" ڈرائیور نے اپنی نشست پر آدھا مڑ کر کہا۔ وہ اور نہیں مڑا کیونکہ مسٹر گریلی کے طاقتور ہاتھ کھڑکی میں سے آئے اور انہوں نے اس کی گردن دبوچ لی۔

ڈرائیور کا گلا گھٹنے لگا، اس نے (گردن چھڑانے کے لیے) جدوجہد کی۔ "میری ہدایات کے مطابق چلو۔ یہاں سے سیدھے۔ یہاں بائیں کو۔ اس چوک کے گرد۔ یہاں دائیں کو۔ (صفحہ 128) یہاں پھر دائیں کو۔" ان کی انگلیاں بڑے پیار سے ڈرائیور کی سانس کی نالی کے گرد لپٹی رہیں۔ ڈرائیور جس کا چہرہ سرخ ہو رہا تھا، انگلیوں کے اشارے پر بڑی طلبجیانہ توجہ کے ساتھ چلتا رہا۔ درمیانی سٹاپوں کے مسافر حیران پریشان کھڑے رہ گئے۔

بس ڈکر سٹریٹ پہنچی، آہستہ ہوئی اور رک گئی۔ تب جا کے مسٹر گریلی نے ڈرائیور کی موٹی گردن پر سے اپنے ہاتھ ہٹائے۔

"دوست آئندہ یاد رکھنا" انہوں نے سنجیدگی سے کہا "جب کوئی کولیکشن کہے تو (سیدھے) وہاں چلے جاؤ اور کوئی ٹرخانے کی کوشش نہ کرو۔"

انہوں نے بڑے وقار کے ساتھ بس کو چھوڑا اور چبوترے پر چڑھ کر کولیکشن میں داخل ہو گئے۔ یہ بند تھا، خالی اور خاموش تھا لیکن ایک روشن چاند آسمان میں چمک رہا تھا اور کسی پراسرار وجہ سے اس کی روشنی سیدھی سیمنٹ کے زرد فرش پر آ رہی تھی۔ مسٹر گریلی

نے اوپر دیکھا تو انہیں نظر آیا کہ کولیکشن کی چھت غائب ہو چکی تھی۔ عمارت موسمِ بہار کی خوشگوار رات میں بالکل کھلی تھی کیونکہ بس کے وحشیانہ اور خطرناک سفر کے دوران موسمِ بہار نے اچانک موسمِ سرما کی جگہ لے لی تھی۔

نرم ہوا انجنوں، ٹرکوں، لیمپوں اور وردیوں اور شیشے کے شوکیسوں کو پیار سے چھو رہی تھی۔ رس بھری رات میں ڈیزی کے پیتل کے آلات فتح مندانہ انداز سے چمک رہے تھے۔ چاند کی روشنی وہ دن کی روشنی کی نسبت زیادہ عظیم الجُثّہ نظر آ رہا تھا۔

مسٹر گرلی تیزی سے کولیکشن کے فرش پر آگے بڑھے اور ڈیزی کے کیبن میں چڑھ گئے۔ (صفحہ 129) "کام شروع کر دو، خدا کے لیے" وہ جوش سے چلائے۔ ڈیزی کا فائر بکس آگ (کی حرارت) سے دمکنے لگا، اس کے پائپوں میں سائیں سائیں ہونے لگی اور اس کے دباؤ کی پیمائش کے آلے کی سوئیاں بائیں سے دائیں کو آہستہ آہستہ رینگنے لگیں۔ پھر مسٹر گرلی نے دیکھا کہ ان کا (سفید) کوٹ اور چمڑے کی سیاہ چمک دار ٹوپی کیبن کے کونے میں لٹکے ہوئے تھے، اس کھونٹی پر جہاں وہ ہمیشہ انہیں لٹکا دیا کرتے تھے۔

"ہمارے (باہر) جانے کا وقت ہو گیا ہے" انہوں نے کہا۔ اچانک ان کے ذہن میں بازگشت سی آئی "750۔ ڈاؤن"۔

ان کے مضبوط اور اہل ہاتھوں نے آگے بڑھ کر ڈیزی کے کنٹرول کو سنبھال لیا۔ کسی پہیئے کو چند بار گھمایا، کسی لیور کو، اچانک نیچے کو دھکیلا۔ پہیہ گردش کرنے لگا۔ ڈیزی کا پورا جسم گویا سانس لینے لگا اور جوش و خروش سے ہلنے لگا اور اس کی عظیم الجُثّہ "رابطہ سلاخیں" آگے پیچھے کو پھسلنے لگیں۔

"جنجر کہاں ہے" مسٹر گرلی نے غصے سے پوچھا۔ انہوں نے پیچھے مڑ کر اپنے فائرمین کو ڈھونڈا جو ۱۹۲۰ء کے ان کے شروع شروع کے سفروں میں ان کے ساتھ ہوتا تھا۔ تب انہیں یاد آیا کہ وہ جنجر نہیں تھا، وہ تو نوجوان ہربرٹ تھا۔ یا شاید وہ ہیری جیکسن تھا؛

آخری والا؟

وہ پیچھے کو مڑے توانہوں نے کوئلے کے پاس جھکی ہوئی ایک شکل دیکھی جس کے ہاتھ میں بیلچہ تھا۔ یہ پوز بالکل ہیری جیکسن کا تھا۔ ہیری ہمیشہ ایسے ہی کھڑا ہوا کرتا تھا' اس کا بیلچہ تیار ہوتا تھا اور حساب کتاب سے واقف آنکھ فائر بکس کی جانب۔ لیکن یہ چہرہ تو جنجر کا تھا۔

"تم واپس آگئے ہو' جنجر" مسٹر گریلی نے سکون سے کہا۔

(صفحہ 130) "ہاں' بزرگوار" جنجر نے کہا" میں دوبارہ فائر بکس کے پاس آنا چاہتا تھا۔ باہر بڑی سردی ہے"۔

باہر' کہاں؟ مسٹر گریلی کو حیرت سی ہوئی۔ لیکن اس نے اپنی توجہ دوبارہ کنٹرول کی طرف مبذول کردی۔ ڈیزی بہت آسانی کے ساتھ ہوا میں بلند ہورہی تھی اور آہستہ آہستہ اوپر کو اٹھتی جارہی تھی۔ کولیکشن اب ان کے پیچھے رہ گیا تھا اور مسٹر گریلی کو خیال آیا کہ انہوں نے سپرنٹنڈنٹ کو اس جگہ کھڑے دیکھا جہاں ڈیزی کھڑا ہوکرتا تھا۔ وہ ان کی طرف حیران ہوکر دیکھ رہا تھا اور اپنی اوپر کی جیب میں عینک ٹٹول رہا تھا۔ تب انہیں ایک جھٹکا سا لگا کیونکہ ڈیزی کے پہیئے اب پٹڑی پر آگئے تھے۔ اب ان کے سامنے ایک میل' تین میل' یا پانچ میل' (بلکہ) دس میل سیدھی پٹڑی تھی جو شاندار چاندنی میں نظر آرہی تھی۔

"راستہ!" مسٹر گریلی نے (زور سے) سانس لیا۔ انہوں نے ڈیزی کا دباؤ بڑھایا۔ اور زیادہ۔ میل کے بعد میل فرآٹے کے ساتھ گزرنے لگے اور مسٹر گریلی اور جنجر تھرتھراتے کیبن میں خوشی سے چلانے لگے۔

"یہ تو بڑے مزے سے چلا جارہا ہے" جنجر نے کہا۔

"بالکل ٹھیک ٹھاک!" مسٹر گریلی چلائے۔

انہیں اب یاد آیا۔ ڈیزی مرمت (اور دیکھ بھال) کے لیے گیا تھا۔ اس کا بوائلر صاف کر دیا گیا تھا۔ وہ نہیں سمجھ سکتے تھے کہ صاف ستھرا پانی اتنا میل کچیل کیسے چھوڑ دیتا ہے۔ مگر ایسا ہوتا ضرور تھا۔ بہر حال مستریوں نے بہت اچھی صفائی کی تھی۔ انجن (اس سے پہلے) کبھی بھی اتنے آرام سے نہیں چلتا چلا گیا تھا۔

"ایک سوستر" مسٹر گریلی نے اپنے آپ سے کہا' وہ دباؤ ظاہر کرنے والے آلے کو دیکھ رہے تھے۔ "ٹھیک ہے' کیوں نہ ہو؟" اور انہوں نے دباؤ یہاں تک بڑھایا کہ سوئی ایک سو اسی پر آ کر رک گئی۔

(صفحہ 131) "بہتر ہے کہ دباؤ یہیں پر قائم رہے" مسٹر گریلی نے کہا۔ انہوں نے اپنی کھڑکی میں سے جھانک کر سامنے کی طرف دیکھا۔ پٹڑی ایک ایسے راستے سے گزر رہی تھی جہاں درختوں اور کھیتوں کا منظر دعوتِ نظارہ دے رہا تھا۔ پورے راستے میں دو میل نصف قطر سے کم کا ایک بھی موڑ نہ تھا۔ انہیں یاد آ گیا' یہ ان کا پسندیدہ سفر (یا راستہ) تھا۔ مگر اس میں کیا چیز مختلف ہو گئی تھی۔ اوہ' ہاں ــــ تعمیر شدہ مکانات یہاں سے غائب ہو گئے تھے۔ جن سالوں میں وہ اور ڈیزی اس راستے پر آیا جایا کرتے تھے' ان سالوں میں جنگلات اور مرغزار آہستہ آہستہ صاف ہو گئے تھے اور سینکڑوں چھوٹے چھوٹے اینٹوں کے ڈبے (یعنی مکانات) اُگ آئے تھے جنہیں بجری اور سیمنٹ کے ربنوں (یعنی ستونوں یا لینٹروں) سے جوڑا گیا تھا اور جن کے اوپر تیز تیز روشنیاں لگا دی گئی تھیں۔ اب یہ سارا کچھ غائب ہو گیا تھا۔ درخت چاندنی میں نرمی سے ہل رہے تھے اور وسیع کھیتوں میں اپنے سائے ڈال رہے تھے۔ مسٹر گریلی نے ڈیزی کا وسل بجایا اور انہوں نے بازگشت آتی ہوئی محسوس کی جس میں ایک لومڑی کی آواز اور اُلو کی چیخ بھی شامل تھی اور جو کھیتوں کی تنہا کوٹھڑیوں کے اوپر سے ہو کر آ رہی تھی۔

لیکن ظاہر ہے کہ یہ کوئی پُراسرار بات نہ تھی۔ جس وقت نے انہیں بوڑھا کر دیا تھا'

وہ واپس پلٹ گیا تھا۔ وہ اور ڈیزی دوبارہ جوان ہو گئے تھے۔ (راہ کے) درخت (گویا) کٹے ہی نہ تھے اور مرغزار چاندنی میں چمک رہے تھے۔ مسٹر گریلی نے آستینیں اوپر چڑھائیں تو انہیں نظر آیا کہ ان کے بازوؤں پر گوشت زیادہ بھرا ابھرا تھا۔ بوڑھے آدمی کے سوکھے سڑے بازو انہیں طاقتور گولائیوں سے بھرپور تھے جو کبھی ان کے لیے عام بات تھی اور اچانک مسٹر گریلی کو سوجھا کہ اب وہ کبھی بوڑھے نہ ہوں گے۔ وہ اور سیدھے کھڑے ہو گئے، وہ اور صاف دیکھنے لگے۔ ڈیزی اپنی تمام تر گرجدار طاقت اور عظیم جسامت کے ساتھ ان کے لیے ایک دلہن کی مانند مطیع فرمان تھی۔ اور جب وہ گھر واپس جائیں گے تو انہیں پتا تھا کہ میرین ان کا انتظار کر رہی ہو گی۔ آج شام جب وہ واپس پہنچیں گے تو گھر جانے والی بس پکڑیں گے اور میرین (صفحہ 132) منتظر ہو گی۔ وہ اپنے ڈرائیوری والے کپڑے اتار دیں گے، ہاتھ منہ دھوئیں گے، کھانا کھائیں گے، اور اس رات بعد میں ایک دوسرے کو پیار کریں گے جیسے کہ وہ دونوں کیا کرتے تھے۔

ڈیزی ساٹھ میل فی گھنٹہ (کی رفتار) سے آگے بڑھتا جا رہا تھا اور اس کا دباؤ ایک سو اسی پر ٹکا ہوا تھا۔ اب راستہ ایک لمبے ایسے موڑ سے گزر رہا تھا جسے وہ پوری رفتار سے عبور کر سکتے تھے اور مسٹر گریلی نے یہ موقعہ پیچھے مڑ کر دیکھنے کے لیے مناسب خیال کیا۔ (جب انہوں نے پیچھے مڑ کر دیکھا تو) انہیں انجن کے پیچھے چلنے والی گاڑی میں بارہ بوگیاں اور ایک گارڈ کا ڈبہ نظر آئے۔

"تیرہ" مسٹر گریلی نے کہا اور دانت نکال دے۔ یہ ایک ایسا توہم تھا جس نے انہیں کبھی پریشان نہ کیا تھا۔

ڈیزی کا دھواں ان کے سروں پر سے گزرتا رہا، لوہے کی پلیٹیں نیچے تھرتھراتی رہیں، شاداب درخت آس پاس سے گزرتے رہے اور ہوا فراٹے بھرتی ان کے کانوں سے ٹکرا کر گزرتی رہی۔ جنجر اپنے بیلچے پر جھکا ہوا تھا اور مسٹر گریلی اور وہ ایک دوسرے کو مکمل طمانیت

سے دیکھ کر مسکرا رہے تھے۔ جلد ہی سفر کا اختتام ہو جائے گا' نہ جانے کس طرح' غیر متوقع طور پر' وہ اب واپسی کا سفر کر رہے تھے اور میرین کھانا چولہے پر رکھ کر بس کا انتظار کر رہی ہو گی جو انہیں گھر واپس لائے گی۔ گھر؟ (ہاں) گھر۔

مسٹر گریلی کے بستر کے پاس کھڑے ہوئے نوجوان ڈاکٹر نے مسز فاسٹر اور اس کے شوہر کی طرف دیکھ کر سر ہلایا۔

"ان کی قوتِ مدافعت (بہت) کمزور ہے" اس نے کہا "اس عمر میں آپ اس کے برعکس توقع کر بھی نہیں سکتے۔ ہم انہیں آکسیجن لگا دیں گے' ہو سکتا ہے کہ یہ بچ جائیں' ہو سکتا ہے کہ نہ بچیں۔" اس نے اپنی آنکھیں ملیں۔ وہ اس بات پر (صفحہ 133) مسلسل غصّے میں تھا کہ لوگ اس انتظار میں رہتے تھے کہ وہ (ڈاکٹر) رات کی ڈیوٹی پر آئے تو وہ مریں۔ بھلا وہ چھٹی کے دن سے پہلی شام کو کیوں نہیں مر سکتے؟

"بہرحال' ہم جو کچھ بھی کر سکتے ہیں' کریں گے" سارل فاسٹر نے کہا۔ اسے اپنے اندر ایک ہلکے پھلکے پن اور آرام کا احساس ہو رہا تھا جس پر اسے تھوڑی شرم بھی آ رہی تھی۔ جب بڑے میاں مر جائیں گے تو پچھلا کمرہ بھی ان لوگوں کے اپنے کام آ سکے گا۔ بچے اسے کھیل کود کا کمرہ بنا سکتے ہیں۔ انہیں کھیل کود کے کمرے کی ضرورت بھی تھی۔

اس کے بعد جلدی جلدی واقعات ظہور پذیر ہوئے۔ مسز فاسٹر نے چند ایک اصلی آنسو بہائے۔ ان کا بڑا لڑکا اُترلین زینے کے پاس آیا اور اسے مسٹر فاسٹر نے دھمکا کے واپس سونے بھیج دیا۔

"بے چارے اباجان" مسز فاسٹر سسکیاں لیتے ہوئے بولی "اس جگہ پر گرم رکھنے کا کوئی بھی تو انتظام نہیں تھا۔"

"قدرتی بات ہے۔ پچھتر سال ایک طویل عرصہ ہوتا ہے" ڈاکٹر نے کہا۔

"شب بخیر' عزیز ڈیزی" مسٹر گریلی نے کہا۔

ایمبولینس آگئی۔ مسٹر فاسٹر نیچے اترے اور دروازہ کھولنے لگے۔ایمبولینس کا عملہ اوپر چڑھتے وقت ہنسی مذاق کرتا رہا۔ ان لوگوں نے مسٹر گریلی کو ایک سٹریچر پر لٹایا اور جس راستے سے آئے تھے اس راستے پر احتیاط سے واپس جانے لگے۔ آرلین دوبارہ (زینے کے پاس) آیا اور مسز فاسٹر نے اسے جھڑک کر پھر (کمرے میں) سونے کو بھیج دیا۔ مسٹر گریلی فوت ہو گئے۔ جب ایمبولینس کے عملے نے سٹریچر کو آہستگی سے باہر نکالا تو مسٹر فاسٹر نے سامنے کا دروازہ کھول کر پکڑے رکھا۔ ڈاکٹر نے کہا تھا: "ہوسکتا ہے کہ وہ بچ جائیں، ہوسکتا ہے کہ نہ بچیں۔"

(صفحہ 134) اور وہ عظیم انجن جو کولیکشن کے ٹھنڈے سفید فرش پر چپ چاپ مقید کھڑا تھا، اپنی تاریخ کے ایک اور دور میں داخل ہو گیا۔

پال، الیس، میکائے

۱۷۔ برابر کی چوٹ (جیسے کو تیسا)

(صفحہ 135) کردار

اینڈی پیچ ——— ایلفی پیچ، اس کی بیوی

مسز ونسلو، جو ہال کے پرلی طرف رہتی ہیں۔

مقام: اینڈی اور ایلفی پیچ کے فلیٹ کا بڑا کمرہ۔

وقت: موسم بہار میں ہفتے کے دن کا ایک سہ پہر۔

منظر

کمرہ دلکش انداز سے سجا ہوا ہے۔ وسط میں پیچھے کی طرف ایک دروازہ ہے جو

عمارت کی راہداری میں کھلتا ہے۔ سٹیج کے بائیں جانب ایک دروازہ ہے جو کھانے کے کمرے میں کھلتا ہے۔ سٹیج کے اگلے حصے میں دائیں جانب ایک صوفہ رکھا ہوا ہے۔ صوفے کے پیچھے ایک میز ہے۔ دائیں دیوار پر ایک آئینہ لٹکا ہوا ہے۔ سٹیج کے اگلے حصے میں بائیں جانب ایک کرسی پڑی ہے۔

جب پردہ اٹھتا ہے تو سٹیج خالی پڑا ہوا ہے۔ ذرا سے توقف کے بعد پچھلے وسطی دروازے سے الفی پیج داخل ہوتی ہے۔ وہ عمدہ کپڑوں میں ملبوس ایک نوجوان لڑکی ہے جس کی عمر کوئی پچیس چھبیس سال کے قریب ہے۔ نئے نئے ملبوسات خریدنے پر وہ زیادہ رقم خرچ کرنا نہیں چاہتی مگر شوق کے ہاتھوں مجبور ہو جاتی ہے۔ اس نے ایک ہیٹ اور موسم بہار کے لیے مناسب کوٹ پہنا ہوا ہے۔ اس کے ہاتھ میں ہیٹ کا ایک ڈبہ ہے۔ وہ ذرا سی دیر تک دروازے میں متذبذب کھڑی رہتی ہے۔

(صفحہ 136) الفی، (پکارتے ہوئے) اینڈی! (کوئی جواب نہیں) اینڈی کیا تم گھر میں ہو؟ (اب بھی کوئی جواب نہیں۔ وہ احتیاط سے اپنے ارد گرد نظر ڈالتی ہے)۔ تمہیں یقین ہے نا اینڈی کہ تم گھر پر نہیں؟ (الفی میز کی طرف جاتی ہے اور ہیٹ کا ڈبہ اس پر رکھ دیتی ہے۔ پھر وہ جلدی سے اپنا ہیٹ اور کوٹ اتار دیتی ہے اور ساتھ ساتھ ایک شوخ سی دھن گنگناتی جاتی ہے۔ وہ ہیٹ اور کوٹ لیے سٹیج عبور کرتی ہے اور بائیں طرف سے باہر نکل جاتی ہے۔ ایک ہی لمحے میں وہ ہیٹ اور کوٹ ساتھ کے کمرے میں رکھ کر پھر اندر آ جاتی ہے۔ وہ میز کی جانب جاتی ہے اور خوشگوار توقع سے ڈبہ کھولتی ہے۔ اس میں سے وہ ایک ہیٹ باہر نکالتی ہے جو شوخ رنگ کا اور انتہائی جدید وضع کا ہے۔ وہ آئینے کی جانب بڑھتی ہے اور پھر ہیٹ کو بڑے بانکپن کے ساتھ سر پر رکھتی ہے۔ وہ انتہائی اطمینان سے آئینے میں اپنے آپ کو دیکھ رہی ہوتی ہے کہ پچھلے وسطی دروازے سے اینڈی پیج داخل ہوتا ہے۔ وہ تقریباً

تیس سال کا توانا، خوش شکل اور بنا سنورا شخص ہے۔ اینڈی دروازے میں ٹھٹکتا ہے۔ ایلفی چونک کر پیچھے کو مڑتی ہے) اوہ۔ یہ۔۔۔۔۔ یہ تم ہو اینڈی۔ (صاف ظاہر ہے کہ وہ پریشان ہے) تم ـــــ تم گھر پر ہو، ہیں نا؟

اینڈی: (سرد مہری سے ہیٹ کو گھورتے ہوئے) یہ تم نے کہاں سے لیا؟

ایلفی: (معصومیت سے) کیا، اینڈی؟

اینڈی: وہ ہیٹ۔

ایلفی: یہ مَم ـــــ میں نے آج سہ پہر سے لیا ہے ـــــ

اینڈی: (آگے کی طرف بائیں جانب کو آتے ہوئے اور کرسی پر اپنا ہیٹ پھینکتے ہوئے) (صفحہ 137) ایلفی ہیج تم نے مجھ سے وعدہ کیا تھا کہ تم (اس قسم کی) خریداری بند کر دو گی۔

ایلفی: اینڈی، اب شروع نہ ہو جانا۔

اینڈی: کیا ہم نے ایک دوسرے سے وعدہ نہیں کیا تھا کہ ہم کپڑوں اور اشیائے تعیش پر اخراجات کم کر دیں گے؟

ایلفی: ہاں ـــــ کیوں نہیں! (جرأت سے) اور پیارے، میں اخراجات میں کمی کرتی رہی ہوں۔ (وہ ہیٹ اتار دیتی ہے اور آہستہ سے میز پر رکھے ہوئے ڈبے میں رکھ دیتی ہے)۔

اینڈی: مجھے ایک مثال تو دو۔

ایلفی: ہاں، مَم ـــــ میں نے ابھی پچھلے ہی ہفتے اپنے بالوں کو خود شیمپو سے دھویا تھا۔ اس طرح پچھتر سینٹ کی بچت ہوئی۔ (ہشاش بشاش نظر آنے کی کوشش کرتی ہے۔) اور اس ہفتے میں اور زیادہ بچت کروں گی۔ میں دو دفعہ شیمپو سے بال دھوؤں گی اور ڈیڑھ ڈالر بچاؤں گی!

اینڈی: الفی، ہمیں کپڑے خریدنا بند کرنا ہوگا۔ پہلے بھی ہم دس بارہ مرتبہ اس بات کا فیصلہ کر چکے ہیں۔

الفی: اچھا، اینڈی ——

اینڈی: تمہارے پاس جتنے کپڑے ہیں، وہ تین عورتوں کا جسم ڈھانپنے کے لیے کافی ہیں۔

الفی: جن عورتوں کا تم سوچ رہے ہو، وہ بے انتہا ہی چھوٹی ہوں گی۔

اینڈی: (اس صورت میں) ہم اگر کوئی پیش رفت نہیں کرتے تو اس میں حیرت کی بات نہیں!

الفی: اگر تمہیں معلوم ہو کہ بعض چیزیں کتنی (سستی) ——

(صفحہ 138) اینڈی: وہ چیزیں تو مجھے نظر آ رہی ہیں۔ ان میں سے زیادہ تر تو بالآخر اس فلیٹ میں آ جاتی ہیں۔

الفی: لیکن پیارے، یہ ہیٹ تو سمجھو کہ مفت ہی مل گیا ہے۔

اینڈی: کتنے میں؟

الفی: (کچھ توقف کے بعد) بس —— دس ڈالر میں۔

اینڈی: (چیختے ہوئے) گویا تم یہ کہنا چاہتی ہو کہ تم نے اس واہیات چیز کے لیے دس ڈالر دیئے ہیں؟ (کراہتا ہے) تم تو جو چیز بھی دیکھ لو، اٹھا لاتی ہو اور بل مجھے ادا کرنے پڑتے ہیں!

الفی: (تمکنت سے) ہاں، یہ تو دستور کے مطابق ہے!

اینڈی: سنو الفی، میں صرف تمہارا شوہر ہوں، سرکاری ٹکسال نہیں! (اس کی آواز بلند ہو جاتی ہے) کاش، ان بے کار چیزوں کی قیمت ادا کرنے کے لیے تمہیں خود روپیہ کمانا پڑتا! خدا گواہ ہے کہ میں تو ہر اس چیز کے پیچھے نہیں بھاگتا جو نظر میں سما جائے۔

ایفی : تم ظالم اور بے رحم ہو۔ میں کہے دیتی ہوں کہ تم ایسے ہی ہو! (وہ صوفے پر بیٹھ جاتی ہے۔ اس کی آواز روہانسی ہے۔)

اینڈی : (ناصحانہ انداز سے) کتنے گھرانے ایسے ہیں جنہیں بیوی کی فضول خرچی نے اجاڑ دیا ہے۔

ایفی : اگر تم یہ سمجھتے ہو کہ یہ سستا سا چھوٹا سا ہیٹ خرید کر میں فضول خرچ ہو گئی ہوں تو۔۔۔۔

اینڈی : (جذبات سے عاری) تم یہ ہیٹ نہیں خریدو گی۔ تمہیں یہ واپس کرنا ہو گا!

ایفی : (غصے سے) اینڈی ہیج، تم بس مجھے ہی دیکھتے رہتے ہو!

(صفحہ 139) اینڈی : ہاں، اب میں یہی کیا کروں گا — دن رات!

(پچھلے وسطی دروازے پر دستک ہوتی ہے)

ایفی : کون ہے بھئی؟

اینڈی : بل وصول کرنے والے کے علاوہ بھلا اور کون ہو سکتا ہے؟

(اینڈی سٹیج کے پچھلے حصے کے مرکز کی طرف جاتا ہے۔ وہ دروازہ کھولتا ہے۔ دروازے کے عین سامنے مسز ونسلو کھڑی ہیں۔ وہ سینتیس اڑتیس سال کی نہایت دلکش خاتون ہیں۔ وہ عمدہ لباس میں ملبوس ہیں۔ انہوں نے ایک سوٹ کا ڈبہ اٹھایا ہوا ہے۔)

مسز ونسلو : (بشاشت سے) دوپہر بخیر۔

اینڈی : ہیلو، مسز ونسلو۔

ایفی : (اٹھتے ہوئے) اندر آجائیے عزیز خاتون۔

مسز ونسلو : (سٹیج پر آگے کو آتے ہوئے) کیا آپ کچھ مصروف ہیں؟

ایفی : نہیں، اس لمحے تو میں کسی بھی آنے والے کو خوش آمدید کہوں گی!

مسز ونسلو: (ذرا سے توقف کے بعد) لگ — کیا کچھ جھگڑا ہو گیا ہے؟

الفی: ہاں، ابھی ابھی مجھے اس غلطی کا احساس ہوا ہے جو میں نے شادی کے دن کی تھی۔

اینڈی: (احتجاج آمیز لہجے میں) الفی، بس اب۔۔۔۔

مسز ونسلو: (ہچکچاتے ہوئے) اگر میں دخل در معقولات کر رہی ہوں تو۔۔۔

الفی: نہیں، آپ دخل نہیں دے رہی ہیں۔ میں تو چاہتی ہوں کہ آپ سارا دن یہیں ٹھہریں۔

(صفحہ ۱۴۵) مسز ونسلو: (کھنکتے قہقے کے ساتھ) ہاں میری جان، مگر ہال کے دوسری طرف میرا اپنا بھی تو ایک فلیٹ ہے۔

(وہ صوفے پر بیٹھ جاتی ہے)

الفی: ہاں، اور یہ بہت خوبصورت فلیٹ ہے۔ (گہری آہ بھرتی ہے۔) آپ خوش نصیب ہیں۔

مسز ونسلو: مجھے اندیشہ ہے کہ (شاید) ایسا نہیں۔

الفی: میں شرط لگا سکتی ہوں کہ اس ڈبے میں اس وقت ایک نیا کوٹ موجود ہے۔

(وہ اس ڈبے کی طرف اشارہ کرتی ہے جسے مسز ونسلو نے اپنے قریب صوفے پر رکھ لیا ہے)

مسز ونسلو: آپ کا اندازہ غلط ہے۔ میں سچ کہتی ہوں کہ میں ایک نیا کوٹ خریدنے کی استطاعت نہیں رکھتی۔

اینڈی: (مسز ونسلو سے) میری بیوی اس قسم کی زبان نہیں سمجھتی۔

الفی: (غصے کے ساتھ، اینڈی کو) مسز ونسلو مجھ سے ملنے آئی ہیں اینڈی۔

مسز ونسلو: (آرام سے) میں آپ دونوں ہی سے ملنے آئی ہوں۔

اینڈی: (خشک لہجے میں) شکریہ ۔۔۔ لیکن میں معافی چاہتا ہوں۔ میں ذرا ایک سار خریدنے کے لیے موڑ تک جا رہا ہوں۔

(وہ ہیٹ اٹھاتا ہے اور سٹیج کے پچھلے وسطی حصّے کی طرف جاتا ہے۔)

(صفحہ ۱۴۱) الفی: (تلخ لہجے میں، اینڈی سے) دیکھنا! پانچ سینٹ سے زیادہ نہ خرچ کرنا۔ تمہیں پتا ہے کہ ہمیں اخراجات کم کرنا ہیں۔

(اینڈی زور سے سر پر ہیٹ رکھ لیتا ہے اور باہر نکل جاتا ہے۔)

مسز ونسلو: (کچھ دیر کے بعد) عزیز خاتون۔ ہم ـــــ میں آپ کے معاملات کی کھوج نہیں کرنا چاہتی ـــــ مگر کیا آپ اور آپ کے شوہر میں کوئی غلط فہمی پیدا ہو گئی ہے؟

الفی: (بائیں جانب پڑی ہوئی کرسی پر بیٹھتے ہوئے) غلط فہمی تو اس کے لیے بہت ہی معمولی لفظ ہے۔

مسز ونسلو: مجھے افسوس ہے ـــــ سچ مچ افسوس ہے!

الفی: یہ سارا جھگڑا ایک فضول سی چھوٹی سی خریداری پر ہوا ہے۔ (تیزی سے) لیکن مسز ونسلو، بہرحال ایک عورت نے کپڑے تو پہننا ہوتے ہیں نا!

مسز ونسلو: (ہنستے ہوئے) میرا بھی یہی خیال ہے!

الفی: اینڈی کا خیال ہے کہ میں دنیا کی سب سے فضول خرچ عورت ہوں۔ وہ کہتا ہے کہ اگر بل مجھے ادا کرنے پڑیں تو میں زیادہ سوچ سمجھ سے کام لوں گی۔ کیا آپ ایک آدمی کو اس طرح کی گفتگو کرتے ہوئے تصور کر سکتی ہیں؟

مسز ونسلو: ہاں، میرا خیال ہے کہ میں کر سکتی ہوں۔

الفی: آج صبح میں نے ایک سستا سا ہیٹ بازار سے خرید لیا۔

مسز ونسلو: میں سمجھ گئی، اور عزیز شوہر کو اس پر اعتراض ہے۔

(صفحہ 142) الفی : اعتراض ؟ اس نے تو آسمان سر پر اٹھالیا ہے۔

مسز ونسلو : (ذرا سے توقف کے بعد) مسز ہیج، کیا آپ میری صلاح لیں گی ؟

الفی : بالکل ! (آخر) آپ ایک عورت ہیں۔

مسز ونسلو : ٹھیک ہے۔ میرا خیال ہے کہ آپ کے شوہر بالکل درست کہتے ہیں۔

الفی : (بے انتہا حیرت سے) مسز ونسلو !

مسز ونسلو : آپ کو مجھ سے اس رائے کی توقع نہیں تھی۔

الفی : لیکن میں اتنی کنجوسی بھلا کیوں کروں ؟ آخر جب اس نے مجھ سے شادی کی تھی تو وہ جانتا تھا کہ اسے مجھے کپڑے بھی پہنانا پڑیں گے۔ (غصے سے) کاش، میرے پاس اپنے روپے ہوتے۔ پھر میں اسے دکھاتی !

مسز ونسلو : آپ کو اپنے شوہر سے محبت ہے، ہیں نا ؟

الفی : ہاں —— ہے، بہرحال زیادہ وقت تو محبت ہی رہتی ہے۔

مسز ونسلو : اور آپ انہیں اپنا شوہر ہی رکھنا چاہتی ہیں، ہیں نا ؟

الفی : (ششدر رہ گئی ہے) کیوں نہیں، میں انہیں اپنا شوہر ہی رکھنا چاہتی ہوں۔

مسز ونسلو : تو بس، وہی کرو جو وہ کہتے ہیں۔

الفی : (کچھ توقف کے بعد) آپ ایسا کیوں کہتی ہیں ؟

مسز ونسلو : (آہ بھرتے ہوئے) مجھے اور جارج کو بھی اسی مسئلے کا سامنا کرنا پڑا تھا۔

(صفحہ 143) الفی : جارج ؟

مسز ونسلو : (ہاں میں سر ہلاتے ہوئے) میرے —— سابقہ شوہر۔

الفی : آ—— آپ نے پہلے کبھی ان کا ذکر نہیں کیا۔ . . . ان تینوں مہینوں میں جب سے آپ یہاں ہمارے قریب رہ رہی ہیں آپ نے کبھی ان کا ذکر نہیں کیا۔

مسز ونسلو : ہوں . . . عزیز خاتون، بات یہ ہے کہ قصور میرا ہی تھا۔

ایلفی: قصور؟ کیسا قصور؟

مسز ونسلو: وہ چاہتے تھے کہ میں روپیہ بچاؤں۔ میں چیزیں خریدتی رہتی تھی اور سمجھتی رہتی تھی کہ مجھے ان کی ضروریات ہے۔۔۔۔ ایسی چیزیں خریدتی رہتی تھی جو واقعی ضروری نہیں ہوتی تھیں۔

ایلفی: (بڑھتی ہوئی بے چینی سے) آ — آپ میں لڑائی ہو گئی تھی؟

مسز ونسلو: (اداسی سے سر ہلاتے ہوئے) اور جارج مجھے چھوڑ کر چلے گئے۔

ایلفی: (اٹھتے ہوئے) اوہ بے چاری! مجھے آپ سے ہمدردی ہے!

مسز ونسلو: مجھ پر اپنی ہمدردی ضائع نہ کیجئے۔ قصور میرا ہی تھا۔ جارج تو صرف ہمارے مستقبل سوچتے تھے لیکن میں ان کی بات نہیں مانتی تھی اور پھر — پھر بہت دیر ہو گئی!

ایلفی: اُنوہ! چچ چچ!

مسز ونسلو: (جذباتی انداز میں) میرے پاس کچھ بھی نہ رہا سوائے یادوں کے — سوائے تلخ یادوں کے!

(صفحہ ۱۴۴) ایلفی: کیا انہوں نے (پھر) واپس نہیں آنا چاہا؟

مسز ونسلو: (غمگین لہجے میں) نہیں۔

ایلفی: جب آپ نے فضول خرچی نہ کرنے کا وعدہ کیا، تب بھی نہیں؟

مسز ونسلو: انہوں نے مجھے یہ وعدہ بار — بار کرنے کا موقع ہی نہ دیا۔

(خاموشی کا ایک وقفہ آتا ہے۔ ایلفی کے چہرے پر آہستہ آہستہ خوف و ہراس کے سائے پھیلنے لگتے ہیں)

ایلفی: (آخر کار) کک — کیا آپ کے خیال میں اینڈی بھی ایسی حرکت کر سکتا ہے؟

مسز ونسلو: اگر میں آپ کی جگہ ہوتی عزیز خاتون، تو کوئی خطرہ مول نہ لیتی۔

الفی: (آہستگی سے الگ ـــ کیا آپ کا خیال ہے کہ میں اس معاملے میں ـــ غلطی پر ہوں؟

مسز ونسلو: ہاں مجھے اس بات کا پورا یقین ہے۔ اور اگر آپ اپنے شوہر کو سچ مچ ساتھ رکھنا چاہتی ہیں ـــ

الفی: ہاں ہاں، میں چاہتی ہوں بھئی!

مسز ونسلو: تو جاگ جاؤ، ابھی وقت ہے جاگ جاؤ۔

الفی: (اچانک فیصلے کے انداز میں) میں ـــ بس میں وہ ہیٹ واپس کر دوں گی!

مسز ونسلو: (اداسی سے) کاش میں بھی اتنی ہی عقل مند ہوتی!

الفی: (غم سے) یہ ہیٹ ہے کتنا دلکش ـــ

(صفحہ 145) مسز ونسلو: لیکن یہ شوہر کا بدل نہیں ہو سکتا۔ میں جانتی ہوں۔

الفی: ہُم ـــ میں بہت ہی خوش ہوں کہ آپ نے مجھے یہ سب کچھ بتا دیا ہے۔ (مضبوطی سے) میں اب ایک بالکل مختلف عورت بن جاؤں گی۔

مسز ونسلو: (اٹھتے ہوئے) آپ کو اس بات پر کبھی پچھتاوا نہیں ہوگا۔ (وہ سٹیج کے پچھلے حصے کی طرف جاتی ہے) اگر ایک بار محبت ہاتھ سے چلی جائے تو اسے دوبارہ حاصل کرنا کتنا مشکل ہوتا ہے۔

الفی: ہُم ـــ میں نے تو کبھی یہ سوچا ہی نہ تھا۔

مسز ونسلو: اچھا، اب مجھے جھٹ پٹ چلنا چاہیئے۔

(الفی دیکھتی ہے کہ مسز ونسلو نے سوٹ کا ڈبہ وہیں صوفے پر چھوڑ دیا ہے)

الفی: آپ کا ڈبہ، مسز ونسلو ـــ

مسز ونسلو: (رکتے ہوئے) اوہ، میں تو بھول ہی چلی تھی۔ میں اصل میں اسی لیے آپ کے ہاں آئی تھی۔ یہ آپ کے لیے ہے۔

الفی : (حیرت سے) میرے لیے ؟
مسز ونسلو : شاید مجھے یہ کہنا چاہیئے کہ آپ کے شوہر کے لیے ہے. یہ ایک سوٹ ہے، یہ جارج کا تھا.
الفی : میں سمجھی نہیں.
مسز ونسلو : یہ کبھی پہنا نہیں گیا. جب — جب جارج مجھے چھوڑ کر چلے گئے تو یہ سوٹ میرے پاس ہی رہ گیا. میں چاہتی ہوں کہ آپ کے شوہر اسے لے لیں.
(صفحہ 146) الفی : (حیران ہے) کیوں مسز ونسلو ؟
مسز ونسلو : (پھرتی سے) خیرات کے طور پر نہیں. ذرا سمجھنے کی کوشش کریں نا. اس لیے کہ یہ کسی کے کام آجائے. بس، ذرا آپ کے شوہر اور جارج ایک ہی جسامت کے ہیں نا —
الفی : اور آپ یہ سوٹ الفی کو دینا چاہتی ہیں ؟
مسز ونسلو : اگر وہ اسے قبول کر لیں تو.
الفی : بہت بہت عنایت آپ کی. مگر میں نہیں سمجھتی —
مسز ونسلو : یہ کئی مہینوں تک الماری میں لٹکا رہا ہے اور مم — مجھ سے اسے دیکھا نہیں جاتا.
(وہ غمگین انداز سے آنسو پونچھ کر آنکھیں خشک کرتی ہے)
الفی : مت روئیے، عزیز خاتون، مت روئیے.
مسز ونسلو : (اوپر کو دیکھتے ہوئے) تو آپ اسے لے لیں گی نا ؟
الفی : ہاں ہاں — اینڈی آپ کا بہت ممنون ہو گا.
مسز ونسلو : مجھے یہی توقع ہے. (دھیمی سی مسکراہٹ کے ساتھ) آپ یہ سوٹ انہیں دے کر حیران کر ڈالیں.

الفی : بے شک! اور اس بار میں اسے کوئی چیز دے رہی ہوں گی (تیزی سے) آپ کی بدولت!

مسز ونسلو : یہ ظاہر کرنا کہ آپ ان سے تعاون کرنا چاہتی ہیں۔ جب انہیں یہ معلوم ہوگا کہ (صفحہ 147) یہ تحفہ آپ نے ان کے لیے قبول کیا ہے تو وہ محسوس کریں گے کہ آپ ان کی حقیقی ساتھی ہیں!

الفی : (بڑھتے ہوئے جوش و خروش سے) بالکل، بالکل!

مسز ونسلو : ان پر ثابت کیجئے کہ آپ بھی سمجھنے سوچنے والا ذہن رکھتی ہیں۔

الفی : ہوں، ایک سمجھنے سوچنے والا ذہن۔ اینڈی تو یہ دیکھ کر حیران ہی رہ جائے گا۔

مسز ونسلو : آپ تو بڑی اچھی سی، سمجھدار سی بیوی ہیں۔

الفی : اور آج ہی سہ پہر کو میں وہ ہیٹ واپس کراؤں گی۔

مسز ونسلو : ایسا کر کے آپ کو بالکل بھی افسوس نہیں ہوگا عزیز خاتون۔

الفی : (مسز ونسلو پچھلے وسطی دروازے کی طرف جا رہی ہے) مسز ونسلو، میں آپ کی بہت احسان مند ہوں۔

مسز ونسلو : (ڈرامائی لہجے میں) اگر میں آپ کے کسی کام آسکی ہوں تو لگتا ہے کہ میرا دکھ بے فائدہ نہیں گیا۔

الفی : آپ تو بہت اچھی سہیلی ہیں۔

مسز ونسلو : مجھے ضرور بتائیے گا کہ اینڈی کو یہ سوٹ پسند آیا یا نہیں۔

الفی : (ہاں میں سر ہلاتے ہوئے) میں اسے ذاتی طور پر بھیجوں گی آپ کا شکریہ ادا کرنے۔

مسز ونسلو : مہربانی ہوگی! (مسکراتے ہوئے) خدا حافظ، عزیز خاتون۔

(صفحہ 148) الفی : خدا حافظ۔ شاید میں بھی آپ کے کسی کام آسکوں جب آپ کبھی دوسرا شوہر کرلیں یا کچھ اور چاہیں۔

(مسز ونسلو پچھلے وسطی دروازے سے باہر نکل جاتی ہے۔ الفی آہستہ آہستہ سٹیج کے سامنے وسطی حصے میں آتی ہے۔ وہ ہیٹ کے ڈبے کو اشتیاق سے دیکھتی ہے۔ پھر آخر کار وہ میز کی طرف جاتی ہے اور ڈبے کا ڈھکنا کھولنے لگتی ہے مگر ایک نئی قوت ارادی سے کام لے کر ڈھکنا بند کر کے بائیں جانب چل دیتی ہے۔ وہ صوفے سے آہستگی کے ساتھ سوٹ کا ڈبہ اٹھاتی ہے اور پھر بائیں طرف کے دروازے سے نکل جاتی ہے۔ ذرا سی دیر کے بعد اینڈی پچھلے دروازے سے داخل ہوتا ہے۔ وہ ایک رسالہ لیے ہوئے ہے۔ جونہی وہ سٹیج کے سامنے والے حصے میں پہنچتا ہے، الفی بائیں جانب سے اندر آتی ہے۔)

الفی : (بہت جذبے سے) میری جان! (وہ اس کی طرف دوڑ کر جاتی ہے اور اسے چوم لیتی ہے) اوہ! میں بھی کتنی بے وقوف تھی!

اینڈی : (چونکتے ہوئے) تم کس چیز کا ذکر کر رہی ہو؟

الفی : ہیٹ کا، مجھے اس کی ضرورت نہیں اینڈی اور میں اسے واپس کر رہی ہوں۔

اینڈی : الفی، سچ کہہ رہی ہو نا تم؟

الفی : ایک ایک لفظ۔ تم ٹھیک کہتے تھے۔ میں ہی خود غرض تھی۔ مگر اب میں بدل چکی ہوں! ہمیں مستقبل کے بارے میں سوچنا چاہیے، ہمیں کفایت کرنی چاہیے۔

اینڈی : ہائیں، کیا ہوتا رہا ہے یہاں؟

الفی : (روہانسی سی) اوہ! میں ہی اندھی تھی —— اور کھوکھلی!

اینڈی : (نرمی سے) بھئی اب بس بھی ——

(صفحہ 149) الفی : آخر تم مجھ سے محبت کرتے ہو نا اینڈی، کرتے ہو نا؟

اینڈی : ہاں ہاں، کیوں نہیں۔ مگر میں ——

الفی: بس، مجھے اور کسی چیز کی پرواہ نہیں۔ اب میں تمہاری بھلائی کے متعلق سوچوں گی۔ اب میں روپیہ بچاؤں گی۔

اینڈی: (الفی کو بازوؤں میں تھامتے ہوئے) میری جان، تم ٹھیک تو ہونا؟

الفی: بس میں یہی سننا چاہتی ہوں۔ اس کے بدلے میں مجھے کوئی سوہیٹ بھی دے تو نہ لوں۔ (مسکراتے ہوئے) ٹھہرو، میں تمہیں کچھ اور بھی بتانے والی ہوں۔

اینڈی: کچھ اور کیا؟

الفی: ایک بہت ہی حیرت انگیز بات ہوئی ہے۔۔۔ (وہ رکتی ہے اور ملتجیانہ نظروں سے اینڈی کی طرف دیکھتی ہے) اینڈی، مجھے بس تمہاری ضرورت ہے۔ میں۔۔۔ میں ابھی بیوہ ہونا نہیں چاہتی۔

اینڈی: ہاں، میرا بھی یہی اندازہ ہے! (وہ مسکراتے ہوئے اس کی طرف دیکھتا ہے) تم نے میرا دل باغ باغ کر دیا ہے۔

الفی: ابھی تو میں تمہیں اور بھی خوش کرنے والی ہوں۔ میرے پاس تمہارے لیے ایک حیران کن چیز ہے۔

اینڈی: (اچانک فکر مند نظر آتے ہوئے) تم نے اور کوئی چیز تو نہیں خرید لی ہے؟

الفی: نہیں بھئی، یہ تو ایک تحفہ ہے۔ اور یہ تمہارے لیے ہے۔

(اچانک بائیں جانب سے ایک زوردار دستک کی آواز آتی ہے۔ الفی اینڈی کے بازوؤں میں سے نکل کر پرے ہٹ جاتی ہے۔)

صفحہ ۱۵۰ اینڈی: یہ کیا تھا؟

الفی: پچھلے دروازے پر کوئی ہے۔ میں جا کے دیکھتی ہوں۔ (وہ بائیں طرف جاتی ہے، پھر اینڈی کی طرف مڑتی ہے) اینڈی، تم مجھے چھوڑ کر چلے تو نہیں جاؤ گے؟ ہیں نا!

اینڈی : (چونکتے ہوئے) اوہ! (وہ مسکرانے لگتا ہے) اب تم مجھ سے پیچھا نہیں چھڑا سکتیں پیاری۔

(الفی بائیں جانب سے باہر نکل جاتی ہے۔ اینڈی ایک لمحے کے لیے بے حس و حرکت کھڑا رہتا ہے اور پھر بائیں دروازے کی طرف جاتا ہے۔ یہ اطمینان کرکے کہ الفی پچھلے دروازے پر پہنچ چکی ہے، وہ بایاں دروازہ بند کر دیتا ہے اور سٹیج کے پچھلے حصّے کی طرف جاتا ہے۔ وہ پچھلا وسطی دروازہ کھول دیتا ہے۔ مسز ونسلو سامنے کھڑی ہیں۔)

مسز ونسلو : (مسکراتے ہوئے) ہیلو۔

اینڈی : بس، میں آپ ہی سے ملنا چاہتا تھا۔ اندر آجائیے۔

مسز ونسلو : (کمرے میں جھانکتے ہوئے) اندر آنے میں کوئی خطرہ تو نہیں؟

اینڈی : بالکل نہیں۔ الفی پچھلے دروازے پر کسی سے باتیں کر رہی ہے (مسز ونسلو اندر آجاتی ہیں) ذرا سنیئے تو سہی کہ کیا ہوا ہے۔

مسز ونسلو : میں سب کچھ سن چکی ہوں۔ جب سے آپ واپس آئے ہیں، میں اس دروازے کے باہر کھڑی ہوں۔ (خوش ہوتے ہوئے) منصوبہ کامیاب رہا ہیں نا؟ (وہ سٹیج کے اگلے حصّے کی طرف آتی ہیں۔)

اینڈی : (ہنستے ہوئے) بالکل! آپ کی مہربانی سے!

(صفحہ ۱۵۱) مسز ونسلو : یہ تو بہت آسان کام تھا۔ ساری بات بس خود بخود ہی بنتی چلی گئی۔

اینڈی : واقعی! الفی اب بالکل ایک مختلف عورت ہے۔ وہ تو صبح خریدا ہوا ہیٹ بھی واپس کر رہی ہے۔

مسز ونسلو : اور اگر میں نے الفی کو ٹھیک سمجھا ہے مسٹر ہیچ، تو وہ آئندہ کئی مہینے مزید کپڑے نہیں خریدے گی۔

اینڈی: آپ نے اسے یقیناً کوئی بہت ہی مایوس کن کہانی سنائی ہوگی۔

مسز ونسلو: ہاں، بالکل! میں نے اسے بتایا تھا کہ میری فضول خرچی نے میرا خوشیوں بھرا گھر اجاڑ دیا تھا۔

اینڈی: (دانت نکالتے ہوئے) وہ خوفزدہ ہے کہ کہیں اسی طرح سے وہ بھی مجھے نہ کھو دے۔ آپ نے اس کی آنکھوں میں کرب تو دیکھا ہوگا!

مسز ونسلو: میں نے اس سے کہا کہ جارج مجھے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے چھوڑ کر چلا گیا۔ ذرا دیکھنا تو سہی کہ جب بیچارے جارج کو اس ڈرامے کا پتا چلے گا تو۔

اینڈی: آپ کو یقین ہے نا کہ جارج آج کل میں کسی دن اِدھر نہیں آ نکلے گا؟

مسز ونسلو: فکر نہ کریں۔ اس کا علاقہ مغربی ساحل پر ہے اور میں اگلے مہینے وہیں اس کے پاس جا رہی ہوں۔

اینڈی: اپنے شوہر سے کہیئے گا کہ میں ان کی سفر کی ملازمت سے بہت خوش ہوں۔

مسز ونسلو: خوش قسمتی سے آپ کی بیوی نے پہلے کبھی مجھ سے میرے شوہر کے متعلق نہیں پوچھا تھا (صفحہ 52)، اور آپ نے دیکھ ہی لیا ہوگا کہ وہ سوٹ کی کہانی کو کتنی آسانی سے مان گئی!

اینڈی: ہوں! وہ بہت خوش ہے کہ اس کے پاس مجھے حیران کر دینے والی کوئی چیز موجود ہے!

مسز ونسلو: (آہستہ سے) مجھے امید ہے کہ ایلی کو کبھی بھی پتا نہ چلے گا کہ سوٹ خود آپ نے خریدا تھا۔

اینڈی: (آرام سے) نہیں۔ اس بات کا بالکل کوئی امکان نہیں! آپ کی دردناک کہانی نے سب کام ٹھیک کر دیا ہے!

مسز ونسلو : اسے کبھی سچائی کی ہوا بھی نہ لگنے دینا مسٹر پیج !

اینڈی : (سیٹی بجاتے ہوئے) بالکل نہیں! اگر اسے معلوم ہو گیا کہ آج میں نے ایک سوٹ پر پچاس ڈالر خرچ کئے ہیں ـــ اور آپ کے ہاتھوں اسے یہاں تک بھجوایا ہے ـــ تو وہ آسمان سر پر اٹھا لے گی!

مسز ونسلو : (ہلکے سے قہقہے کے ساتھ) کہانی سناتے ہوئے تو مجھے خود یہ یقین ہو چلا تھا کہ سوٹ واقعی جارج کا تھا.

اینڈی : (دانت نکالتے ہوئے) آپ سچ مچ ایک ذہین عورت ہیں.

مسز ونسلو : ہاں، شادی بیاہ کے معاملے میں مجھے تقریباً سبھی (باتوں کے) جواب آتے ہیں.

اینڈی : لیکن مجھے تو یہ خیال بھی نہ تھا کہ آپ سوٹ کے ساتھ ساتھ اسے کفایت کا سبق بھی دے دیں گی.

مسز ونسلو : یوں سمجھ لیجئے کہ یہ ایک اضافی خدمت ہے مسٹر پیج، جو میں نے کی ہے.

(صفحہ 153) اینڈی : (آہستہ سے ہنستے ہوئے) میں نے ابھی ابھی کپڑوں پر پچاس ڈالر خرچ کر دیے ہیں اور میری بیوی اب اخراجات میں کفایت کرنے چلی ہے. یقین نہیں آتا اس بات کا!

مسز ونسلو : جب میں نے اسے جارج کے چلے جانے کے بارے میں بتایا تھا تو وہ باقاعدہ کانپ گئی تھی.

اینڈی : کاش میں اسے اُس وقت دیکھ سکتا!

مسز ونسلو : (لطف لیتے ہوئے) اب وہ آپ کی ساتھی بن کے رہے گی. وہ آپ کو آپ کا اپنا ـــ پچاس ڈالر نقد کا سوٹ پیش کر کے آپ پر ثابت کر دے گی.

وہ کتنی سمجھ بوجھ رکھتی ہے۔

الفی : (سٹیج کے باہر بائیں جانب سے پکارتے ہوئے) اینڈی' ارے بھئی اینڈی !

اینڈی : (مسز ونسلو سے) جلدی کیجئے! وہ آرہی ہے !

مسز ونسلو : (سٹیج کے پچھلے حصّے کی طرف سے بڑھتی ہوئی) خود آکر سوٹ کے لیے میرا شکریہ ادا کرنا نہ بھولئے گا۔ اسے بھی یہ توقع ہے۔

(مسز ونسلو وسطی دروازے سے باہر نکل جاتی ہیں۔ جونہی الفی بائیں دروازے سے داخل ہوتی ہے تو اینڈی سٹیج کے پچھلے حصّے کی طرف جاتا ہے۔)

الفی : (اطمینان سے) اوہ اینڈی تم مجھے چھوڑ کر تو نہیں گئے' ہیں نا؟

اینڈی : تمہیں یہ خیال کیسے آیا کہ میں تمہیں چھوڑ کر چلا جاؤں گا؟

الفی : بس' تم ــــ مجھے (وقفہ) تم جانتے ہو نا کہ میں اچھی بیوی بننا چاہتی ہوں، ہیں نا؟

(صفحہ ۱۵۹) اینڈی : ہاں' میں جانتا ہوں !

الفی : ہم بالکل (اچھے) ساتھی بن کے رہیں گے۔

اینڈی : یقیناً۔

الفی : اور میں تم پر ثابت کر دوں گی کہ میں سمجھ دار بھی ہوں ــــ اور ذہین بھی۔

اینڈی : تمہیں یہ ثابت کرنے کی ضرورت نہیں۔ تم نے پہلے ہی مجھے دنیا کا سب سے زیادہ مسرور آدمی بنا دیا ہے الفی۔

(وہ اسے پیار سے باہنوں میں لے لیتا ہے)

الفی : (سکون سے) اوہ اینڈی !

اینڈی : اور اب بتاؤ وہ حیران کن چیز کیا ہے جس کا تم نے ذکر کیا تھا؟

الیفی: (بے پروائی سے) اچھا وہ ہے! کوئی خاص چیز نہیں تھی اینڈی وہ۔

اینڈی: (چونک کر الیفی کو چھوڑتے ہوئے) کیا، کیا؟

الیفی: (جوش سے) اب میرے پاس تمہیں بتلانے کے لیے اس سے بھی زیادہ حیران کن ت ہے۔

اینڈی: (بڑھتی ہوئی فکرمندی سے) الیفی آخر تمہارا مطلب کیا ہے؟

الیفی: (اس کی آنکھیں چمک رہی ہیں) اینڈی، میں وہ ہیٹ واپس نہیں کر رہی ہوں!

اینڈی: لگ۔ کیا مطلب؟

(صفحہ 155) الیفی: اپنے آپ کو پریشان نہ کرو میری جان (فخریہ) میں اس کی قیمت خود اپنے پاس سے ادا کر رہی ہوں۔ (بند مٹھی میں اس نے دس ڈالر کا ایک نوٹ چھپایا ہوا ہے۔ وہ فتح مندانہ انداز سے نوٹ کھولتی ہے اور اینڈی کے سامنے لہراتی ہے۔) دیکھو، یہ رہے دس ڈالر!

اینڈی: (حیران پریشان) تت ـــ تم نے لگ ـــ کہاں سے لیا ہے یہ نوٹ؟

الیفی: (بشاشت سے) پچھلے دروازے پر جو آدمی آیا تھا، اس سے۔ وہ پرانے کپڑے خرید رہا تھا۔

اینڈی: (دہشت زدہ) لگ ـــ کیا؟

الیفی: (مسرور) مسز ونسلو نے مجھے کچھ پھٹے پرانے کپڑے دیئے تھے ـــ اور وہ میں نے دس ڈالر میں بیچ دیئے۔ اب میں اپنے پیسوں سے ہیٹ خرید سکتی ہوں۔ میں نے تمہیں بتایا تھا نا کہ میں اچھی بھلی سوجھ بوجھ رکھتی ہوں۔ (اینڈی زوردار انداز سے کراہتا ہے اور صوفے پر گر پڑتا ہے) کیا بات ہے اینڈی؟ تمہاری طبیعت تو ٹھیک ہے؟

(لیکن اینڈی دہشت زدہ، خاموش، ایمی کی طرف ٹک دیکھے جاتا ہے۔ پردہ تیزی سے گرتا ہے۔)

ڈبلیو ایس ہفٹن

۱5۔ گھر کا مالک

(صفحہ 156) منظر مثلث کی شکل میں (ہمیں نظر آتا) ہے۔ مسٹر اوونز کے کمرے کی صرف دو دیواریں دکھائی دے رہی ہیں۔ بائیں طرف کی دیوار زیادہ لمبی ہے۔ ناظرین کے قریب ایک کھڑکی ہے جس پر سیاہ پردہ پڑا ہے اور اس کے آگے آتش دان ہے۔ دائیں طرف کی دیوار میں ایک دروازہ ہے جو ہال یا راہداری میں کھلتا ہے۔ انگیٹھی کے قریب ایک آرام کرسی رکھی ہے جس کی پشت ناظرین کی طرف ہے۔ اگر کھڑکی کے پردے ہٹا دیئے جائیں اور سورج کی روشنی اندر آرہی ہو تو کرسی روشنی میں بالکل صاف نظر آئے گی۔ کمرے کے بیچوں بیچ ایک بڑا گول میز اور تین کرسیاں ہیں۔ دروازے کے پرلی طرف (برتنوں وغیرہ کی) ایک الماری رکھی ہے اور (اس کے علاوہ) کمرے میں ایک درازوں والی میز ایک صوفہ اور چند اور کرسیاں بھی ہیں۔

جگہ آرام دہ ہے۔ یہ کمرہ ایک ایسے غیر جذباتی کسان کا ہے جو شہر چلا آیا اور کامیاب رہا ہے۔ وہ ایک ایسا آدمی ہے جس نے اعلیٰ خاندان سے تعلق نہ رکھنے کے باوجود اور دوستوں کی مدد کے بغیر سخت کفایت شعاری اور چھوٹے موٹے کاروبار کے ذریعے اتنا کچھ کما لیا ہے جس سے بڑھاپے میں اس کو دو تین سو پونڈ سالانہ کی آمدنی ہو جاتی ہے۔

یہ موسم خزاں کی ایک شام ہے۔ آگ دھیمی ہے اور چولہے کے پاس گیس تیز روشنی

سے جل رہا ہے۔

(صفحہ 157) مسٹر اوونز بازو والی کرسی میں ناظرین کی طرف پشت کئے ہوئے بیٹھے ہیں۔ ان کا چہرہ نظر نہیں آرہا لیکن ان کی خمیدہ کمر اور سفید بال دیکھے جا سکتے ہیں۔ ایڈی اور مسز اوونز بیٹھے ہوئے روٹی، پنیر اور کافی پر مشتمل رات کا کھانا کھا رہے ہیں۔ مسز اوونز ایک سخت، توانا اور معاملات کو سمجھنے والی پینتیس سالہ عورت ہے۔ ایڈی تئیس سال کی نسبتاً خوش طبع لڑکی ہے۔

ایڈی: (سر سے مسٹر اوونز کی طرف اشارہ کرتے ہوئے) کیا وہ کچھ نہیں کھائیں گے؟

مسز اوونز: وہ؟ (مسٹر اوونز کی طرف سر کو جنبش دیتے ہوئے) نہیں۔ وہ چھ بجے دودھ روٹی کھا چکے ہیں۔ سونے سے پہلے میں انہیں کچھ نہیں دوں گی۔

ایڈی: (گھنٹے کی طرف دیکھتے ہوئے) اب ساڑھے آٹھ بجے ہیں۔

مسز اوونز: وہ کچھ زیادہ نہیں کھاتے۔ بس نرم غذا ہی کھا سکتے ہیں۔ مجھے انہیں بالکل ایک بچے کی طرح کھلانا پڑتا ہے۔ اگر میں اپنے ہاتھ سے نہ کھلاؤں تو وہ سارے کپڑے خراب کر لیتے ہیں۔ (کافی کے جگ کے اندر دیکھتی ہے) کیا تم ذراسی اور کافی لو گی؟ ایک آدمی کے لیے تو اس میں خاصی ہے۔

ایڈی: نہیں، میرا دل نہیں چاہ رہا۔

مسز اوونز: اچھا تو پھر میں ہی اسے ختم کئے دیتی ہوں۔ (وہ کافی انڈیلتی ہے) آج رات میں پنیر کے ساتھ پیاز بھی کھانا چاہتی تھی مگر مسٹر سکرم شاٹران سے ملنے آرہے ہیں (مسٹر اوونز کی طرف سر پیچھے کو جھٹک کر اشارہ کرتی ہے) اور پیاز کی بُو تو سانس میں بس جاتی ہے۔

(صفحہ 158) ایڈی: مسٹر سکرم شاٹر۔ وہی وکیل نا جو "بینک ٹاپ" میں رہتے ہیں؟

مسز اوونز: ہاں۔ وہ (سر جھٹک کے اشارہ کر کے) اپنے کاروباری مسائل کے لیے مسٹر سکرم شائر سے ملنے ان کے دفتر سالیچیسٹر جایا کرتے تھے لیکن اب وہ اتنے بیمار ہیں کہ شہر نہیں جا سکتے اس لیے نوجوان مسٹر سکرم شائر نے کہا تھا کہ وہ خود آج رات یہاں آ کے ان سے مل لیں گے۔

ایڈی: وہ مسٹر اوونز سے کس لیے ملنا چاہتے ہیں؟

مسز اوونز: (پراسرار انداز سے مسکراتے ہوئے) آ—— آہا!

ایڈی: کیا وہ ہماری باتیں سن سکتے ہیں؟

مسز اوونز: سن سکتے ہیں؟ نہیں، اس بات کا کوئی ڈر نہیں۔ وہ تو اتنے بہرے ہو چکے ہیں کہ اگر دنیا ختم ہو رہی ہو اور صورِ اسرافیل پھونکا جا رہا ہو تو بھی وہ وہاں بت بنے بیٹھے رہیں گے۔

ایڈی: (خوشگوار لہجے میں) تو پھر مجھے بتا دیجئے نا!

مسز اوونز: (سر کو پیچھے کی طرف دھکیلتے ہوئے) وہ اپنی وصیت بدلنے والے ہیں، اب آ کے!

ایڈی: قسم سے! فریڈ کو جائے داد سے محروم کر رہے ہیں؟

مسز اوونز: (ہونٹوں کو سختی سے بند کرتے ہوئے) یہ تو میں نہیں کہہ سکتی۔

ایڈی: کیا وہ ساری جائیداد آپ کے نام کر رہے ہیں؟

مسز اوونز: یہ بات بھی نہیں۔ لیکن اگر وہ ایسا کریں تو کیا میں اس بات کی مستحق نہیں؟

(صفحہ 159) ایڈی: پچھلے پانچ سال آپ نے ان کے باعث کافی تکلیف میں گزارے ہیں۔

مسز اوونز: تکلیف؟ خیر، تم یہ بھی کہہ سکتی ہو۔ ذرا سوچو تو سہی، یہی کیا کم ہے کہ میں نے ان سے اس وقت شادی کی جب میری عمر صرف تیس سال تھی اور میں آسانی سے کوئی

بھی نوجوان تلاش کرسکتی تھی جو بخوشی مجھ سے شادی کرلیتا۔

ایڈی: میں نے اسی وقت آپ سے کہا تھا کہ آپ خبطی ہیں۔ بھلا ایک رنڈوے سے شادی کرنے میں کیا تک تھی جبکہ اس کا بیٹا بھی آپ سے عمر میں بڑا تھا۔

مسز اوونز: جب میں نے ان سے شادی کی تو ان کی عمر چھیاسٹھ برس تھی اور اب وہ اکہتر برس کے ہیں۔ وہ (شاید) زیادہ دیر زندہ نہ رہیں گے، اور میں ابھی پینتیس برس کی ہوں۔

ایڈی: میرا خیال تھا کہ وہ بیماری کے پچھلے حملے سے جانبر نہ ہو سکیں گے۔ اب بھی یہی لگتا ہے کہ وہ زیادہ دن نہیں نکالیں گے۔

مسز اوونز: نہیں، ان کا بلاوا آ ہی جائے تو بہتر ہے۔ میرا مطلب ہے کہ ان کے لیے بہتر ہے۔

ایڈی: لیکن دیکھیں تو ان کے لیے بھی یہی بہتر ہے۔

مسز اوونز: اگر میں کہوں کہ میں ان کے لیے کتنا کام کرتی ہوں تو تمہیں یقین نہیں آئے گا کہ مجھے ان کے لیے کیا کیا کرنا پڑتا ہے۔ کپڑے پہنانا اور کپڑے اتارنا اور سیڑھیوں سے انہیں کبھی نیچے اتارنا اور کبھی اوپر لے جانا۔ وہ تو کبھی بھی اپنے کمرے میں پڑے رہنا نہیں چاہتے، یہاں اپنی آرام کرسی میں ضرور بیٹھیں گے۔ کبھی کبھی تو میں ان کی اس حماقت سے اتنا تنگ آجاتی ہوں کہ انہیں زور زور سے جھنجھوڑنے کو جی چاہتا ہے۔

(سامنے والے دروازے پر دستک ہوتی ہے)

(صفحہ ۱۶۵) مسز اوونز: ایڈی جاؤ اور دیکھو کہ کون ہے۔ مسٹر سکرم شائر کے آنے کا وقت تو ابھی بالکل نہیں ہوا۔ شاید یہ ڈاکٹر صاحب ہوں۔ آج وہ ابھی تک نہیں آئے۔ (ایڈی باہر جاتی ہے۔ مسز اوونز اٹھتی ہے اور چولہے کی طرف جاتی ہے اور مسٹر اوونز سے کہتی ہے، اونچی آواز میں) اب تو آپ کو سردی نہیں لگ رہی نا؟

(مسٹر اوونز جواب نہیں دیتے) جب مسٹر سکرم شارٹ آئیں گے تو آپ کو جاگنا ہوگا۔ (آپ ہی آپ بڑبڑاتے ہوئے) پتا نہیں آپ اپنے بستر میں کیوں نہیں ٹکتے۔ یہاں آکر بھی تو آپ سونے کے سوا اور کچھ نہیں کرتے۔

(ایڈی قدرے سہمی ہوئی اندر آتی ہے)

ایڈی: اینی' باہر فریڈ ہے۔

مسز اوونز: فریڈ؟

ایڈی: فریڈ اوونز۔ ان کا بیٹا!

مسز اوونز: وہ کیا چاہتا ہے؟

(فریڈ اوونز ایڈی کے پیچھے پیچھے کمرے میں داخل ہوتا ہے۔ وہ ایک چھتیس سالہ لمبا تڑنگا اور بھاری بھرکم آدمی ہے۔ وہ اُکھڑا اُکھڑا اور ناراض سا، جانگلی سا آدمی ہے مگر ساتھ ہی ساتھ ایک اکھڑ سے انداز میں ممتاز اور وجیہہ بھی ہے۔ اس نے مونچھیں رکھی ہوئی ہیں اور خراب سے دیہاتی کپڑے پہنے ہیں جو خستہ حال لیکن خوش رنگ ہیں۔ اس کی گردن میں ایک رنگین مفلر پڑا ہے اور ہاتھ میں اس نے ایک ٹوپی پکڑ رکھی ہے۔)

فریڈ: خوب' ایک آدمی واپس گھر آئے تو اس سے یہ سلوک کیا جاتا ہے!

مسز اوونز: یہ تمہارا گھر نہیں۔

(صفحہ 161) فریڈ: اینی' میں تم سے ایک بات کہنا چاہتا ہوں (میں معذرت چاہتا ہوں کہ میں نے تمہیں اینی کہہ کر پکارا ہے۔ میں تمہیں 'ماں' کہنے پر اپنے آپ کو کبھی آمادہ نہیں کر سکا۔

مسز اوونز: جب تک تم یہاں سے دور رہتے ہو تو (مجھے پرواہ نہیں کہ) تم جیسے چاہو' مجھے پکارو۔

فریڈ : (مسٹر اوونز کو دیکھتے ہوئے) اچھا تو یہ بھی یہیں ہیں۔

مسز اوونز : یہ تم سے نہیں ملنا چاہتے۔

فریڈ : میرا خیال ہے کہ میں بھی ان سے ملنا نہیں چاہتا ۔ پچھلی بار جب میں آیا تھا تو انہوں نے مجھے دیکھتے ہی دروازہ بند کرلیا تھا۔

مسز اوونز : تو اس میں حیرت کی کیا بات ہے ؟ آخر تم سیدھے جیل سے نکل کر ہی تو آئے تھے۔ تم نے یہ انتظار بھی نہ کیا کہ (منڈے ہوئے) سر پر بال ہی اُگ آئیں (تو یہاں آؤ) ۔ انہوں نے تمہیں بتا دیا تھا کہ وہ تمہیں اب دوبارہ کبھی نہیں دیکھنا چاہتے۔

فریڈ : اینی، تم اب بھی مجھ پر اتنی ہی مہربان ہو جتنی کہ ہمیشہ تھیں۔

مسز اوونز : اب سن رکھو فریڈ اوونز ! یہاں پر میں مالک ہوں۔ اگر تم دو منٹ کے اندر اندر یہاں سے باہر نہ گئے تو میں ایڈی کو پولیس بلوانے کے لیے بھیج دوں گی۔

فریڈ : فضول بات نہ کرو۔ مجھے کھانے کو کچھ دو۔

مسز اوونز : میں نہیں دوں گی۔

فریڈ : میں بھوک کے مارے مرا جا رہا ہوں۔ کل سے میں نے کچھ نہیں کھایا۔

(صفحہ 62) مسز اوونز : مجھے اس سے کوئی سروکار نہیں۔

ایڈی : اینی، انہیں کھانے کے لیے کچھ دے دو۔

مسز اوونز : اونہوں۔

ایڈی : وہ بھوکے ہیں۔ کھانے کے بعد وہ چپ چاپ چلے جائیں گے۔ (مسز اوونز ہچکچاتی ہے) یہ کچھ روٹی اور پنیر ہے۔ لو، دے دو۔

مسز اوونز : (نرم پڑتے ہوئے) یہ لو روٹی اور پنیر، کھالو۔

فریڈ : (طنزیہ شائستگی سے) شکریہ اینی۔

ایڈی : کیا میں انہیں کچھ شراب بھی لا دوں ؟

مسز اوونز: (بادلِ ناخواستہ) اگر تم چاہو، تو۔

فریڈ: ایڈی تم بہت اچھی ہو۔ مجھے شروع سے معلوم تھا کہ جب میرے بوڑھے باپ نے اینی سے شادی کی تھی تو غلط عورت چنی تھی۔

(ایڈی شراب لینے باہر چلی جاتی ہے۔ فریڈ میز کے دائیں طرف کرسی پر بیٹھ جاتا ہے۔)

مسز اوونز: (میز کے بائیں طرف بیٹھتے ہوئے) یاد رکھو، کھانے سے فارغ ہوتے ہی گھر سے نکل جانا۔

فریڈ: (کھاتے ہوئے) تم بالکل میرے باپ کے لہجے میں مجھ سے بات کرتی ہو۔ مجھے لگتا ہے کہ آئندہ مجھے تم کو "ماں" کہنا ہی پڑے گا۔

(صفحہ 163) مسز اوونز: مجھے چرب زبانی مت دکھاؤ۔ چپ چاپ کھانا کھاؤ ورنہ تمہارا باپ جاگ جائے گا اور پھر تم جانتے ہی ہو کہ کتنا جھگڑا ہو گا۔ میں نے تمہیں اندر آنے دیا ہے اور اس کے لیے وہ مجھے کبھی معاف نہیں کرے گا۔

فریڈ: شکریہ محترمہ۔ (ایڈی شراب کا ایک جگ اور ایک گلاس لے کے واپس آتی ہے۔ وہ شراب انڈیلتا ہے۔) والد صاحب، آپ کی صحت کے لیے۔ (وہ پیتا ہے) میں نے سنا ہے کہ کچھ دنوں سے ان کی طبیعت زیادہ ہی خراب ہے۔

مسز اوونز: جب تم پچھلی بار آئے تھے اور تم نے انہیں بتایا تھا کہ تم جیل سے آئے ہو اور انہوں نے تمہیں باہر نکال دیا تھا، تو اس رات انہیں دورہ پڑا تھا اور تب سے ان کی حالت پہلے جیسی نہیں ہو سکی۔

فریڈ: اوہ!

مسز اوونز: ہمارا خیال ہے کہ ان کا ذہن کچھ عرصے کے لیے بالکل ماؤوف ہو گیا تھا۔ نہ وہ ٹھیک طرح سے بات کر سکتے تھے اور نہ اپنے کام کی طرف دھیان دے

سکتے تھے۔ حقیقت میں اب ذرا ان کی حالت سنبھلنا شروع ہوئی ہے کچھ۔

فریڈ : وہ بھی کتنے خوش نصیب ہیں کہ انہیں اتنی مہربان بیوی ملی ہے جو ان کی دیکھ بھال کر رہی ہے۔

مسز اوونز: تم جلدی کرو اور یہاں سے چلے جاؤ۔

(وہ اٹھتی ہے)

فریڈ : میں چاہتا ہوں کہ میرے جانے سے پہلے تم میرے لیے ایک کام اور کر دو۔

مسز اوونز : کیا کام ؟ (فریڈ مسکراتا ہے) جان لو کہ اب تمہیں مجھ سے اور کچھ نہیں ملے گا۔

فریڈ : تم مجھے کچھ روپے دو۔ دو گی نا ؟

(صفحہ 164) مسز اوونز : ایک پنس بھی نہیں (ملے گا)۔

فریڈ : دے دو نا ــــ ماں۔

مسز اوونز : ایک پنس بھی نہیں، سنا تم نے ؟ ہمارے پاس ضائع کرنے کے لیے کوئی رقم نہیں ہے۔

فریڈ : تو پھر مجھے کچھ قرض دے دو۔

مسز اوونز : قرض، اور وہ بھی تمہیں ؟

فریڈ : میں واپس کر دوں گا تمہیں۔

مسز اوونز : تم کبھی بھی واپس کرنے کے قابل نہ ہو سکو گے۔

فریڈ : کبھی تو ہو جاؤں گا ان کے رخصت ہونے کے بعد ! (مسٹر اوونز کی طرف سر سے اشارہ کرتے ہوئے)

مسز اوونز : (سنجیدگی سے مسکراتے ہوئے) میں نہیں مانتی۔

(فریڈ خاموشی سے اس کی طرف دیکھتا ہے اور پلیٹ پرے دھکیل دیتا ہے)

فریڈ: کیا مطلب؟ کیا انہوں نے مجھے محروم کر دیا ہے؟

مسز اوونز: تم ہو اور کس بات کے مستحق؟

فریڈ: کیا وہ مجھے کچھ بھی نہ دیں گے؟

مسز اوونز: مجھے نہیں پتا کہ انہوں نے کیا کیا ہے؟

فریڈ: (غصے میں) کیا انہوں نے اپنی وصیت بدل دی ہے؟
(وہ اٹھتا ہے)

(صفحہ 165) مسز اوونز: (چونک کر) بیٹھ جاؤ۔ انہوں نے وصیت تبدیل نہیں کی۔

فریڈ: (پرسکون ہو کے' دوبارہ بیٹھتے ہوئے) اچھا تب تو کچھ نہ کچھ (ضرور) ملے گا۔ انہوں نے سب کچھ میرے اور تمہارے درمیان تقسیم کر دیا نا' روپیہ بھی اور مکانات بھی۔

مسز اوونز: میرا خیال ہے کہ انہوں نے ایسا ہی کیا ہے۔

فریڈ: اچھا' ذرا سنو۔ (وہ کرسی پر پیچھے کی طرف ٹیک لگا لیتا ہے اور پتلون کی خالی جیبیں باہر نکال دیتا ہے) بس' یہی کچھ ہے میری کل دنیا! اگر مجھے تم دس پونڈ ادھار دے دو تو میں بہت عرصے تک تمہیں دوبارہ زحمت نہیں دوں گا۔

مسز اوونز: تم آخر کوئی کام وام کیوں نہیں کرتے؟

فریڈ: میں نے کوشش تو کی ہے۔

مسز اوونز: کوشش تو کی ہے! (میں کہتی ہوں کہ) تم کام کرنا ہی نہیں چاہتے!

فریڈ: کام حاصل کرنا اتنا آسان نہیں جتنا کہ تم سمجھتی ہو۔

مسز اوونز: تم کہاں کوشش کرتے رہے ہو؟

فریڈ: سائیکیٹرسٹ میں۔

مسز اوونز: تم ان بے روزگاروں کے جلسوں میں جاتے رہے ہو؟

فریڈ: ہاں، میں نے ان جلسوں میں تقریریں بھی کی ہیں۔

(صفحہ 166) مسز اوونز: میرا بھی یہی خیال تھا کہ تم بس یہی کام کر سکتے ہو۔ تم کھانا کھا چکے ہو؟

فریڈ: (کرسی سے ٹیک لگاتے ہوئے) ہاں، کھا چکا ہوں۔

مسز اوونز: تو بہتر ہے چلتے پھرتے نظر آؤ۔

فریڈ: ماں، تم اپنی زبان خاصی آزادی سے استعمال کرتی ہو۔ فرض کرو کہ میں کہہ دوں کہ میں نہیں جاؤں گا؟

مسز اوونز: تو میں تمہیں باہر نکلوا دوں گی۔ اس گھر میں مالک و مختار میں ہوں!

فریڈ: (مسٹر اوونز کی طرف سر سے اشارہ کرتے ہوئے) ان کے متعلق کیا خیال ہے؟ میرا خیال تھا کہ گھر کے مالک وہ ہیں۔

مسز اوونز: تب تو تمہارا خیال غلط تھا۔ تاہم اگر تم چاہو، تو انہیں جگا لو اور دیکھ لو کہ وہ کیا کہتے ہیں۔

فریڈ: میں جانتا ہوں کہ وہ کیا کہیں گے۔ (اٹھ کر مسٹر اوونز کی طرف جاتے ہوئے) ہاں، آپ میرے لیے بہت اچھے باپ ثابت ہوئے ہیں۔

مسز اوونز: تم بھی تو بہت اچھے بیٹے ثابت ہوئے ہو، ہیں نا؟

فریڈ: (بات غور سے سنتے ہوئے) جب مجھے آپ کی مدد کی ضرورت تھی تو آپ نے مجھے گھر سے نکال دیا۔ آپ مجھ سے نفرت کرتے ہیں نا۔ خیر، میں بھی آپ سے محبت نہیں کرتا۔

مسز اوونز: کیا تم جا رہے ہو؟

فریڈ: میں جارہا ہوں۔ (دروازے کی جانب بڑھتا ہے) مجھے کچھ رقم دے دو۔
(صفحہ 167) مسز اوونز: ایک پنس بھی نہیں دوں گی۔
(صدر دروازے پر دستک ہوتی ہے۔ ایڈی با ہر جاتی ہے۔)
مسز اوونز: اُفوہ! یہ لو مسٹر سکرم شائر بھی آگئے اور میں ابھی تیار نہیں ہوئی۔ یہ سب تمہارا قصور ہے۔
فریڈ: خیر۔ میں تو جا ہی رہا ہوں۔ یہ کون صاحب آرہے ہیں؟
مسز اوونز: کوئی صاحب تمہارے باپ سے کاروباری سلسلے میں ملنے آرہے ہیں۔
(ایڈی اندر آتی ہے)
ایڈی: اینی، مسٹر سکرم شائر آگئے ہیں۔
(مسٹر سکرم شائر ایک ستائیس سالہ خوش پوش نوجوان ہیں اور وہ تیزی سے اندر آتے ہیں۔ وہ بڑے سکرم شائر کے بیٹے اور حصے دار ہیں جو مسٹر اوونز کے قانونی مشیر [یا وکیل] ہیں۔)
مسٹر سکرم شائر: شام بخیر، مسز اوونز۔
مسز اوونز: شام بخیر مسٹر سکرم شائر۔
مسٹر سکرم شائر: آپ تو جانتی ہیں کہ میرے والد کی عمر اب زیادہ ہوگئی ہے اور دفتر سے گھر جانے کے بعد وہ پھر باہر نکلنا پسند نہیں کرتے۔ اور چونکہ مسٹر اوونز بھی اتنے بیمار ہیں کہ وہ دفتر نہیں آسکتے، اس لیے میرے والد نے سوچا کہ مسٹر اوونز برا نہ مانیں تو مجھے ہدایات دے دیں۔
مسز اوونز: اوہ، یقیناً مسٹر سکرم شائر۔ میں آپ کے لیے یہاں جگہ بناتی ہوں۔
(صفحہ 168) (وہ میز کے ایک کنارے پر سے چیزیں ہٹا دیتی ہے اور مسٹر سکرم شائر کے لیے ایک کرسی رکھ دیتی ہے جس کا رخ ناظرین کی جانب ہے)

مسٹر سکرم شائر: (مسٹر اوونز کی طرف دیکھتے ہوئے) اچھا تو بڑے میاں ذرا سو رہے ہیں۔ انہیں جگانا کچھ اچھا نہیں لگ رہا۔ (کرسی پر بیٹھ جاتا ہے) شکریہ۔

مسز اوونز: ان کے لیے اچھا ہے۔ وہ سارا دن اونگھتے رہتے ہیں۔ (فریڈ سے مخاطب ہو کر، جو دروازے کے پاس کھڑا ہے) تم اب کس بات کے انتظار میں ہو؟

مسٹر سکرم شائر: (مڑتے ہوئے) ہیلو۔ تم فریڈ اوونز ہو، ہیں نا؟

فریڈ: جی ہاں، جناب۔

مسٹر سکرم شائر: میں نے کافی عرصے سے تمہیں بستی میں نہیں دیکھا۔ کیا تم کہیں باہر گئے ہوئے تھے؟

فریڈ: جی ہاں۔

مسٹر سکرم شائر: آج کل کیا کر رہے ہو تم؟

فریڈ: فی الحال تو میں کچھ بھی نہیں کر رہا، جناب۔

مسٹر سکرم شائر: اوہ تو تم بے روزگار ہو؟ مجھے افسوس ہے؟

فریڈ: کیا آپ میرا نام ان کی وصیت میں سے کاٹنے آئے ہیں؟

(مسٹر اوونز کی طرف سر سے اشارہ کرتا ہے۔)

مسٹر سکرم شائر: نام کاٹنے؟ —— یہ تم کیا بات کر رہے ہو!

(صفحہ ۱۶۹) فریڈ: آپ ان کی وصیت بدلنے کے لیے آئے ہیں؟

مسٹر سکرم شائر: (کندھے اچکاتے ہوئے اور مسز اوونز کی طرف بھنویں اوپر کو اٹھا کر دیکھتے ہوئے) مسز اوونز —— وہ —— آپ کے شوہر مجھ سے علیحدگی میں ملنا چاہتے ہیں۔ ہیں جی؟

فریڈ: (مسز اوونز سے) مجھے بتاؤ کیا یہ صاحب میرے باپ کی وصیت بدلنے کے لیے آئے ہیں؟

مسز اوونز: ہاں، اسی لیے آئے ہیں!

مسٹر سکرم شائر: (احتجاجاً انداز سے) سچ مچ!

فریڈ: کیا یہ میرا نام بالکل ہی کاٹنے والے ہیں؟ (مسٹر سکرم شائر سے) کیا آپ میرا نام کاٹنے والے ہیں؟

مسٹر سکرم شائر: احمق نہ بنو، اوونز۔ چونکہ مسز اوونز نے تمہیں بتا ہی دیا ہے، اس لیے میں بھی یہ کہنے میں کوئی حرج نہیں سمجھتا کہ میں یہاں تمہارے والد سے نئی وصیت کے بارے میں ہدایات ہی لینے آیا ہوں۔ مجھے معلوم نہیں، ہو سکتا ہے کہ جیسے تم کہتے ہو، وہ تمہارا نام کاٹ ہی رہے ہوں۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ وہ سارا کچھ تمہارے نام چھوڑ کر جا رہے ہوں۔ یا پھر کنٹربری کے آرک بشپ کے نام چھوڑ کے جا رہے ہوں، مجھے ذرا بھی اندازہ نہیں کہ وہ کیا کرنے والے ہیں۔ اور اگر مجھے پتا ہوتا بھی تو میں تمہیں پھر بھی نہ بتاتا۔

فریڈ: (مسٹر اوونز کی طرف جاتے ہوئے) بوڑھے شیطان! تم میرا نام کاٹ ڈالنا چاہتے ہو؟ (وہ اس کی طرف مکہ لہراتا ہے۔) لعنت ہو تم پر!

مسز اوونز: (فریڈ کو پکڑتے ہوئے) تم اسے تنہا چھوڑ دو!

مسٹر سکرم شائر: (اٹھتے ہوئے) مسز اوونز۔ اگر میں آپ کے شوہر سے علیحدگی میں بات چیت نہیں کر سکتا تو پھر یہاں میرے وقت ضائع کرنے کا (صفحہ ۱۷۵) کوئی فائدہ نہیں۔ (وہ کاغذات اپنی جیب میں رکھتا ہے۔)

(باہر کے دروازے پر دستک ہوتی ہے۔ ایڈی دوڑ کر باہر جاتی ہے)

فریڈ: (مسٹر سکرم شائر سے مخاطب ہے) ٹھیک ہے مسٹر سکرم شائر آپ کو پریشان ہونے کی کوئی ضرورت نہیں۔ میں تو جا رہا ہوں۔

مسٹر سکرم شائر: ٹھیک ہے اوونز، مجھے خوشی ہے کہ تم حماقت کا مظاہرہ نہیں کر رہے۔ دیکھو، اگلے ہفتے کسی دن دفتر اگر مجھے مل لینا۔ میں کوشش کروں گا کہ تمہارے لیے کسی کام

کا بندوبست کرسکوں۔

فریڈ: بہت مہربانی آپ کی۔ لیکن آپ مجھے اس قسم کی پیش کش کیوں کر رہے ہیں؟

مسٹر سکرم شائر: آخر کسی دن تم بھی تو ہمارے مؤکل بن سکتے ہو۔

(ایڈہی ڈاکٹر جیلی کو کے ساتھ اندر آتی ہے جو ایک چالیس سالہ تنومند اور ہشاش بشاش آدمی ہیں۔)

ڈاکٹر جیلی کو: شام بخیر، مسز اوونز۔ (وہ فریڈ کی جانب دیکھتا ہے مگر وہ اسے نہیں جانتا۔ وہ مسٹر سکرم شائر سے بات کرتا ہے۔) ہیلو جمی، تم یہاں کیا کر رہے ہو؟ (جواب کا انتظار کئے بغیر) مجھے بہت ہی زیادہ دیر ہوگئی ہے۔ اصل میں مجھے نوجوان بیگم ایمور کو دیکھنے ویز فرڈ جانا پڑ گیا تھا۔ فوری توجہ کی ضرورت تھی مگر خیر، سب کچھ ٹھیک ٹھاک ہوگیا۔ اچھا لڑکا ہوا ہے۔ اسی وجہ سے مجھے آنے میں دیر ہوگئی۔ خیر اب اس کا کیا علاج؟ یہ باتیں تو بہت قاعدے قرینے والے گھرانوں میں بھی ہو جاتی ہیں۔

مسز اوونز: ڈاکٹر، اگر یہ باتیں نہ ہوں تو پھر ہم لوگوں کا کیا بنے؟

(صفحہ ۱۷۱) ڈاکٹر جیلی کو: بالکل، بالکل! ہاں، مریض کا کیا حال ہے؟

مسز اوونز: آج تو کچھ اچھا نہیں رہا، ڈاکٹر!

ڈاکٹر جیلی کو: اچھا، تو سو رہے ہیں! میں ذرا ایک نظر انہیں دیکھ لوں۔ مسٹر سکرم شائر، میں بس ایک منٹ لوں گا۔

مسٹر سکرم شائر: میرے لیے جلدی نہ کرو، عزیز دوست۔

(ڈاکٹر جیلی کو میز کے آگے سے گزرتے ہوئے مسٹر اوونز کی پشت کی طرف سے اس کی جانب بڑھتا ہے۔)

ڈاکٹر جیلی کو: (خاصی اونچی آواز میں) شام بخیر، مسٹر اوونز۔ (وہ اس کے کاندھے کو آہستگی سے بجاتا ہے)، جناب، ذرا جاگ جائیے اور مجھے معائنہ کرنے دیجئے۔

(ڈاکٹر جیلی کو ایک قدم اٹھاتا ہے اور پھر مسٹر اوونز کو دیکھنے کے لیے مڑتا ہے اور اب اس کا چہرہ ناظرین کے سامنے ہے۔ جس لمحے وہ مسٹر اوونز کے چہرے کو دیکھتا ہے' اس لمحے اس کا اپنا چہرہ تبدیل ہو جاتا ہے اور اس پر حیرت اور خوف کے تاثرات صاف نظر آنے لگتے ہیں۔ وہ گھبرا کر پیچھے ہٹ جاتا ہے۔)

ڈاکٹر جیلی کو: (بدلے ہوئے لہجے میں) یہ کتنی دیر سے اِس طرح بیٹھے ہیں؟

(وہ سب ڈاکٹر کے لہجے سے چونک پڑے ہیں)

مسز اوونز: کک ـــــ کس طرح ڈاکٹر؟

(صفحہ 172) (بغیر جواب دیئے ڈاکٹر مسٹر اوونز کی کلائی پکڑتا ہے' نبض دیکھتا ہے اور دل پر ہاتھ رکھتا ہے۔ پھر وہ سیدھا کھڑا ہوتا ہے اور دوسروں کی طرف دیکھنے لگتا ہے۔)

مسز اوونز: کیا بات ہے ڈاکٹر؟

ڈاکٹر جیلی کو: (آہستہ سے) مسٹر اوونز مر چکے ہیں۔

(وہ سب مبہوت ہو کر ڈاکٹر کی جانب دیکھنے لگتے ہیں۔)

فریڈ: (دھیمی مگر بھاری آواز میں) مر چکے ہیں!

مسٹر سکرم شائر: (سرگوشی میں) اوہ خدایا!

(تھوڑا سا خاموشی کا وقفہ۔ مسز اوونز کے منہ سے ہلکی ہلکی سِسکی نکلتی ہے اور وہ میز کے بائیں جانب والی کرسی پر گر کر بڑے دکھ سے سسکنے اور رونے لگتی ہے۔ جلدی ہی وہ آہستہ اور دَبے دَبے انداز میں رونے لگتی ہے۔ اس کا سر اس کے بازوؤں میں چھپا ہوا ہے۔ ایڈی اسے خاموش کراتی ہے۔ فریڈ دروازے کے پاس ایک کرسی پر بیٹھ جاتا ہے۔ وہ مبہوت ہے۔ مسٹر سکرم شائر آہستہ سے آگے چل کر مسٹر اوونز پر نظر ڈالتے ہیں اور پھر ڈاکٹر کے پاس کھڑے ہو جاتے ہیں۔)

مسٹر سکرم شائر: جیلی کو، یہ تو بہت افسوسناک بات ہے۔

ڈاکٹر جیلی کو: انہیں مرے ہوئے دو تین گھنٹے ہو چکے ہیں۔

مسٹر سکرم شائر: واقعی! کتنی غیر معمولی بات ہے! کیا ان کی موت کی تحقیق کی ضرورت ہے؟

(صفحہ 173) ڈاکٹر جیلی کو: نہیں۔ میں ان کا علاج کر رہا تھا اور مجھے معلوم تھا کہ ایک دن ایسا ہونے والا ہے۔

مسٹر سکرم شائر: پھر بھی، یہ بات اچانک ہی ہو گئی۔ مجھے تو عجیب سا لگ رہا ہے۔

ڈاکٹر جیلی کو: میرا خیال ہے کہ اب آپ کو یہاں کوئی بھی کام نہیں۔

مسٹر سکرم شائر: نہیں۔ لیکن کم از کم میں نوجوان اوونز سے تو بات کر لوں اور پوچھ لوں کہ میں ان کے لیے کیا کر سکتا ہوں۔

ڈاکٹر جیلی کو: مجھے ایک اور مریض کو دیکھنے جانا ہے۔ (اپنی گھڑی دیکھتے ہوئے) جب یہاں سے فارغ ہو چکیں تو میری طرف آ جائیے گا، کچھ کھانا وانا کھائیں گے اور برِج کھیلیں گے۔

مسٹر سکرم شائر: میں آ جاؤں گا۔ بہت بہت شکریہ۔

(مسٹر سکرم شائر میز کی طرف واپس جاتا ہے اور چند کاغذات کا مطالعہ کرتا ہے)

ڈاکٹر جیلی کو: (مسز اوونز کے کندھے کو چھو کے) بس، بس، آپ کو اس طرح نہیں رونا چاہیئے۔ آپ جانتی ہیں کہ ان کی موت متوقع تو تھی۔ ہمیں پہلے ہی سے یہ اندیشہ تھا۔

مسز اوونز: (رندھے ہوئے لہجے میں) ہاں۔

ڈاکٹر جیلی کو: میرا خیال ہے کہ انہیں کسی دیوان یا بستر پر لٹا دینا چاہیئے تاکہ تمام ضروری انتظامات کیے جا سکیں ــــ آپ کو پتا ہے کہ کِسے بلانا ہے؟

مسز اوونز: (نفی میں سر ہلاتے ہوئے) نہیں۔

(صفحہ 174) ڈاکٹر جیلی کو : میں ایک پتا دے دیتا ہوں۔ بہت معقول عورت ہے۔

(وہ ایک لفافے کی پشت پر ایک پتا لکھتا ہے اور اسے میز پر رکھ دیتا ہے)

مسز اوونز : (مسٹر اوونز کی شکل کی طرف دیکھتے ہوئے) ایڈی، کچھ لاؤ، کوئی چیز ان کے اوپر ڈالنے کے لیے۔

(ایڈی باہر چلی جاتی ہے۔)

ڈاکٹر جیلی کو : اچھا، تو ٹھیک ہے۔ میں صبح پھر آپ سے ملنے آؤں گا۔ پہلا کام یہی کروں گا۔ خدا حافظ عزیز مسز اوونز، خدا حافظ۔ مجھے بے حد افسوس ہے۔ (مسٹر سکرم شائر کے پاس سے گزرتے ہوئے) دیر نہ لگانا۔

مسٹر سکرم شائر : (نرمی سے، فریڈ سے) وہ ــ مسٹر اوونز!

فریڈ : (اٹھتے ہوئے) جی؟ (میز کی طرف کے دائیں جانب کی کرسی پر بیٹھتے ہوئے)۔ کیا اب معاملہ ختم ہو گیا ہے جناب؟

مسٹر سکرم شائر : ہاں، اب پرانی وصیت ہی چلے گی، وہ وصیت جسے وہ منسوخ کرنا چاہتے تھے۔ (مسز اوونز سیدھی ہو کر بیٹھ جاتی ہیں اور ان کی بات چیت دھیان سے سنتی ہیں۔) میرا خیال ہے کہ آپ اس وصیت کی تفصیلات سے واقف ہیں؟

فریڈ : میں جانتا ہوں کہ انھوں نے سب کچھ ان کے اور میرے درمیان (برابر) تقسیم کیا تھا۔

(صفحہ 175) مسٹر سکرم شائر : تقریباً ایسا ہی ہے۔ اور میرے خیال میں اس سے زیادہ منصفانہ تقسیم اور کوئی ہو بھی نہیں سکتی تھی۔ (ایڈی ایک سفید چادر لے کے اندر آتی ہے۔ وہ نرمی سے اسے مسٹر اوونز کی لاش پر ڈال دیتی ہے۔ یہ چادر مسٹر اوونز کے جسم کو کفن کی مانند ڈھانپ لیتی ہے۔ سب لوگ خاموشی سے یہ کارروائی دیکھتے ہیں۔ پھر مسٹر سکرم شائر ایک کاغذ کو دیکھتے ہوئے بات چیت جاری رکھتا ہے۔) مسٹر اوونز۔ انھوں

نے یہ مکان اور ساتھ والا مکان آپ کے لیے چھوڑا ہے۔ بیگم صاحبہ، ہاتھورن گلی والے دو مکان آپ کے نام ہیں۔ حصص وغیرہ میں لگا ہوا سرمایہ دو برابر حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ مسز اوونز، آپ کا حصّہ صرف زندگی بھر کے لیے ہے۔ آپ کے انتقال یا دوسری شادی کی صورت میں وہ بھی مسٹر فریڈ کو مل جائے گا۔

مسز اوونز: (سسکی بھرتے ہوئے) ہُوں۔

مسٹر سکرم شائر: میں اس وصیت کے کچھ مختصرات لکھ کر ساتھ لے آیا تھا تاکہ مسٹر اوونز سے مشورہ کرنے میں آسانی ہو جس کا کہ ___ موقع ہی نہیں آیا۔ (مسٹر سکرم شائر اپنے کاغذات جمع کرتے ہوئے اٹھتا ہے۔) بس۔ میری بات ختم ہو گئی ہے۔ اب میں اور زیادہ زحمت نہیں دوں گا۔ مجھے افسوس ہوا ہے۔ بہت افسوسناک حادثہ ہے یہ۔ (دروازے کی طرف جاتا ہے۔) اور ___ مسٹر اوونز۔ شاید آپ ایک آدھ دن میں دفتر آئیں گے۔ ہم نے خاصے سالوں تک آپ کے والد کے معاملات کی دیکھ بھال کی ہے۔ اگر آپ بھی ہمیں خدمت کا موقع دیں گے تو ہمیں خوشی ہوگی۔

(صفحہ 176) فریڈ: شکریہ جناب، میرا خیال ہے کہ میں آؤں گا۔

(ایڈی مسٹر سکرم شائر کو رخصت کرنے جاتی ہے۔)

(کچھ عرصہ خاموشی طاری رہتی ہے۔ مسز اوونز فریڈ کی طرف دیکھتی ہے۔)

مسز اوونز: اور اب تو شاید تم چلے جاؤ گے۔ اور مجھے میرے دکھ کے ساتھ اکیلا چھوڑ دو گے۔

فریڈ: میں یہاں سے ہلنے والا نہیں۔

مسز اوونز: ان کی یہ خواہش تھی کہ تم اس گھر میں نہ رہو۔ بہر حال میں دیکھوں گی کہ یہ خواہش پوری ہو۔

فریڈ: تم ایک بات بھول رہی ہو ماں۔

مسز اوونز: وہ کیا؟

(ایڈی واپس آجاتی ہے۔)

فریڈ: یہ مکان اب میرا ہے۔ انہوں نے اپنی وصیت میں یہ مجھے دیا ہے۔ (مسز اوونز سیدھی ہو کر بیٹھ جاتی ہے اور اسے گھورتی ہے۔) اب تم اس گھر کی مالک نہیں ہو اور نہ ہی وہ ہیں۔ اب اس مکان کی مالک میں ہوں۔ یہاں سے مجھے نہیں، بلکہ اب تمہیں نکلنا ہو گا۔

مسز اوونز: مجھے!

ایڈی: فریڈ، تم آج رات تو انہیں نہیں نکالو گے نا؟

فریڈ: میں ضرور نکالوں گا!

مسز اوونز: میں نہیں جاؤں گی۔

فریڈ: اگر نہیں جاؤ گی تو میں تمہیں خود باہر نکال دوں گا۔

(صفحہ ۱۷۷) مسز اوونز: تم یہ جرأت نہیں کر سکتے۔

فریڈ: میں بڑے شوق سے یہ جرأت کروں گا۔

(مسز اوونز ایک لمحے کو متذبذب سی رہتی ہے۔ پھر جذبات سے مغلوب ہو جاتی ہے۔)

مسز اوونز: اوہ! میں آج رات نہیں جا سکتی۔ ابھی ابھی میں ایڈی سے کہہ رہی تھی کہ ان کی دیکھ بھال کرنا کتنا پریشان کن ہے۔ ہائے، مجھے کیا پتا تھا کہ وہ مجھے اور پریشان نہیں کریں گے۔ (التجا کرتے ہوئے) فریڈ۔

فریڈ: (متاثر نہیں ہے) اپنا ہیٹ اور کوٹ اٹھاؤ اور چلتی پھرتی نظر آؤ۔

مسز اوونز: اب میں کیا کروں، ایڈی؟

ایڈی: بہتر ہے کہ اگر وہ یہی کرنے پر تلا ہوا ہے تو آج کی رات میرے ہاں

گزار لو!

فریڈ: ہاں، میں یہی کرنے پر تلا ہوا ہوں۔

(مسز اوونز اپنی آنکھیں خشک کرتی ہے اور پھر اٹھ کر کھڑی ہو جاتی ہے۔)

مسز اوونز: تمہیں ان کے مرنے سے خوشی ہوئی ہے نا۔ (وہ باہر نکل جاتی ہے۔)

فریڈ: نہیں۔ حالانکہ وہ بہت سخت آدمی تھے اور میرے ساتھ ان کا سلوک بھی سخت تھا۔ کاش، میں نے تھوڑی دیر پہلے یہاں کھڑے ہو کر ان پر لعنت نہ بھیجی ہوتی!

ایڈی: (اس کی طرف مڑتے ہوئے) فریڈ اوونز، تمہیں اپنے آپ سے شرم آنی چاہیئے میں نے پہلے کبھی ایسا نہیں سنا۔ کیا تم ایک بیوی کو اس کے شوہر کا جسم ٹھنڈا ہونے سے پہلے ہی گھر سے نکال دو گے؟

(صفحہ 178) فریڈ: (ناراضگی سے) وہ بھی تو مجھے گھر سے نکال رہی تھیں نا؟

ایڈی: تم تو اس کے مزاج سے واقف ہو مگر میں تمہیں اس سے بہتر سمجھتی تھی۔ جو کچھ تم کر رہے ہو وہ تو کوئی عیسائی بھی نہیں کر سکتا۔ (مسز اوونز کوٹ اور بونیٹ (سر کا بڑا سا ٹوپی نما رومال) پہن کر واپس آجاتی ہے۔) فریڈ، انہیں آج رات تو یہاں رہنے دو۔ یاد رکھو کہ آخر تو وہ تمہارے باپ کی بیوی ہیں۔

فریڈ: اسی لیے تو میں انہیں نکال رہا ہوں۔ (ٹہلتے ہوئے مسٹر اوونز کے پاس جاتا ہے اور ان (کی لاش) سے کہتا ہے۔) میں تمہیں دکھاؤں گا کہ گھر کا مالک اب کون ہے!

مسز اوونز: ایڈی، ان سے بات کرنے کا اب کوئی فائدہ نہیں ہے۔ اب میں اس مکان میں بالکل بھی نہ رکوں گی چاہے وہ گھٹنوں کے بل جھک کر بھی کیوں نہ التجا کرے۔ آ جاؤ۔ (ایڈی باہر چلی جاتی ہے۔) شب بخیر فریڈ اوونز۔ تم اس گھر کے مالک ہو اور خدا کرے کہ تم اس آدمی کی صحبت میں خوشگوار رات بسر کرو جس پر تم نے اس وقت لعنت بھیجی تھی جب وہ اپنی کرسی پر مرا ہوا پڑا تھا۔ (مسز اوونز باہر چلی جاتی ہے۔)

(سامنے کا دروازہ "کھڑاک" سے بند ہوتا ہے۔ فریڈ جھرجھری لیتا ہے اور میز کے سامنے جاکر اس کے کنارے پر بیٹھ جاتا ہے۔ وہ آہستگی سے ہنسنے لگتا ہے۔)

فریڈ: کتنی خوشگوار رات ہے! کیوں نہ میں لطف اٹھاؤں؟ (مسٹر اوونز سے) تم تو میرے کام میں دخل نہیں دے سکتے۔ میں تم سے نہیں ڈر رہا۔ بھلا ڈرنے کی کیا وجہ؟ (وہ خوفزدہ ہوکر چاروں سمت دیکھتا ہے اور اس کی نگاہیں پھر مسٹر اوونز کی شکل پر جم جاتی ہیں) اب تم مجھے گھر سے نہیں نکال سکتے۔ اب میں یہاں کا مالک و مختار ہوں۔ (لاش کوئی توجہ نہیں دیتی۔ فریڈ کو پھر جھرجھری آجاتی ہے۔) میں کنگز آرمز" جاؤں گا اور ایک جام پیوں گا۔ (صفحہ 179) وہاں انسانوں کی صحبت تو ہوگی۔ (مسٹر اوونز سے، جلدی جلدی) لیکن یاد رکھو کہ میں رات گزارنے کے لیے ضرور واپس آؤں گا۔ تم مجھے گھر سے نکالو گے نہیں۔ (وہ گیس کی طرف جاتا ہے اور اسے بجھا دیتا ہے جس سے کمرہ بالکل تاریک ہو جاتا ہے۔ وہ راستہ ٹٹولتا ہوا دروازے تک جاتا ہے اور وہاں ٹھٹک جاتا ہے۔) میرے پاس پیسے تو ہیں نہیں۔ (سوچتا ہے۔) گھر میں اس طرف والی الماری کی دراز میں ہمیشہ کچھ نہ کچھ رقم رکھی رہا کرتی تھی۔ (وہ بالکل دائیں طرف رکھی الماری کی طرف راستہ ٹٹولتے ہوئے جاتا ہے اور ایک کرسی سے ٹکرا جاتا ہے۔) کچھ بھی تو نظر نہیں آرہا اور میرے پاس دیا سلائی بھی نہیں ہے۔ ایک منٹ۔ (وہ کھڑکی کی طرف جاتا ہے اور پردہ ہٹا دیتا ہے۔ چاند کی روشن چاندنی اندر آجاتی ہے۔ وہ الماری کی طرف بڑھتا ہے اور بہ آسانی دراز تلاش کرلیتا ہے۔ اسے کھولتا ہے اور اس کی تلاشی لیتا ہے لیکن رقم نہیں ملتی۔ وہ ایک گلک اٹھاتا ہے اور اسے اچھی طرح دیکھنے کے لیے کھڑکی کی طرف مڑتا ہے۔ جونہی وہ مڑتا ہے، وہ مسٹر اوونز کی خاموش لاش کے عین سامنے آجاتا ہے جو سفید کفن میں لپٹی ہوئی کرسی پر اکڑی پڑی ہے اور چاند کی روشنی میں بہت بھیانک نظر آرہی ہے۔ فریڈ کے منہ سے اچانک ایک گالی نکلتی ہے اور وہ ڈر کر پیچھے ہٹ جاتا ہے۔ اس کے ہاتھ سے

گلک گر پڑتی ہے۔) تم مجھے نہیں ڈرا سکتے۔ سن لو کہ تم مجھے باہر نہیں نکالو گے۔ میں اس گھر کا مالک ہوں۔ (وہ میز کے کنارے پر بیٹھ جاتا ہے اور کافی دیر تک لاش کو دیکھتا رہتا ہے۔ پھر وہ دھیمی گھبرائی ہوئی آواز میں کہتا ہے۔) اس طرح سے میری طرف مت دیکھو۔ مت دیکھو اس طرح سے میری طرف! جب میں نے تم پر لعنت بھیجی تھی تو مجھے پتا نہیں تھا کہ تم مر چکے ہو۔ (خاموشی کا وقفہ۔ وہ کانپنے لگتا ہے اور اپنا چہرہ ہاتھوں میں چھپا لیتا ہے۔) خدایا! میں یہ برداشت نہیں کر سکتا!

(وہ چپکے سے دبے پاؤں کمرے سے باہر چلا جاتا ہے۔ مسٹر اوونز چاندنی میں اپنے کفن میں ملبوس اپنی کرسی پر بیٹھے ہیں۔ وہی اس گھر کے مالک ہیں۔ باہر کا دروازہ بند ہونے کی آواز آتی ہے۔)

پردہ بہت ہی آہستہ آہستہ گرتا ہے۔

ختم شد

